
مجموعہ

اعمال رضا



فہرست مجموعہ اعمال رضا دوم

الحمد للہ الودود الذی جعل المحبۃ اصل الایمان واذاق المحبین من تسنیم القرب وروائح الرضوان والصلوٰۃ والسلام علی السید المتبوع الذی امر بحبۃ جمیع الانس والجان وعلی اٰلہ واصحٰبہ الذین بذلوا نفوسھم فی مرضاتہ فرضی اللہ تعالیٰ عنھم مادام الملوان ۔

امابعد اللہ تعالیٰ کا بے پایاں کرم واحسان ہے کہ سرکار اعلیٰ حضرت عظیم البرکت شیخ الاسلام والمسلمین، فاضل بریلوی قدس سرہٗ کے مجموعۂ اعمال کا حصّہ اول طبع ہو کر مقبول خواص وعوام ہوا اور اہل علم واحباب نے پسند فرمایا اور اس پر زور دیا کہ مجموعہ اعمال کے باقی اعمال کو بھی منظر عام پر لایا جائے تاکہ خواص وعوام فائدہ اٹھائیں اور یہ جواہرات محفوظ ہو جائیں ورنہ ضائع ہونے کا قوی اندیشہ ہے بنا بریں یہ ارادہ مستحکم ہو گیا کہ مجموعہ اعمال کی مکمل اشاعت کردی جائے نیز خاندان قادریہ برکاتیہ کے مجرب اعمال جو دوسری کتابوں میں ہیں ان کو بھی اسی کے ساتھ شائع کر دیا جائے مگر اپنی مصروفیات کے باعث ترتیب کا کام ملتوی رہا اب خدا کے فضل وکرم سے جلد دوم کی ترتیب مکمل ہو گئی۔ عملیات وتعویذات کے اس مجموعہ کو زیادہ سے زیادہ مفید بنانے کی کوشش کی ہے۔ شروع میں نقوش مخمس وغیرہ کے پر کرنے کی اور زکات وعملیات کے شرائط کا بیان ہے اس کے بعد مجموعہ شریف کے باقی عملیات ونقوش درج ہیں، اس کے بعد کاشف الاسرار ومعمولات عزیزیہ کے مجرب عملیات وتعویذات مندرج ہیں اور انھیں کتابوں سے چہل اسماء وآیات قرآنیہ کی خاصیتیں اور آخر میں تعبیر خواب کا ایک مختصر مجموعہ ہے اور اس کے بعد ایک مختصر رسالہ جفر حضور سیدنا اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کا شامل ہے اس کے بعد قصیدہ غوثیہ وقصیدہ بردہ کے خواص مذکور ہیں، جلد اول کو حضور سیدی الکریم مفتی اعظم ہند دامت برکاتہم القدسیہ کی خدمت میں پیش کر کے طالب دعا ہوا حضور مدظلہٗ العالی نے دعا فرمائی جس کا ظہور یہ ہوا کہ تھوڑی سی مدت میں جلد اول ملک کے گوشے گوشے میں معروف ومشہور ہوئی ذالک

فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَاءُ۔ اس سلسلہ میں بہت زیادہ ممنون ہوں اپنے مخدوم حضرت علامہ مولانا اختر رضا خاں ازہری زید لطفہ کا کہ آپ نے جلد اول کی اشاعت کیلئے بھی اصرار فرمایا اور اپنے حلقۂ ارادت میں توجہ دلائی اور جلد دوم کے لئے بھی مفید مشورہ دیا۔

مولیٰ تعالیٰ ان کے مناقب جلیلہ کو زیادہ فرمائے اور ان کی خصوصی عنایتوں سے مجھے مستفید فرمائے۔ یوہیں دوسرے اصحاب واحباب جنھوں نے اس مجموعہ کی اشاعت میں کسی طرح سے اعانت فرمائی ہے ان کا بھی ممنون ہوں مولیٰ تعالیٰ انھیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ فقط

سگِ بارگاہِ رضوی

قاضی عبد الرّحیم بستوی غفرلہٗ القوی

(سابق) خادم الافتاء دار العلوم منظر اسلام محلہ سوداگران بریلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حسب وعدہ نقش مربع کے دس قواعد کا بیان درج ذیل ہے اور اس کے بعد مسدس، مسبع، مثمن وغیرہ کے نقوش بھرنے کا طریقہ درج کیا جائیگا۔

پہلا قاعدہ۔ جملہ اعداد سے ۱۶ طرح کریں اور بقیہ اعداد کے دو حصے برابر کریں اب مربع خانہ ایک سے آٹھ تک نظم طبعی سے بھریں یعنی پہلے خانہ میں ایک دوسرے میں دو علیٰ ہذا القیاس آٹھویں خانہ میں آٹھ۔ اس کے بعد نویں خانہ میں اعداد مطروحہ مقسومہ بھر کر ہر ایک خانے میں ایک ایک عدد اضافہ کریں مثلاً اسم رحمٰن کے عدد دو سو اٹھانوے ۲۹۸ ہیں ۱۶ طرح کے بعد دو سو بیاسی ۲۸۲ باقی رہے بعد تقسیم ۱۴۱ رہا تو اعداد مطروحہ مقسومہ خانہ نہم میں ۱۴۱ رہے گا اور کسر کا قاعدہ وہی ہے جو مربع کے بیان میں گزرا نقش یہ ہے

۷۸۶

۸	۱۴۳	۱۴۶	۱
۱۴۵	۲	۷	۱۴۴
۳	۱۴۸	۱۴۱	۶
۱۴۲	۵	۴	۱۴۷

دوسرا قاعدہ۔ جملہ اعداد سے ۱۹ طرح کریں اور باقی کو تین سے تقسیم کریں پھر خانہ اول سے خانہ چار تک نظم طبعی کے ساتھ پر کریں اور پانچویں خانہ میں تیسرے حصہ سے پر کریں مثال یہ ہے کہ اسم جلالت اللہ کے عدد چھیاسٹھ ۶۶ ہیں ۱۹ طرح کے بعد ۴۷ باقی رہے تین سے تقسیم کرنے پر تیسرا حصہ ۱۵ ہوا اور دو کسر رہی اب اس کو قاعدۂ مذکورہ سے پر کیا جائے گا اور کسر کا قاعدہ وہی ہے جو مربع میں گزرا ←

۷۸۶

۱۸	۲	۲۵	۱
۲۴	۲	۱۷	۲۳
۳	۲۷	۲۰ خانہ کسر	۱۶
۲۱	۱۵	۴	۲۶

تیسرا قاعدہ۔ جملہ اعداد سے ۲۱ طرح کریں اور باقی اس طرح پر کریں کہ خانہ اول سے بارہ تک نظم طبعی کے ساتھ اور تیرھویں خانے میں اعداد جو طرح کے بعد بچے ہیں پھر ہر خانہ میں ایک ایک کا اضافہ کریں مثال یہ ہے کہ

اسم حق کے عدد ایک سو آٹھ ہیں بعد طرح شتاسی بچے قاعدہ مذکورہ کے ذریعہ پر کریں

۷۸۶

۸	۱۱	۸۸	۱
۸۷	۲	۷	۱۲
۳	۹۰	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۹

چوتھا قاعدہ ۔ جملہ اعداد سے ۲۳ طرح کریں بقیہ اعداد کے تین حصے کریں اور اس طرح پر کریں کہ پہلے خانہ میں تیسرا حصہ دوسرے تیسرے چوتھے خانے میں ایک ایک عدد کا اضافہ کریں اور پانچوے خانہ سے آٹھویں تک نقش اجل کی رفتار کے مطابق یعنی ۵۔۶۔۷۔۸۔ لکھیں پھر نویں خانہ سے سولہ تک خانہ نمبر ۴ میں جو عدد پر کیا تھا اس پر ایک ایک کا اضافہ کر کے پر کریں اور کسر کا وہی قاعدہ ہے

۷۸۶

۸	۸۸	۹۲	۸۲
۹۱ خانۂ کسر	۸۳	۷	۸۹
۸۴	۹۴	۸۶	۶
۸۷	۵	۸۵	۹۳

مثلاً اسم کریم کے عدد دو سو ستر ہیں بعد طرح دو سو سینتالیس بچے اور ایک کسر حاصل ہوئی نقش ملاحظہ ہو۔

پانچواں قاعدہ ۔ ۲۵ کی طرح کے ساتھ اور پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے خانہ سے آٹھویں تک نظم طبعی کے ساتھ یعنی جس طرح نقش اجل پُر کرتے ہیں اور نویں خانے سے بارہ تک باقی اعداد جو طرح کے بعد بچے ایک ایک کے اضافہ کے ساتھ پھر تیرہویں خانے سے نظم طبعی کے ساتھ۔ مثال یہ ہے اسم حق کے عدد ایکسو آٹھ طرح کے بعد باقی تیراسی رہے قاعدہ معلوم کے ذریعہ پُر کریں

۷۸۶

۸	۸۵	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۸۶
۳	۱۶	۸۳	۶
۸۴	۵	۴	۱۵

چھٹا قاعدہ ۔ ۲۷ کی طرح کے ساتھ جملہ اعداد سے ۲۷ طرح کر کے تین پر تقسیم کریں پھر یوں بھریں کہ اول سے آٹھویں خانہ تک تقسیم شدہ حصہ سے ایک ایک کے اضافہ کے ساتھ اور نویں خانے سے بارہ تک نظم طبعی نقش اجل کی

کی چال سے پھر تیرہویں خانے سے سولہ[۱۶] تک آٹھویں خانے کے عدد پر ایک ایک کے اضافے کے ساتھ مثال اسم جامع کے عدد ایک سو چودہ[۱۱۴] ہیں طرح کے بعد ستاسی[۸۷] باقی رہے تیسرا حصہ ۲۹ ہوا بعمل معلوم پر کریں

۷۸۶

۳۶	۱۱	۳۸	۲۹
۳۷	۳۰	۳۵	۱۲
۳۱	۴۰	۹	۳۴
۱۰	۳۳	۳۲	۳۹

ساتواں[۷] قاعدہ ۔ جملہ اعداد سے ۲۹ طرح کریں خانۂ اول سے چار تک نقش اجل کی رفتار سے پھر پانچویں خانہ سے آٹھ تک طرح کے بعد جو عدد بچا تھا ایک ایک کے اضافہ کے ساتھ پھر نویں خانہ سے آخر تک بطور نقش اجل مثال اسم لطیف کے اعداد ایک سو انتیس[۱۲۹] ہیں بعد طرح سو باقی رہے نقش پر شدہ یہ ہے

۷۸۶

۱۰۳	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۱۰۲	۱۲
۳	۱۶	۹	۱۰۱
۱۰	۱۰۰	۴	۱۵

آٹھواں[۸] قاعدہ ۔ جملہ اعداد سے ۳۰ کی طرح کے ساتھ جیسا کہ مربع کے بیان میں گزرا

نواں[۹] قاعدہ ۔ جملہ اعداد سے ۳۱ طرح کرکے بقیہ کو تین سے تقسیم کرکے تیسرے حصہ کو اول خانہ سے بارہ تک ایک ایک کی زیادتی پر کریں پھر تیرہویں خانے سے آخر تک بر رفتار نقش اجل پر کریں مثال اسم شافی کے اعداد تین سو اکانوے[۳۹۱] ہیں بعد طرح تین سو ساٹھ[۳۶۰] رہے باقی کے تین حصے کرنے پر ایک حصہ ایک سو بیس ہوا قاعدہ مذکورہ کی رعایت سے پر کریں

۷۸۶

۱۲۷	۱۳۰	۱۴	۱۲۰
۱۳	۱۲۱	۱۲۶	۱۳۱
۱۲۲	۱۶	۱۲۸	۱۲۵
۱۲۹	۱۲۴	۱۲۳	۱۵

دسواں قاعدہ ۔ جملہ اعداد سے ۳۳ کی طرح کرکے بقیہ اعداد خانۂ اول سے چار تک باضافہ ایک ایک پھر خانہ پنجم سے آخر تک بر رفتار نقش اجل مثال اسم فتاح کے عدد

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۴۵۶
۱۳	۴۵۷	۷	۱۲
۴۵۸	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴۵۹	۱۵

چارسو نواسی (۴۸۹) اور بعد طرح چارسو چھپن بچے قاعدہ مذکورہ بالا سے پر کریں

قواعد پر کردن نقوش مسدس، مسبع، مثمن وغیرہا۔

مسدس میں چھ ضلعے ہوں گے اور چھتیس خانے نکلیں گے عدد نجم ایک سو گیارہ ہے اور طرح ایک سو پانچ ہے بعد طرح چھ سے تقسیم کرکے پُر کریں۔ مثلاً اسم عالی کے عدد ایکسو گیارہ بعد طرح چھ باقی رہے بعد تقسیم حاصل قسمت ایک رہا لہٰذا ایک سے پر کیا جائے اور اگر ایک کسر واقع ہوں تو اکتیسویں خانے میں ایک عدد اضافہ کریں اور دو کسر ہو تو پچیسویں خانہ میں اور تین کسر ہو تو پندرہویں خانے میں اور چار کسر ہو تو تیرہویں خانے میں اور پانچ کسر ہو تو ساتویں خانے میں ایک ایک عدد کا اضافہ کریں

۷۸۶

	۱۸	۷	۳۰	۱۹	۳۶	۱
	۵	۳۲	۲۰	۲۹	۱۲	۱۳
	۲۷	۲۲	۸	۱۷	۲	۳۵
	۲۱	۲۸	۳۴	۳	۱۴	۱۱
	۹	۱۶	۴	۳۳	۲۴	۲۵
	۳۱	۶	۱۵	۱۰	۲۳	۲۶

نقش مسبع پر کرنے کا قاعدہ۔

عدد نجم ایک سو پچھتر (۱۷۵) عدد طرح ایک سو اڑسٹھ (۱۶۸) مثلاً اسم باطن و باقی کے عدد ایک سو پچھتر (۱۷۵) ہیں بعد طرح سات باقی رہے سات سے تقسیم کرکے اس چال سے پر کریں اور اگر ایک کسر واقع ہو خانہ ۴۳ میں ایک عدد کا اضافہ کریں اور دو ہو تو خانہ ۳۶ر اور تین ہو تو خانہ ۲۹ر اور چار ہو تو خانہ ۲۲ر اور پانچ کے لئے خانہ ۱۹ر اور چھ کے لئے خانہ ۸ر میں

۷۹۶

۹	۱۷	۲۵	۳۳	۴۱	۴۹	۱
۲۶	۳۴	۴۲	۴۳	۲	۱۰	۱۸
۳۶	۴۴	۳	۱۱	۱۹	۲۷	۳۵
۴	۱۲	۲۰	۲۸	۲۹	۳۷	۴۵
۲۱	۲۲	۳۰	۳۸	۴۶	۵	۱۳
۳۱	۳۹	۴۷	۶	۱۴	۱۵	۲۳
۴۸	۷	۸	۱۶	۲۴	۳۲	۴۰

۱۷۵

نقش مثمن بھرنیکا قاعدہ: عدد تخم دو سو ساٹھ ۲۶۰ طرح کے اعداد دو سو باون ۲۵۲ ملا اسم حبیب ۸۰ و سمیع ۱۸۰ کے دو سو ساٹھ ہیں بعد طرح آٹھ رہے بعد تقسیم ایک سے نقش پر کیا جائے اگر کسر ایک ہو تو خانہ ۵۷ میں اور دو ہو تو خانہ ۴۹ میں اور تین ہو تو خانہ ۴۱ میں اور چار ہو تو خانہ ۳۱ میں اور پانچ ہو ۲۵ میں اور چھ ۶ خانہ ۱۷ میں اور سات ہو خانہ ۷ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کر کے پُر کریں

۷۸۶

۳	۷	۱۰	۵۶	۵۷	۶۱	۶۲	۲
۵۹	۲۰	۱۶	۴۲	۴۸	۵۰	۱۹	۶
۵۴	۴۴	۳۲	۳۵	۳۸	۲۵	۲۱	۱۱
۵۱	۴۳	۳۷	۲۶	۳۱	۳۶	۲۲	۱۴
۱۳	۱۴	۲۷	۴	۳۳	۳۰	۴۱	۵۲
۱۲	۱۸	۳۴	۲۹	۲۸	۳۹	۴۷	۵۳
۵	۴۶	۴۹	۲۳	۱۷	۱۵	۴۵	۶۰
۶۳	۵۸	۵۹	۹	۸	۴	۱	۶۴

۲۶۰

نقش متسع کے بھرنیکا قاعدہ:

تخم تین سو انہتر ۳۶۹ طرح تین سو ساٹھ ۳۶۰ باقی ۹ بعد تقسیم ایک رہے۔ اگر کسر ایک واقع ہو تو خانہ ۷۳ میں اور دو ۲ ہو تو ۶۴ میں اور تین ۳ ہو تو خانہ ۵۵ میں اور چار ۴ ہو تو خانہ ۴۶ میں اور پانچ ۵ ہو تو خانہ ۳۷ میں اور چھ ۶ ہو تو خانہ ۲۸ میں اور سات ہو تو خانہ ۱۹ اور آٹھ ۸ ہو تو خانہ ۱۰ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کر کے پر کریں

۷۸۶

۸	۷۱	۶۹	۶۷	۷۳	۵	۳	۱	۷۲
۸۰	۲۲	۵۷	۵۵	۵۹	۱۹	۱۷	۵۸	۲
۷۸	۶۴	۳۲	۴۷	۴۹	۲۹	۴۸	۱۸	۴
۷۶	۶۲	۵۲	۴۰	۳۹	۴۴	۳۰	۲۰	۶
۷۵	۶۱	۵۱	۴۵	۴۱	۳۷	۳۱	۲۱	۷
۱۶	۲۸	۳۶	۳۸	۴۳	۴۲	۴۶	۵۴	۶۶
۱۴	۲۶	۳۴	۳۵	۳۳	۵۳	۵۰	۵۶	۶۸
۱۲	۲۴	۲۵	۲۷	۲۳	۶۳	۶۵	۶۰	۷۰
۱۰	۱۱	۱۳	۱۵	۹	۷۷	۷۹	۸۱	۷۴

۳۶۹

قاعدہ نقش معشر بھرنیکا

تخم پانسو پینتیس ۵۳۵ طرح چار سو پچانوے ۴۹۵ باقی چالیس ۴۰ عدد بعد تقسیم چار رہے قاعدہ کسر۔ اگر ایک کسر رہے تو خانہ

اور دو رہے تو خانہ ۱۸ اور تین ہو تو خانہ ۱۷ اور چار ہو تو خانہ ۱۶ اور پانچ ہو تو خانہ
۱۹
۵۱ میں اور چھ ہو تو خانہ ۴۱ میں اور سات ہو تو خانہ ۳۱ میں اور آٹھ ہو تو خانہ ۲۱ میں اور نو ہو تو خانہ ۱۱ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کرکے پُر کریں نقش مشتریہ یہ ہے

۷۸۶

۹	۵	۱۴	۱۷	۹۱	۹۲	۹۵	۱۰۱	۱۰۳	۸
۹۷	۱۴	۲۸	۳۱	۷۷	۷۸	۸۲	۸۵	۲۳	۱۰
۹۶	۸۰	۴۱	۳۷	۶۳	۶۹	۷۱	۴۰	۲۷	۱۱
۸۹	۷۵	۶۵	۵۳	۵۶	۵۹	۴۶	۴۲	۳۲	۱۸
۸۶	۷۲	۶۴	۵۸	۴۷	۵۲	۵۷	۴۳	۳۵	۲۱
۲۰	۳۴	۴۵	۴۸	۶۱	۵۴	۵۱	۶۲	۷۳	۷۸
۱۹	۳۳	۳۹	۵۵	۵۰	۴۹	۶۰	۶۸	۷۴	۸۸
۱۳	۲۶	۶۷	۷۰	۴۴	۳۸	۳۶	۶۶	۸۱	۹۴
۷	۸۴	۷۹	۷۶	۳۰	۲۹	۲۵	۲۲	۸۳	۱۰۰
۹۹	۱۰۲	۹۳	۹۰	۱۶	۱۵	۱۲	۶	۴	۹۸

۵۳۵

عامل اور دعوت

عامل کے شرائط

(۱) ایسے عامل سے اجازت دعوت حاصل کریں جس کا سلسلہ صحیح ہو اور اسے اجازت صحیحہ حاصل ہو ورنہ ممکن ہے کہ عمل باعث رجعت ہو جائے۔

(۲) عامل ان باتوں پر کاربند ہو۔ حلال کمائی سے کھائے اور حلال کمائی

میسر نہ ہو تو کسی سے قرض حسنہ لے تاکہ دورانِ عمل جو کچھ کھائے وہ کسب خبیث نہ ہو سچ بولے اور روزہ رکھے (دوران عمل) کم کھانا، کم سونا، کم بولنا، اپنا نصب العین رکھے، اور اگر کھانا پینا کسی خادم کے ذریعہ ہو تو خادم متعین ہو اور اپنے اوقات کو وظائف کے لئے مقرر رکھے اور گناہوں سے دور رہے اور عمل کے دوران گوشت سے نظر محفوظ رکھے اور دل کو حسد، کینہ، غرور وغیر مذموم صفات سے پاک رکھے اور خلوت اختیار کرے۔ اور خلوت حقیقیہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ کی جانب متوجہ رہے، اور کپڑا اور جائے عمل پاک رکھے حجرہ جہاں عمل کرے تنگ وتاریک ومصفا ہو، اور عطر وغیرہ خوشبو کا استعمال رکھے اور نامحرموں سے اپنے کو دور رکھے، طہارت بدن اور تصفیہ باطن میں تام ہو، اور تعظیم دعوت کرے یعنی ادعیہ کو تکیہ لگا کر نہ پڑھے یا پیر دراز کر کے یا کرسی یا چارپائی پر بیٹھ کر بھی نہ پڑھے اور نشست چار زانوں نہ ہو، مگر بصورت مجبوری، کوئی تخت یا چوکی اس کے لئے خاص کرے اور جن عملوں میں زمین پر بیٹھنے کی شرط ہے وہاں مصلے خاص بچھا کر بیٹھے، اور اگر دوران عمل سفر درپیش ہو جائے تو وہ مصلی ہمراہ لے جائے اور درمیان قرأت کلام نہ کرے بہت حاجت ہو تو اشارہ سے کام لے، اور اپنے اندر جرأت وشجاعت پیدا کرلے اور جو اسرار ظاہر ہوں انھیں چھپائے اور ترک حیوانات کرے، اور غذا میں نانِ جو یا گندم۔ مونگ کی دال نمک لاہوری بہتر ہے، وقت کی رعایت رکھے یعنی روزآنہ وقت مقررہ پر شروع کرے تعین دن کا بھی لحاظ رکھے مثل روز پنجشنبہ، جمعہ، دوشنبہ، وقت مثل صبح، تہجد، عشاء۔

تعین ماہ بھی بعض عمل میں ضروری ہے۔

فائدہ :- ماہ ثابت۔ اگہن۔ پھاگن۔ جیٹھ۔ بھادوں۔

ماہ منقلب۔ ماگھ۔ بیساکھ۔ ساون۔ کاتک۔

ماہ ذوجہتین۔ پوس۔ چیت۔ اساڑھ۔ کنوار۔

فائدہ :. عروج ماہ قمری چاند کی پہلی تاریخ سے ۱۴ تک کو کہتے ہیں۔

عروج ماہ ثابت ۲۳ اپریل تا ۲۲ مئی۔ ۲۳ جولائی تا ۲۲ اگست۔ ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر۔ آفتاب برج ثابت میں رہتا ہے۔ (کاشف الاسرار صفحہ ۱۹۰)

پرہیز جلالی مثلاً گوشت، مچھلی، انڈا، شہد، ہڈی، سیپ کا چونا، اونی ریشمی کپڑے چمڑے کا استعمال۔ لہٰذا ایسی کتابیں نہ چھوئے جس میں چمڑے کی جلد ہو۔ اس نل سے پانی نہ پیئے جس کا واشل چمڑے کا ہو۔ دوران عمل جماع سے بھی پرہیز رکھے بلکہ دواعی جماع بھی ترک کرے۔ مرچ سیاہ، سرخ پیاز، لہسن ہینگ۔ تمباکو، سرکہ اور ہر بدبودار چیزوں سے بھی۔ جانوروں کو مارنے سے احتیاط کرے، روزہ اس میں شرط ہے۔

پرہیز جمالی گوشت، مچھلی، دودھ، دہی، گھی، تیل، سرکہ، نمک، خرما، میوہ جات، فواکہات، سلا کپڑا، نہ پہنے مثل احرام رہے، تیل سرسوں کا اگر باحتیاط لا نکالا جائے تو استعمال کر سکتا ہے، اگر تمباکو کھانے پینے سے مجبور ہے تو رفتہ رفتہ ترک کر دے ورنہ بعد استعمال مسواک غرارہ ضرور کرے، اور چلّہ کے اندر ممنوع ہے۔

فائدہ :. اگر کبھی گوشت وغیرہ کھالے تو دعائے رجعت تین مرتبہ پڑھ لے اور پانی پر دم کر کے پی لے اور گڑ تھوڑا سا کھالے اور غسل کر لینا بھی بہتر ہے اور چلہ کے اندر جماع ممنوع ہے اور بعد چلّہ اپنی اہلیہ سے جائز ہے، دعائے رجعت یہ ہیں۔

۱۔ صبح سنت و فرض فجر کے درمیان سورۂ فاتحہ اکتالیس بار بسم اللہ شریف کے ساتھ۔

۲ یہ عمل بعد نماز عشاء یا جس وقت ممکن ہو کرے۔ اوّل یہ درود شریف اللّٰھم صل علیٰ سیدنا محمد و علیٰ اٰل سیدنا محمد نبی الرحمۃ و شفیع الامۃ و کاشف الغمۃ تین بار پھر گیارہ بار وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ؕ یَا حَمِیْدَ الْفِعَالِ ذَا الْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ یَا حَمِیْدُ پھر مذکورہ درود شریف ۶ بار پڑھے۔

۳ گیارہ بار یہ دعا پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط عَلِیْقًا مَلِیْقًا خَالِقًا مَخْلُوْقًا کَافِیًا شَافِیًا اِرْتَضٰی مُرْتَضٰی بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا ط بِحَقِّ اَسًّا طَاسًّا لَاسًّا لُوْسًا یَا شَیْخ عَبْدُ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ۔

شرائط دعوت:۔ اول تین دن روزہ رکھے۔ اگر اسم جلالی ہو ہفتہ، منگل، اور دو شنبہ یا جمعرات اور اگر مشترک ہو تو اتوار کے دن روزہ رکھنا شروع کرے اور کھانا نہ کھائے تو بہتر ہے اور اگر بھوک کا غلبہ ہو تو کم کھائے۔ پھر وضو کرے اور استغفار کرے اور تہجد و تحیۃ الوضو پر مداومت کرے اور دو رکعت نماز کشف الارواح کی نیت سے پڑھے۔ عمل پڑھنے کے وقت دل میں خیال رکھے کہ میں ایسے مالک کے روبرو حاضر ہوں جسے میرا مقصد پورا کرنے کا اختیار کامل ہے اور مطلب کا دھیان رکھے۔

فائدہ:۔ اگر کسی عمل کی صحیح تعداد معلوم نہ ہو تو بہ نیت شرائط ایک ہزار و ایک بار پڑھے۔

ترکیب نماز کشف الارواح۔ نیت نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ رَکْعَتَیْ صَلٰوۃِ کَشْفِ الْاَرْوَاحِ مُتَوَجِّهًا اِلٰی جِهَةِ الْكَعْبَةِ ط اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ ۳ مرتبہ وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰۤی اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ؕ پڑھے اور سلام کے بعد ہزار مرتبہ

دعائے ملکیہ پڑھے آہ دَآہ دَایَہ پھر جب صبح صادق ہو نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب کے وقت غسل کرکے دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھے پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد شہد اللّٰہ انہ لا الٰہ الا ھو والملٰئکۃ واولوا العلم قائما بالقسط لا الٰہ الا ھو العزیز الحکیم ان الدین عند اللّٰہ الاسلام اشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہٗ لا شریک لہ واشھد ان محمدًا عبدہٗ ورسولہ اور دوسری رکعت میں ۷ مرتبہ ادعونی استجب لکم ان الذین یستکبرون عن عبادتی سیدخلون جھنم داخرین سبحٰن اللّٰہ والحمد للّٰہ ولا الٰہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم ۰ پھر بعد سلام ۷ مرتبہ واذا سألك تابَہ شُدُمُون پڑھ کر اس کا ثواب حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پہنچا کر دوسرے انبیاء و اولیاء تمام مسلمانوں کو بخشے خصوصًا سادات غوثیہ وسہروردیہ اس کے بعد دو رکعت نماز سلامتی مرشد کے لئے ادا کرے اگر مرشد بحیات ہو ورنہ اس کی روح کو ایصال ثواب کرے بعد سلام ۷ بار درود شریف اور استغفار ۱۰ مرتبہ پڑھے۔

فائدہ:۔ اگر درمیان عمل بیمار ہو جائے تو سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی ایک ایک بار پڑھ لیا کرے اور پڑھنے کی طاقت نہ ہو تو تصور کرے اور اس کی بھی طاقت نہ ہو تو کسی سے اپنے سامنے ہر روز ۳۔۳ بار پڑھوائے اور خود سنے اس صورت میں جہاں سے ترک ہوا ہے باقی کو پورا کرے ورنہ شروع سے شروع کرے۔

زکات

زکات کے بارے میں کتابوں میں طویل کلام مذکور ہے اور مجموعہ میں کوئی تفصیل نہیں ہے البتہ کاشف الاستار شریف و معمولات عزیزیہ سے چند سطور منقول ہیں۔

اس کا مدار خاص کاملین کے ارشاد پر منحصر ہے اور بعض عملیات میں اس کی تصریح ہے اور اس کا معلوم کرنا آسان کام نہیں ہے دعوت کے مختلف طریقے ہیں اور ان کی زکات کے مختلف طریقے ہیں اور عوام کے حال کے مناسب نہیں ہے لہذا آسان طریقہ زکات کا یہ ہے کہ اسمائے الٰہی یا دُعا کی زکات معلوم کرنے کی ضرورت ہو مندرجہ ذیل طریقہ سے معلوم کریں پھر پڑھنے کے لئے صاحب اجازت سے اجازت لے کر زکات کی پانچ صورتوں میں کسی ایک کے مطابق پڑھیں اور سب صورتوں پر عمل زیادہ مفید ہے۔

قسم اوّل۔ زکات صغیر سے اصل عدد مراد ہے مثلاً لفظ ودود کے عدد بیس ہیں تو زکات صغیر کے عدد بیس ہوئے۔

قسم دوم زکات کبیر۔ اصل اعداد کو چار سے ضرب دینے پر جو حاصل ضرب ہو اسے کہتے ہیں جیسے ۲۰ × ۴ = ۸۰

قسم سوم زکات اکبر۔ کبیر کے عدد کو چار سے ضرب دینے پر جو حاصل ضرب ہے وہ اکبر ہے جیسے ۸۰ × ۴ = ۳۲۰

قسم چہارم زکات اکبار۔ اکبر کے عدد کو چار سے ضرب دینے پر جو حاصل ضرب ہو وہ اکبار ہے جیسے ۳۲۰ × ۴ = ۱۲۸۰

قسم پنجم زکات اکبرالکبائر۔ اکبار کے عدد کو چار سے ضرب دینے پر حاصل ضرب کو کہتے ہیں جیسے ۱۲۸۰ × ۴ = ۵۱۲۰

ان پانچوں طریقے میں سے کسی طریق سے ورد کرنا موجب کامیابی ہے اور اگر دُعائے کبیر ہے تو پڑھنے کے لئے تین طریقے ہیں۔ اوّل موافق مذہب قل الفا یعنی ہر حرف کے بدلے ایک ہزار پڑھے۔ دوم موافق مائۃ یعنی ہر حرف کے بدلے سو مرتبہ پڑھے،

سوم موافق عشر یعنی ہر حرف کے بدلے دس مرتبہ پڑھے۔ تو ان تینوں میں سے جو ہو سکے اس کے موافق قرأت اختیار کرلے مثلاً حروف تہجی مع ہمزہ و الف لام کے تیس ہوتے ہیں اس کے عدد پہلی صورت میں تین ہزار ہوئے یہ مجموعہ بہ نیت نصاب پڑھے اور اس کا نصف (۱۵۰۰) بہ نیت زکات اور اس کا نصف ۷۵۰ بہ نیت عشر اور اس کا نصف ۳۷۵ بہ نیت قفل اور دور مدور برابر نصاب کے اور بذل تین سو بار پڑھے۔

فائدہ:۔ کنیت سے لفظ ابو مثل ابوالخیر و ابو محمد و لام تعریف مثل رکن الدین میں ال اور حرف مشدد اور لفظ یا جمل کے حساب میں شمار نہیں ہوتے ہیں البتہ اسم جلالت کا مشدد شمار میں آتا ہے۔

فائدہ:۔ جس اسم کی تعداد زکات معلوم نہ ہو تو بہ نیت شرائط ایک ہزار ایک بار پڑھنا مفید ہے۔

اوپر کی تفصیل سے ظاہر ہے کہ ان اقسام کی سات صورتیں درج کی ہیں۔ ان کو شرائط دعوت کہتے ہیں۔

نصاب۔ اسم یا آیت کے حروف شمار کرکے ہر حرف کو دس مرتبہ لے یا سو مرتبہ یا ہزار مرتبہ شمار کرنے سے نصاب مرتب ہوتا ہے مثلاً اسم بدوح کے حروف بیس ہوئے پس ہر حرف کو سو مرتبہ شمار کرنے سے نصاب دو ہزار ہوا۔ دعوت حرفی میں نصاب کا نصف کرکے نصاب میں زیادہ کرنے سے زکات مرتب ہوتا ہے یہاں زکات تین ہزار ہوئی اور اس نصف کا نصف زیادہ کرنے سے عشر مرتب ہوتا ہے یعنی تین ہزار پانچ سو اور عشر میں جو تعداد زیادہ کی گئی تھی اس کا نصف قفل ہوتا ہے اور عشر اور قفل کا دوگنا کرنے سے دور مدور ہوتا ہے اور بذل دعوت حرفی میں سات ہزار اور ختم ایک ہزار دو سو مرتبہ ہے اور یہ بزرگوں سے منقول۔ اور آسان طریقہ یہ ہے کہ

نصاب کی نصف زکات اور اس کا نصف عشر اور اس کی نصف قفل اور اس کے نصف کو دور مدور اور قفل کے نصف کو بذل اور بذل کے نصف کو ختم کہتے ہیں۔

اور کاشف الاسرار میں ہے کہ شرائط میں نو چیزیں ہیں نصاب، زکات، عشر، دور مدور اور قفل باقی تکمیل کے لئے ہے۔ اور صاحب جواہر خمسہ نے فرمایا ہے کہ تنہا دور مدور تکمیل کے لئے باقی کو عاملین نے فرمایا ہے اور ہزار پر دس مرتبہ زیادہ پڑھنا بھی تکمیل کیلئے ہے اور صاحب کشف الانوار نے فرمایا کہ تکمیل کے لئے ہر ہزار پر تیس مرتبہ یا چالیس مرتبہ پڑھنا اولی ہے۔ اور جب عامل شرائط دعوت مع تکمیل پورا کرلے اس کے بعد اگر اس سے کوئی گناہ کبیرہ شامت نفس سے صادر ہو جائے تو عمل ختم نہیں ہوتا ہے توبہ صحیحہ کے بعد باقی رہتا ہے ورنہ از سر نو کرنا چاہیئے اور بے ادائے شرائط دعوت کرنے کی صورت میں ہلاکت جان کا خطرہ ہے۔

فائدہ:۔ نصاب کے بعد یا وکیل ۶۶ بار اور زکات کے بعد یا مجیب ۵۵ بار اور عشر کے بعد یا ولی ۴۴ بار اور قفل کے بعد یا فتاح ۴۸۹ بار اور دور مدور کے بعد یا معطی ۲۹ بار اور بذل کے بعد یا وہاب ۱۴ بار اور ختم کے بعد یا ہادی ۲۰ بار پڑھ لیا کرے تاکہ فوائد و تصرف میں کمال حاصل ہو۔

تسخیر الکواکب السبع السیارہ

تسخیر زحل باسم اُد اُم یعنی یارب ہر روز دہ ہزار بار بخواند تا مدت سی و شش روز زحل برنگ سیاہ حاضر آید چہار دست دارد و برنگ خالص طلا نماید بغایت جمیل و باہیبت ست

از دیدنش خوف خیزد باید کہ دل را قوی دارد و اسم مذکور با آواز بخواند از خود در سخن آید آن زمان از وے عہد گیرد کہ بوقت حاجت آمدہ باشی۔

تسخیر مریخ اسم هُوَ۔ اُمْ یعنی یا قدیر ہما قدر دئی و پنج روز خواند مریخ بہیابت تمامتر بر گاؤ یا شتر سوار حاضر آید و دو دست دارد و رنگ سرخ بیکدست نیزہ و دگر دست شمشیر از نیام برکشیدہ بعد دیرے ظہور نماید و از زحل خوف دریں زیادہ باشد باید کہ نترسد پس از ساعتے مریخ بسخن در آید و مطلب پرسد ہیچ پاسخ نہ دہد و بخواندن مشغول باشد و اگر کلام کند بگوید کہ حضوری شہامی خواہم عہد کردہ برود کہ برائے ہر مطلبے کہ مراطلب داری حاضر آئیم

تسخیر مشتری باسم دِھَیْنَ۔ یعنی یا خالق ہر روز پنج ہزار بار بخواند تا چہل روز مشتری پس از دیری بر طاؤس سوار حاضر آید جمال تاباں و روئے درخشاں دارد و رنگ و ریش سفید مائل بزردی بغایت خوش و خنداں آید و از صحبت او بسط پیدا آید و بسیار نوادر علوم القا فرمائید و ذوقے تمام در صحبت او دست دہد۔

تسخیر شمس باسم نَسْہِیْنَ بَرْہِیْنَ یعنی یا کریم یا رحیم ہر روز دہ ہزار بار بخواند تا بست و پنج روز آفتاب ظہور ظاہر گردد رنگش سرخ است مائل بزردی چوں برق از تسخیر او صاحب عمل عجیب پیدا شود و جملہ بزرگان نیاز بردست در نظر او می آیند باید کہ دریں کار ہوشیار باشد و فروتنی شیوہ سازد و دریں عمل از کلمات ملکہ محرم می شود بلکہ ایشاں می بیند و انواع تصرفات دست دہد۔

تسخیر زہرہ باسم اَہِمَّا یعنی یا جمیل ہر روز دہ ہزار بار بخواند تا چہل روز زہرہ حاضر آید از دیدنش فرحت روئے نماید و از تسخیر او جملہ جن و انس دارند۔

تسخیر عطارد باسم بَدُمْ یعنی علیم ہر روز دہ ہزار تا مدت سی و پنج روز عطارد حاضر

...شود رنگش سپید ست مائل بسرخی بغایت جمیل در دست او کاغذ بود مطالعه نماید از صحبتش ہمہ نوادر مکشوف شود و جملہ جن وانس بوی گیرایند و محتاجش گردند۔

تسخیر قمر باسم اِھْیًا یعنی یاحی ہر روز دہ ہزار بار تا پنجاہ روز قمر حاضر آید رنگش سپید و گاہی زرد نماید از دیدنش تقویت دست دہد و متصرف عالم گردد عجائب و غرائب ہر گز ندیدہ باشد اینجا بیند۔ واللہ تعالیٰ اعلم

نوٹ:۔ یہ عمل مجموعہ اعمال کے صفحہ ۳۰۵ سے منقول ہے، بعض امور وضاحت طلب ہیں خواص جو اس کے اہل ہوں وہ فائدہ اٹھائیں عوام کو احتراز چاہیئے،

زکات نقوش:۔ نقوش کی زکات کا ایک آسان طریقہ یہ ہے کہ ہر نقش کو روز آنہ چالیس عدد لکھ کر دریا میں ڈالے ممکن نہ ہو تو سب کو جمع کر کے دریا میں ڈالے اور ایک طریقہ یہ ہے کہ روز آنہ ایک نقش لکھ کر دریا میں ڈالے یا ایسے کنویں میں جس کا پانی نہ پیا جاتا ہو یہ عمل ایک سال تک کرے، اور بعض نقوش کی زکات کا طریقہ آئندہ مذکور ہوگا

بَابُ الاِستخارہ وزیارتُ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

(۴۲۴) زیارت۔ جو شخص جمعہ کی رات میں دو رکعت نماز پڑھے اور پہلی رکعت میں بعد فاتحہ آیۃ الکرسی گیارہ۱۱ بار سورۂ اخلاص گیارہ بار۔ اور دوسری رکعت میں اذا جاء گیارہ بار اور سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھے اور بعد سلام سو۱۰۰ بار اس درود شریف کو اللّٰھم صل علی محمد ن النبی الامی وآلہٖ پڑھے اور سو جائے تو خواب میں زیارت اقدس سے مشرف ہوگا اور چاہیئے کہ تین یا پانچ جمعہ اس عمل کو کرے اور درود شریف اتنا پڑھے

کہ نیند غلبہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ زیارت سے مشرف ہوگا۔

(۴۲۵) **زیارت** ۔ جمعہ کی رات میں باطہارت سورۂ کوثر ہزار بار پڑھے اور سو جائے بیشک زیارت اقدس سے مشرف ہوگا۔ اے رحمت اللعالمین کجائی ؞ بیمار شدیم از جدائی ؞ دل طاقت ہجر تو ندارد ؞ تا کے بفراق دم برآرد ؞ از وصل خودم چوں رہ نمودی ؞ آرام زجان و دل ربودی ؞ بازم نہ کنی بہ ہجر دم ساز ؞ اے سرور انبیاء سرافراز ؞ خجلت زدہ ام ز کردہا خویش ؞ عاجز شدہ ام از نفس بدکیش ؞ شیطان زدہ رانفسک شوم ؞ ایں بود نصیب گاہ مقصودم ؞ در ہر سرائے روسیاہم ؞ برابتر حال کن نگاہم ؞ امید بجز شفاعتم نیست ہرچند کہ ذرۂ طاعتم نیست ؞ زاندازہ برون شد گناہم ؞ تاریک شبے است صبح گاہم ؞ اے سرور انبیاء ترحم ؞ تا خطرہ معصیت شود کم ؞

(۴۲۶) **درود ماہی** اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْخَلَائِقِ وَاَفْضَلِ الْبَشَرِ وَشَفِيْعِ الْاُمَّةِ يَوْمَ الْحَشْرِ وَالنَّشْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى كُلِّ مَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥

ایک بزرگ دریا کے کنارے وضو کررہے تھے کہ ایک مچھلی حاضر آئی اور اس نے یہ درود شریف پڑھا انھوں نے دریافت کیا کہ اسے کس سے سیکھا اس مچھلی نے جواب دیا کہ ایک دفعہ دریا کے کنارے میں نے ایک فرشتہ کو پڑھتے سنا اور یاد کرلیا اسی روز سے ہر آفت و بلا سے محفوظ ہوں۔

(۴۲۷) **درود شریف برائے سلامتی ایمان** ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللّٰھم صل علیٰ سیدنا محمد و ابینا آدم علیہ السلام ٥ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد

اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک ادریس علیہ السلام ○ ونبیک شیث علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک

اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک نوح علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد

ونبیک ھود علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک صالح علیہ السلام ○

اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک ابراھیم علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد

ونبیک لوط علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک اسمٰعیل علیہ السلام ○

اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک اسحاق علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد

ونبیک یعقوب علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک یوسف علیہ السلام

اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک خضر علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد و

نبیک شعیب علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ محمد ونبیک موسیٰ علیہ السلام ○ اللھم

صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک ھارون علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد و

نبیک الیاس علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک الیسع علیہ السلام ○

اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک ایوب علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد و

نبیک ذی الکفل علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک داؤد علیہ السلام

اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک سلیمان علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سید محمد و

نبیک ارمیاء علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک شعیا علیہ السلام ○

اللھم صل علیٰ سید محمد ونبیک جرجیس علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد

ونبیک حزقیل علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک دانیال علیہ

السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک عزیر علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا

محمد ونبیک یونس علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک زکریا علیہ السلام ○

اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ونبیک یحییٰ علیہ السلام ○ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد و

نبیك وعیسیٰ علیه السلام ہ اللھم صل علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ جمیع الانبیاء والمرسلین و
علیٰ ملئكة المقربین وعلیٰ عباداك الصالحین وعلیٰ اھل طاعتك اجمعین وارحمنا
معھم یاارحم الراحمین ہ

(۴۲۸) **استخارہ عجیبہ** ۔ یہ عمل مجموعہ شریف میں شرح شرعۃ الاسلام سے منقول ہے بعض مشایخ کرام رحمہم اللہ تعالیٰ سے مروی ہے کہ جس شخص کو کوئی اہم حاجت پیش ہو وہ سونے کے وقت وضو کرے پھر پاک بستر پر بیٹھ کر تین بار درود شریف پڑھے، پھر سورۂ فاتحہ دس مرتبہ۔ سورۂ اخلاص دس مرتبہ پھر درود شریف تین بار پڑھے پھر داہنی کروٹ پر قبلہ رو سو جائے اور داہنی کہنی رخسار کے نیچے رکھے تو اسے خواب میں اس مہم کا حال معلوم ہو گا اور اس سے خلاصی کی صورت بھی ظاہر ہو گی۔ اور بہت سے مشائخ نے تجربہ کیا ہے اور اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ میں نے بھی اس کا تجربہ کیا تو مجرب پایا۔

(۴۲۹) **استخارہ** ۔ سونے کے وقت وضو کر کے پاک بستر پر بیٹھ کر سورۂ اخلاص ۷ سورۂ شمس، سورۂ واللیل، سورۂ والتین، سات سات بار پڑھے سات رات تک ایسا ہی کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ حاجت پوری ہو گی یا پہلی دوسری تیسری رات میں اس کام کی تدبیر معلوم ہو گی ۔

(۴۳۰) **استخارہ** ۔ اپنے حال کو دریافت کرنے کے لئے اس دعا کو اپنے داہنے ہاتھ پر لکھ کر سر کے نیچے ہاتھ رکھ کر سو جائے خواب میں اپنا حال ملاحظہ کرے گا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم مسعھعھاجۃ یاحی یاقیوم نمجتشیا و نمنشیا وسحیثنا اللھم مغفرتك اوسع من ذنوبی ورحمتك ارجی عندی من عملی وصلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ہ

(۴۳۱) **استخارہ** ۔ وضو کرے اور پاک لباس پہنے اور داہنی کروٹ پر قبلہ رو

لیٹ کر سورۂ والشمس ۷ مرتبہ اور سورۂ واللیل ۷ مرتبہ سورۂ والتین ۷ مرتبہ سورۂ اخلاص ۷ مرتبہ۔ اور بعض روایت میں بجائے سات کے تین بار ہے پھر یہ پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ کَذَا وَکَذَا وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّاَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَتَوَسَّلُ بِہٖ عَلٰی اِجَابَۃِ دَعْوَتِیْ سات رات کے اندر انجام ظاہر ہو جائیگا۔

(۴۳۲) **برائے خلاص از گناہ** ۔ اگر کوئی شخص کسی گناہ کا عادی ہو اور کسی وجہ سے نہ چھوڑتا ہو وہ اس دعا کی مداومت کرے اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِنَا وَاھْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَھَرَ وَمَا بَطَنَ وَبَارِکْ لَنَا فِیْ اَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَاَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ وَاجْعَلْنَا شَاکِرِیْنَ لِنِعْمَتِکَ مُثْنِیْنَ بِھَا قَابِلِیْھَا وَاَتِمَّھَا عَلَیْنَا۔

(۴۳۳) **بری سے بری عادت چھڑانیکا عمل** ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سنۃ اللہ التی قد خلت من قبل ولن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا ۰ وھو الذی کف ایدیھم عنکم وایدیکم عنھم ببطن مکۃ من بعد ان اظفرکم علیھم وکان اللہ بما تعملون بصیرا گیارہ بار اور یہ درود شریف اللھم صل علیٰ سیدنا محمد سید الصالحین وسید المؤمنین وسید الزاھدین ۰ گیارہ گیارہ بار مرتبہ اول و آخر بعد مغرب اکتالیس دن تک پڑھنے سے بری سے بری عادت چھوٹ جاتی ہے جیسے سگریٹ، حقہ، بیڑی، شراب، افیون وغیرہ۔

مفید و مجرب دعائیں

(۴۳۴) دعائے جامع ۔ جب کسی کو کوئی حاجت ہو تو وضو کرے اور دو رکعت

نماز پڑھے اور بعد سلام اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے اوّل و آخر درود شریف پڑھے اور یہ دعا پڑھے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا كَرْبًا اِلَّا نَفَّسْتَهٗ وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝

(۴۳۵) **دعائے ملائکہ** - جس کے ایکبار پڑھنے والے کے لئے صبح سے شام تک فرشتے دعا کریں اور شام سے صبح تک اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ تین بار پھر یہ آیتیں هو الله الذی لا اله الا هو علم الغيب والشهادة هو الرحمن الرحيم ۝ هو الله الذی لا اله الا هو الملك القدوس السلام المومن المهيمن العزيز الجبار المتكبر سبحان الله عما يشركون ۝ هو الله الخالق البارئ المصور له الاسماء الحسنى يسبح له ما فی السموات والارض وهو العزيز الحكيم ۝ حدیث میں ہے کہ اگر کوئی صبح کے وقت تین بار پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے لئے ستر فرشتے مقرر فرماتا ہے کہ شام تک اس کے لئے دعا کریں اور اگر مغرب کے وقت پڑھے تو صبح تک۔ اور اگر اس روز مرے تو شہید مرے گا۔

(۴۳۶) **زہر کے اثر سے بچنے کیلئے دعا** - کھانا کھانے سے پہلے یہ دعا پڑھ لے بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ حدیث شریف میں ہے کہ اگر اس کھانے میں زہر ہو باذنہٖ عزوجل مضر نہ ہو۔ کھانا کھانے کے بعد شکر کے لئے یہ دعا پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنِيْ وَسَقَانِيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

(۴۳۷) **دعاء برائے دفع آندھی** ۔ جب آندھی آئے تو آندھی کی طرف منہ کرکے پڑھے مولیٰ عزوجل کے فضل سے اس آندھی کے شر سے محفوظ رہے اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَخَيْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ بادل اٹھتے دیکھ کر بھی پڑھے۔

(۴۳۸) **دعاء دفع شر بجلی وکڑک** ۔ جب بادل گرجے تو پڑھے سُبْحٰنَ اللّٰهِ الَّذِيْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ جب چمک ہو تو پڑھے اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ اِنَّكَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ٥

(۴۳۹) **جب پانی برسے** ۔ اَللّٰهُمَّ نَسْئَلُكَ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا فِيْهِ وَخَيْرَ مَا اُرْسِلَ بِهٖ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا فِيْهِ وَشَرِّ مَا اُرْسِلَ بِهٖ پانی برسنا شروع ہو تو یہ دعائے خیر کرے کہ وقت قبول ہو۔

(۴۴۰) **دعاء نیا چاند دیکھے تو پڑھے** اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى ٥ چاند کی طرف خطاب کرکے کہے رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ هِلَالُ خَيْرٍ وَّرُشْدٍ پھر درود شریف پڑھ کر یہ دعاء پڑھے اَللّٰهُمَّ نَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الشَّهْرِ وَخَيْرَ الْقَدْرِ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ مہینہ انشاء اللہ تعالیٰ خیریت سے گزرے گا۔

(۴۴۱) **دعاء بیمار کو دیکھ کر پڑھے** ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا ٥

(۴۴۲) **دعاء وقت روانگی سفر** ۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ نَزِلَّ اَوْ نُزَلَّ اَوْ نَذِلَّ اَوْ نُذَلَّ اَوْ نَضِلَّ اَوْ نُضَلَّ اَوْ نَظْلِمَ

اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيْنَا اَحَدٌ ۝

(۲۴۳) **دعا وقت سوار ہونے کے** ۔ ہر سواری میں بیٹھنے کے وقت پڑھے، سُبْحٰنَ اللّٰهِ تین بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ تین بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ تین بار لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تین بار بِسْمِ اللّٰهِ سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝

(۲۴۴) **دعا مجلس سے اٹھتے وقت** ۔ سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ اس مجلس میں جو نیک باتیں کی ہونگی اوس پر حفاظت کی مہر ہو جائے گی اور جو لغو و بیہودہ بیجا و ناروا باتیں کی ہوں کی وہ محو ہو جائیں گی۔

(۲۴۵) **دعا جب نیا کپڑا پہنے** ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ مَا اُوَارِيْ بِهٖ عَوْرَتِيْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِيْ حَيَاتِيْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ فِيْ هٰذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى اَجْمَلِ اَنْبِيَائِهٖ وَاٰلِهِمْ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ ۝

(۲۴۶) **دعا کشتی** ۔ کشتی میں سوار ہوتے وقت پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اس کے بعد یہ پڑھے وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖۤ اِذْ قَالُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۝ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنْتُمْ وَلَاۤ اٰبَآؤُكُمْ ۝ قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ۝

(۲۴۷) **دعا دفع باراں** ۔ کیسا ہی پانی برستا ہو اگر اس آیت شریفہ کو باہر نکل کر برستے میں کھڑے ہو کر پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ بند ہو جائے وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۝

(۲۴۸) **دعا رجعت** ۔ يَا جِبْرَائِيْلُ يَا مِيْكَائِيْلُ يَا اِسْرَافِيْلُ

يَا عِزْرَائِيْلُ بِحَقِّ يَا بُدُّوْحُ يَا بَاسِطُ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اَجِيْبُوْا دَعْوَاتِيْ وَاقْضُوْا حَاجَاتِيْ اِلٰهِيْ مَنْ اَرَادَنَا بِسُوْءٍ فَرُدَّهُ وَمَنْ

كَادَنَا بِكَيْدٍ فَكِدْهُ وَمَنْ دَعَا عَلَيْنَا بِهَلَكَةٍ فَاَهْلِكْهُ وَاحْفَظْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْنَا وَمِنْ

خَلْفِنَا وَمِنْ شَرِّ اَيْمَانِنَا وَشَمَائِلِنَا وَمِنْ شَرِّ جَمِيْعِ بَلِيَّاتِ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَالْاَرَضِيْنَ وَمَا

فِيْهِنَّ بِحَقِّ اٰهِيًا اَشَرَاهِيًا اِلٰهِيْ تَقَبَّلْ دُعَاءَنَا بِكُلِّ دَعْوَةٍ وَاسْتَجِبْ دُعَاءَنَا بِحَقِّ اُدْعُوْنِيْ

اَسْتَجِبْ لَكُمْ وَافْتَحْ مَغَائِبَنَا بِمَفَاتِيْحِ الْغَيْبِ الَّتِيْ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ وَاكْشِفْ ضُرَّنَا بِحَقِّ لَا

كَاشِفَ لَهٗ اِلَّا هُوَ وَبِحَقِّ الٓمّٓصٓ وَطٰهٰ وَيٰسٓ وَنٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ يَا غِيَاثِيْ عِنْدَ

كُلِّ كُرْبَةٍ وَمُجِيْبِيْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَمَعَاذِيْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَمُوْنِسِيْ عِنْدَ كُلِّ وَحْشَةٍ

وَرَجَائِيْ حِيْنَ لَا تَنْقَطِعُ حِيْلَتِيْ يَا غِيَاثِيْ ۝

(۲۴۹) آیت قطب

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ۝ ثم انزل علیکم من بعد الغم امنۃ نعاسا یغشی طائفۃ منکم وطائفۃ قد اھمتھم انفسھم یظنون باللّٰہ غیر الحق ظن الجاھلیۃ ط یقولون ھل لنا من الامر من شیٔ قل ان الامر کلہ للّٰہ ط یخفون فی انفسھم ما لا یبدون لک ط یقولون لو کان لنا من الامر شیٔ ما قتلنا ھھنا ط قل لو کنتم فی بیوتکم لبرز الذین کتب علیھم القتل الی مضاجعھم ولیبتلی اللّٰہ ما فی صدورکم ولیمحص ما فی قلوبکم ط واللّٰہ علیم بذات الصدور ۝

(۲۵۰) آیت غوث

محمد رسول اللّٰہ والذین معہ اشداء علی الکفار رحماء بینھم تراھم رکعا سجدا یبتغون فضلا من اللّٰہ ورضوانا سیماھم فی وجوھھم من اثر السجود ط ذالک مثلھم فی التورٰۃ ومثلھم فی الانجیل ج کزرع اخرج شطئہ فازرہ فاستغلظ فاستوی علی سوقہ یعجب الزراع لیغیظ بھم الکفار ط وعد اللّٰہ الذین آمنوا وعملوا الصٰلحٰت منھم مغفرۃ واجرا عظیما ۝

تسخیرِ حکام

(۴۵۱) **تسخیرِ حکام** ۔ حلیۃ المتقین میں مذکور ہے کہ ایک شخص حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ میں حاکم شہر سے ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے قتل نہ کردے حضرت نے ارشاد فرمایا کہ انگوٹھی ساعت قمر میں تیار کرو اور نگینہ کی جگہ پر یہ عبارت تین سطروں میں اس طرح کندہ کراؤ اور نگینے کے نیچے دو سطروں میں یہ عبارت اٰمنت باللہ وکتبہ اور سطر دوم میں اِنی واثق باللہ ورسولہ اور دور نگینہ میں اشھد ان لا الٰہ الا اللہ مخلصا ہ کندہ کراؤ ہر حاجت کے لئے کافی ہے اور ہر خوف سے امن دلائے گی اور نجاست اور خون سے حفاظت کرنا اور پاخانے میں نہ لے جانا۔

اشھد

اعوذ بجلال اللہ
اعوذ بکلمت اللہ
اعوذ برسول اللہ


ان لا الٰہ الا اللہ

(۴۵۲) **عمل سورۂ جمعہ برائے تسخیرِ حاکم وخواص وعوام** ۔ منقول از حضرت سیدنا شاہ ابو الحسین احمد نوری میاں صاحب قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سورۂ جمعہ بعد نماز فجر تاریخ طاق سے جمعرات کے دن اول ماہ سے گیارہ دن تک ہر روز گیارہ بار پڑھے اور اول و آخر درود تنجینا پڑھے۔

(۴۵۳) **عمل برائے تسخیر ومحبت وغیرہ** ۔ صبح کے وقت یا بعد نماز مغرب چھ رکعت نماز دو دو رکعت کرکے پڑھیں اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے آیۃ الکرسی شریف ایکبار اور سورۂ اخلاص شریف گیارہ بار اور ہر دو رکعت کے بعد حمد الٰہی و درود شریف دس دس بار اور یا ارحم الراحمین تین بار پھر نیچے لکھی ہوئی دعا سات بار اور ہر

ایک مرتبہ دعا کے بعد درود شریف ایک مرتبہ پڑھیں جب سات مرتبہ دعا پڑھ لیں تو پھر درود شریف دس بار پڑھیں اور تین مرتبہ آمین کہیں۔ ہر دو رکعت کے بعد اسی طرح کریں ایک ہفتہ یا دو ہفتہ یا تین ہفتہ تک پڑھیں اور کام سخت ہو تو چالیس دن تک، اگر چند آدمی ہوں تو قلبہ کی جگہ قلبہم اور دو ہوں قلبہما اور ینطق کی جگہ ینطقان اور ینطقون اور فانہ کی جگہ فانہما اور فانہم پڑھیں اور ناصیہ کے بجائے ناصیتہما اور نواصیہم پڑھیں اور فلاں کی جگہ نام مع نام والدہ کے لیا جائے دعا یہ ہے اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَبِيْرُ وَاَنَا عَبْدُكَ الضعیف الذلیل الذی لاحول ولا قوۃ لہ الا بك اللھم سخر لی فلانا کما سخرت فرعون لموسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام ولین لی قلبہ کما لینت الحدید لداؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام فانہ لا ینطق الا باذنك وناصیتہ فی قبضتك وقلبہ فی یدك جل ثناء وجھك یا ارحم الراحمین ٥

(۲۵۴) تسخیر ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم یا عزیز تعززت بالعزۃ والعزۃ فی عزۃ عزتك یا عزیز سات بار بعد نماز عشاء پڑھے اور چہرہ پر ملے اور پورے بدن پر ہاتھ پھیرے اس کے بعد دستک دے اور اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔



(۲۵۵) تسخیر ۔ اگر کوئی کسی کا قصوروار ہو تو یہ تعویذ لکھ کر اپنے عمامہ میں ماتھے کی نوک پر رکھ کر اس کے سامنے جائے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا قصور معاف کردے گا

(۲۵٦) تسخیر اور مطلوب کو بلانے کا عمل ۔ کوری ٹھیکری پر لکھ کر طالب و مطلوب کا نام مع ان کے ماں کے

نام لکھ کر سورج کے مقابل رکھیں انشاءاللہ تعالیٰ مطلوب مطیع و منقاد ہو کر حاضر ہوگا اور مجرب ہے۔

۷۸۶

۳	۱۶	۱
۷	یابدوح	۱۳
۱۰	۴	۶

یاجبرئیل یادردائیل یاتنکفیل یارفتمائیل

۴۵۷ اپنی بات منوانے کیلئے۔ جب کسی کے پاس جائے تو راستہ بھر گفتگو نہ کرے اور دل میں یابدوح پڑھتا جائے جب اس کے سامنے جائے تو السلام علیکم یا بدوح کہے اور سات مرتبہ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ دل میں پڑھے اور یہ کہے۔ الٰہی سوال من ردنہ شود و قبول شود۔ اس کے بعد اپنا مطلب ظاہر کرے انشاءاللہ تعالیٰ مطلب حاصل ہوگا۔

۴۵۸ تسخیر۔ حاکم کے پاس جانا ہو تو ۷ بار یہ پڑھے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم واللہ المستعان علی ما تصفون ٥ اور دونوں ہاتھوں پر دم کر کے چہرہ پر مل لے اور ساتویں بار شہادت کی انگلی سے لب تر کر کے پیشانی پر یہ لکھے واللہ المستعان علی ما تصفون ٥ پھر حاکم کے پاس جائے۔

۴۵۹ تسخیر۔ عروج ماہ میں ساعت سعد میں کہ قمر نحوست سے بری ہو اس نقش کو لکھ اپنے سامنے رکھ کر آیت کریمہ والٰھکم الٰہ واحد لا الٰہ الا ھو الرحمٰن الرحیم ۲۱۵۱ بار پڑھے اکتالیس دن اور روزآنہ اس نقش کو رکھ کر سامنے رکھے بعد اکتالیس دن کے ان نقوش کو دریا میں ڈال دے اور وقت معین اور موضع معین میں قرأت کرے انشاءاللہ تعالیٰ مخلوق اس کی مسخر ہوگی ←

۷۸۶

۲۲۱	۲۲۴	۲۲۷	۲۱۳
۲۲۶	۲۱۴	۲۲۰	۲۲۵
۲۱۵	۲۲۹	۲۲۲	۲۱۹
۲۲۳	۲۱۸	۲۱۶	۲۱۸

۴۶۰ تسخیر۔ اسم یابدوح اکیس بار صبح و شام بلا ناغہ پڑھ لیا کریں اس طرح اجب یاتنکفیل اجب یارفتمائیل اجب یادردائیل اجب

یا جبرئیل احضر والمسخرات فلاں بن فلاں بحق یا بدوح ۔ اور اگر کسی دشمن کی ہلاکت کا خیال ہو تو یوں پڑھیں احضر واللغداوۃ فلاں بن فلاں ٥

(۴۶۱) **برائے تسخیر و فتوح** ۔ المص ۔ ان حروف کو یا ان کے ساتھ دیگر مقطعات قرآنیہ کو ماہ ثابت عروج ماہ میں مبارک دن میں مثلاً دوشنبہ، چہارشنبہ، پنجشنبہ، جمعہ کو چاندی کی انگوٹھی میں نقوش کندہ کرا کے باادب پہنیں ۔

(۴۶۲) **تسخیر** ۔ مثلث بدوح عمل شاہ حسن رسول نما ۔ اگر مطلوب کو حاضر کرنا مقصود ہو اس نقش کو کوری ٹھیکری پر لکھ کر چولہے میں دفن کریں مگر باموکل لکھیں اور تسخیر کے علاوہ دوسرے کاموں کے لئے بھی مفید ہے ←

یا جبرئیل ۷۸۶

۱۲	۷	۱
۶	خانہ مطلب	۱۴
۲	۱۳	۵

(۴۶۳) **محبت و تسخیر** ۔ اگر مرد عورت کو نہیں چاہتا ہے تو اس نقش کو لکھ کر شہد یا شکر میں ملا کر اسے کھلائے ←

۷۸۶

۶	۶	۶
۲	۶	۷
۵	۷	۳

(۴۶۴) **تسخیر** ۔ منقول از مفتاح الدعوات شیخ وجیہ الدین گجراتی ۔ اپنی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے یا بدوح لکھ کر حاکم کے سامنے یا جہاں خوف ہو جائے اور ہر نماز کے بعد اس عمل کو کیا کرے تو زیادہ بہتر ہے ۔

محبت کے اعمال

(۴۶۳) محبت ۔ اس عزیمت کو ہفتہ کے دن خود لکھ کر سات دن یا تین دن فتیلہ بنا کر چراغ میں جلائے اللہ نے چاہا تو محبوب اس کی جانب رجوع لائے گا۔

۳۴۸۱ااااااااااااا۱۱۷ادوھ ۱۱ ۵ اااا ۴۲ااا۱۸ا۱۱۵اااااا۷اادوھ ااا۱۶۱۱۷ااا

حب فلاں بن فلاں علی قلب فلاں بن بحق ہٰذہٖ العزیمت غالب محبت گرداں زود زود

(۴۶۴) محبت میں دیوانہ بنانیکا عمل ۔ اس عزیمت کو مطلوب کے کپڑے پر لکھ کر چراغ میں چلائے اور چراغ کا رخ مطلوب کے مکان کی طرف رکھے ہفتہ کی رات سے شروع کرے ہفتہ بھر عزیمت یہ ہے۔

S اااااالاااالاااارلمھb اb   ک ااا 7 لالام ھ ی ااا مسلح   ک ااا ھ ااطہ ہط مرصلح ااا

حب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

(۴۶۵) برائے محبت ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قل اوحی الی انہ استمع نفر من الجن فقالوا انا سمعنا قرآنا عجبا یهدی الی الرشد فامنا به ولم نشرك بربنا احدا بحق کھیعص حمعسق اھیا اشراھیا وبحق توریت وانجیل وزبور وفرقان وصحف ابراھیم وبحق حروف وکلمۃ وکلمۃ حب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق چہار فرشتگان وبحق آدم وحواء وبحق محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وآلہ اجمعین روزانہ ایک ۱۱۱ سو گیارہ بار پڑھے یا اس کا تعویذ بنا کر گلے میں پہنے۔

(۴۶۶) محبت ۔ سورۂ فاتحہ اکیس مرتبہ مع نام والدین طالب و مطلوب اور اپنے دونوں کے پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے آنکھوں میں لگا کر جائے۔

(۴۶۷) محبت ۔ اس نقش کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے مطلوب مطیع و فرماں

بردار ہوگا ←

۴۵	۱۴	۱۸	۶	۲۳	۱۸	۱۱	۱
۱۳	۱۰	۴	۷۲۲	۱۹	۱۲	۲۱	۹
۲	۱۷	۷	۱۴۵	۶	۱۱	۱۶	۳

(۴۶۸) **محبت** ۔ چالیس گول مرچوں پر ہر مرچ پر سات بار پڑھ کر دم کرے اور آگ میں جلائے مطلوب بیقرار ہوگا ۔ لا الٰہ الا اللہ اجعل قلب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلانۃ بحق محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ٥

(۴۶۹) **محبت** ۔ لقد فتنا سلیمٰن والقینا علی کرسیہ جسداً ثم اناب لکھ کر مطلوب کو کھلائے یا ۵۷ مرچ سیاہ پر دم کرکے آگ میں جلائے ۔

(۴۷۰) **محبت** ۔ پان یا پھول پر سات بار پڑھ کر جس کسی کو کھلائے محبت جانی ہو ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فاغشینٰھم فھم لا یبصرون ٥ یہ عمل سیدنا امیر حیدر گورے میاں مارہروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے اور آپ نے فرمایا کہ میں نے خود تجربہ کیا ہے ۔

(۴۷۱) **محبت** ۔ دو رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھے اور اس کے بعد یہ آیت پڑھے ۔ عسی اللہ اَنْ یَّجْعَلَ بینکم وبین الذین عادیتم منھم مودۃ واللہ قدیر واللہ غفور الرحیم ٥ بعد سلام ستر بار پڑھے اللھم لین قلب فلاں بن فلاں کما الینت الحدید لداؤد علیہ السلام ٥ اور اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پھر آسمان کی طرف منھ کرکے دعا مانگے ۔

(۴۷۲) **محبت** ۔ بعد نماز عشاء دو زانوں بیٹھ کر اپنے بائیں جانب ایک کونڈی گاڑے کلمہ کی انگلی سے اور اس میں تصور اس شخص کا کرے جس کے واسطے عمل کیا جائے جہاں تک ہو سکے تصور اس کی صورت کا جماوے ۔ اور اول و آخر گیارہ گیارہ

بار درود شریف پڑھے پھر گیارہ بار یہ آیت کحب اللہ والذین آمنوا اشد حبا للہ ہ پڑھکر دائرہ پر دم کرے اس طرح گیارہ بار دم کرے ۔ اگر کسی حاکم کے لئے پڑھا جائے تو یہ آیت کریمہ بجائے گیارہ مرتبہ کے اکیس مرتبہ پڑھے۔

(۴۷۲) مفاتیح القلوب ۔ اس نقش میں سورۂ جن و مزمل وق وچہار قل اور چہل اسم و مکتوب حضور سید المرسلین صلوات اللہ وسلامہ علیہ وعلیٰ آلہ اور عزیمت حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور آیۃ الکرسی اور حروف مقطعات اور ہفت سلام اور آیت قل اللّٰھم اور سورۂ والشمس وسورۂ یوسف و سورۂ فتح شریف کے اعداد ہیں ۔ مجرب بفضل خدا ہے ←

۷۸۶

۴۲۱۷۴۶	۴۲۱۷۴۱	۴۲۱۷۴۸
۴۲۱۷۴۷	۴۲۱۷۴۵	۴۲۱۷۴۳
۴۲۱۷۴۲	۴۲۱۷۴۹	۴۲۱۷۴۴

(۴۷۳) برائے محبت ۔ پرانی قبر کی مٹی پر سات بار سورۂ فاتحہ پڑھکر مطلوب کے گھر میں ڈال دے بیقرار ہو۔

(۴۷۴) محبت ۔ نماز یا ودود کی نیت سے ۔ اول چار رکعت اس ترتیب سے پڑھے نیت می کنم نماز یا ودود عشق من از ناخن پائے آں تا سر ش رو د اللہ اکبر اور ہر رکعت میں الحمد ایک بار اور دو سو بار درود شریف اور بارہ بارہ بار سورۂ اخلاص، بعد نماز پانسو مرتبہ یا ودود بحق سلیمان بن داؤد و بحق صبر ایوب و بحرمتہ آب چشم یعقوب فلاں را بمن رساں امروز ہیچو باد ہیچو دود یا معبود۔

(۴۷۵) محبت ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ہ نمک کی سات کنکریوں پر سات سات بار پڑھ کر آگ میں ڈالے اتوار سے شروع کرے اور شروع ماہ میں یہ عمل چڑھتی دھوپ میں پڑھے اور آگ کو منہ سے نہ پھونکے اول و آخر درود شریف لازم جانے اور ہر بار بسم اللہ شریف پڑھے مجرب المجرب ہے

(۴۷۶) **محبت** ۔ عروج ماہ میں جمعرات سے شروع کرے اکیس دانہ مرچ سیاہ پر پڑھ کر دم کرکے آگ میں ڈالے ایک چلہ چلہ برابر عمل کرلے لا الہ لادے الا اللہ ملادے یا رسول اللہ فلاں کے بغیر فلاں کو کل نہ پڑے۔

(۴۷۷) **محبت و خواب بندی** ۔ اس دعا کو لکھ کر روئی کی شاخ میں کر کے آب جاری میں ڈالے، محبوب عاشق ہوگا اور اس کی نیند ختم ہو جائے گی فمن یرد اللہ ان یھدیہ یشرح صدرہ للاسلام وھو علیٰ نور من ربہ فویل للقاسیۃ قلوبھم من ذکر اللہ انا اعطینٰک الکوثر فصل لربک وانحر ان شانئک ھو الابتر ہ

(۴۷۸) **برائے محبت و تسخیر** ۔ بہت زود اثر ہے۔ اپنے نام کے اعداد اور آیہ کریمہ لقد جاءکم الآیہ کے اعداد جمع کرکے ساعت موافق میں مربع میں پر کرکے محفوظ رکھے جب قمر ناظر بصعود ہو اتوار یا بدھ کی رات میں جب لوگ مشغول بخواب ہوں وضو کرکے دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد فاتحہ یہی کریمہ ۲۰ بار پڑھے بعد سلام سو بار درود شریف پڑھ کر سجدہ میں جائے اور بیس بار یوں کہے یا رحیم فلاں را مہربان من گرداں مطلوب بغایت مہربان ہوگا۔

(۴۷۹) **محبت** ۔ منگل کے دن کاغذ پر تحریر کرکے مطلوب کے مکان کے دروازے میں دفن کرے یا مغربی دیوار میں چسپاں کر دے اور مراد پوری ہو جانے پر نکال لے انشاء اللہ تعالیٰ مراد پوری ہو گی ۔ طال لاھعال طلطہ محمعمشات مھلحمو ی

نوٹ :۔ دونوں کو ایک ہی سطر میں لکھیں۔

(۴۸۰) **برائے محبت مجرب المجرب** ۔ ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ اس آیت کریمہ کو چالیس دن میں تصور مطلوب کے ساتھ پڑھیں اور پرہیز نہیں ہے مجرب ہے اور اگر اس مدت میں کام نہ ہو قیامت کے دن دامن گیر من باشد آیت یہ ہے واذا سألک

عَادِیْ عَنْ قَانِیْ قَرِیْبٍ ۝

(۴۸۱) **محبت** ۔ اس آیت کریمہ کو خوشبودار پھول پر سات مرتبہ دم کرکے سونگھائے یا پان پر دم کرکے کھلائے مطلوب در محبت دیوانہ شود فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحق ۔ اس کے بعد آیت کریمہ پڑھیں خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰی سَمْعِهِمْ وَعَلٰی اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۝

(۴۸۲) **محبت** ۔ اگر کسی کو اپنی محبت میں وارفتہ بنانا ہو تو نمک سنگ پر اس آیت کریمہ کو پڑھ کر آگ میں جلائے وہ بیقرار ہوگا ۔ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۝

نوٹ :۔ یہ عمل اوپر گزرا ہے صرف ترکیب میں قدرے اختلاف ہے ۔

(۴۸۳) **محبت کا بے نظیر عمل** ۔ اگر مطلوب کو بلانا مقصود ہو تو اس نقش کو گھوڑے کی نعل پر اتوار کے دن دونوں جانب طالب و مطلوب مع نام ماں کے تحریر کرے اور آگ میں ڈالے اور ڈالنے کے وقت اس عزیمت کو سات بار پڑھے ، وہ شخص حیران ہوکر آئے گا ۔ عزیمت یہ ہے بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم آتش سوزاں نعل آمد تفتاں باد آمد پراں ابر آمد باراں برق درخشاں رعد آمد غراں فیل آمد خراماں اسپ آمد تازاں مار آمد غلطاں کژدم آمد گرداں نہ آتش آمد سوزاں نہ نعل آمد تفتاں نہ باد آمد پراں نہ آمد باراں نہ برق آمد درخشاں نہ رعد آمد غراں نہ فیل آمد خراماں نہ اسپ آمد تازاں نہ مار آمد غلطاں نہ کژدم آمد گرداں فلاں بن فلاں آمد دل بریاں چشم گریاں و خاک برسر افشاں از عشق و محبت و دوستی فلاں بن فلاں العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ

احرقت فلاں بن فلاں
علی حب فلاں بن فلاں

(۴۸۴) محبت وخواب بندی ۔ اس نقش کو لکھ کر آگ میں جلائے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب بغیر دیکھے بیخود و بیقرار رہے گا۔

۱۱ ۱۱ ۶ ۱۱۱۱ ۹ ۱۱۱۱ ۱۱ ۱۹۹۲

۱۱ع ۱د ع دل حدہ واولسم

خواب وآرام فلاں بن فلاں (بنت فلاں)

(۴۸۵) برائے محبت ۔ ان آیات کو مع نام طالب ومطلوب اوران کی ماں کے لکھ کرکسی بوتل میں بندکرکے زمین میں دفن کردیں وہ شخص دیوانہ وبیقرار ہوجائے گا مجرب ہے يحبونهم كحب الله والذين آمنوا اشد حبا لله ولو يرى الذين ظلموا اذ يرون العذاب ان القوة لله جميعا وان الله شديد العذاب ۔ اهيا اشر اهيا ۔ زين للناس حب الشهوات من النساء والبنين والقناطير المقنطرة من الذهب والفضة والخيل المسومة والانعام والحرث ط

(۴۸۶) محبّت ۔ اگر کسی عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہے اور وہ انکار کرتی ہے تو دو مغز بادام ایسے لے جو ایک ہی پوست سے نکلے ہوں ان پر سات بار سورۂ یٰسین شریف پڑھکر دم کرے اور ان دونوں کا نام لے کر ان دونوں مغزوں کو ملاکر ہرے ریشم کے دھاگے سے باندھ کر کسی پھل دار درخت میں لٹکادے اور اس کے نیچے خوشبو سلگائے سات دن تک ۔ مجرب المجرب ہے۔

(۴۸۷) محبّت ۔ نوچندی جمعرات یا جمعہ کو چوراہے سے اکتالیس سنگریزہ لاکر ہر ایک پر ایک ایک بار سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر مطلوب کا نام لے کر ایک نئے کوزہ میں رکھ کر بندکرکے چولہے میں دفن کردے اس طرح کہ آگ روشن کرنے پر گرمی پہونچے اور اثر کرے۔

(۴۸۸) محبّت ۔ اکتالیس دانہ مرچ سیاہ لیکر تین بار یا سات بار سورۂ یٰسٓ شریف

پڑھ کر دم کرے اور مطلوب کا نام لے پھر انھیں باریک پیس کر مطلوب کے کپڑے میں لپیٹ کر نئے چراغ میں رکھ کر تل کے تیل میں جلائے بہت جلد فرماں بردار ہوگا۔

(۴۸۹) **محبت** ۔ اتوار کے دن ظہر کی نماز کے قبل آیۂ کریمہ وضرب لنا مثلا ونسی خلقہٗ قال من یحیی العظام وھی رمیم ۝ قل یحییھا الذی انشاھا اول مرۃ وھو بکل شیٔ علیم ۝ الذی جعل لکم من الشجر الاخضر نارا فاذا انتم منہ توقدون ۝ پچاس بار پڑھ کر نمک پر دم کرکے اور کہے بستم دل وجان فلاں بن فلانہ بمحبت فلاں بن فلاں بحق ایاک نعبد وایاک نستعین سات دن تک اسی طرح کرے اور مطلوب کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ محبت جانی پیدا ہوگی

۷۸۶

۱۷۲	۱۷۵	۱۷۹	۱۶۵
۱۷۸	۱۶۶	۱۷۱	۱۷۶
۱۶۷	۱۸۱	۱۷۳	۱۷۰
۱۷۴	۱۶۹	۱۶۸	۱۸۰

بدوح	بدوح	بدوح
بدوح	بدوح	بدوح
بدوح	بدوح	بدوح

(۴۹۰) **تعویذ برائے محبت** ۔ یہ تعویذ لکھ کر اس کی پشت پر یہ عبارت لکھے اور گلے میں پہنے عبارت یہ ہے فلاں بن فلانہ زود تابعدار فلاں بن فلاں بود

(۴۹۱) **برائے محبت** ۔ یہ تعویذ کاغذ پر لکھ کر اور لپیٹ کر روئی میں لپیٹے اور بتی بنائے اور نیا چراغ لے کر رکھے اور تل کے تیل میں جلائے اور چراغ کا منہ مطلوب کے مکان کی جانب رہے اور اس کی روشنی میں بیٹھ کر ان دونوں آیتوں کو دو سو آٹھ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور مراد حاصل ہوگی۔ دونوں آیتیں یہ ہیں

لو انفقت ما فی الارض جمیعا ما الفت بین قلوبھم ولکن اللہ الف بینھم انہ عزیز حکیم عسی اللہ ان یجعل بینکم وبین الذین عادیتم منھم مودۃ واللہ غفور الرحیم ۝ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔ روزآنہ تیل نیا ہو اور جو تیل بچ جائے اسے اپنے جسم اور سر پر مل لے اور پورا فتیلہ روزآنہ جلائے

اور پڑھنا بتی کے ختم کے ساتھ ختم ہو ←

روشن کرنیکی جگہ

۲۰۳۲	۲۰۴۶	۲۰۴۳	۲۰۴۰
۲۰۴۴	۲۰۳۹	۲۰۳۳	۲۰۴۵
۲۰۳۸	۲۰۴۱	۲۰۴۸	۲۰۳۴
۲۰۴۷	۲۳۰۵	۲۰۳۷	۲۰۴۲

اس طرف سے لپیٹیں

(۴۹۲) **محبت** ۔ اگر مرد عورت کو دوست نہیں رکھتا اس تعویذ کو لکھ کر شہد یا دودھ یا شکر میں ملا کر اس کو کھلائیں ←

۶	۶	۶
۷	۶	۲
۳	۷	۵

(۴۹۳) عمل مجرب برائے محبت

اکتالیس سیاہ مرچ لے کر ہر ایک پر اکتالیس بار سورۂ اخلاص پڑھے اور کہے یا اللہ فلان بن فلان را بدون من آرام نگردد و پریشان و بیقرار و بے آرام گشتہ حاضر آید انشاء اللہ تعالیٰ مرچ پر دم کرے یہ دور کے واسطے ہے اگر قریب ہو تو یہ کہے کہ فلاں بن فلاں کو بدون من آرام نہ ملے اور دم کر کے مرچوں کو آگ میں ڈالے اور پڑھتے وقت ایک کٹورا پانی سے بھر پاس رکھے یا کنویں پر بیٹھ جائے جب سب مرچیں جل جائیں دعا مانگ کر چلا آوے،

(۴۹۴) **برائے محبت** ۔ اس تعویذ کو لکھ کر چاندی یا تانبے کی تعویذ میں کر کے سیدھے بازو پر باندھے ۔ یہ نقش نظر بد کے دفع کے لئے اور بیمار کی شفا کے لئے اور زوجین میں محبت کے لئے اور دو مخالفین کے درمیان کے لئے محبت و مہربانی پیدا کرنے کے لئے تشرف

۷۸۶

ک ش	کما انزلناہ	السماء فاختلط من آفا	ت من به نبا الاز	فاصبح هشیما	تذروہ الریاح	ح
ھ	ھو اللہ الذی	لا الہ الا ھو	والشھادۃ عالم الغیب	ھو الرحمن	الرحیم	م
ی	یوم الآزفۃ	اذ القلوب لدی	الحناجر کاظمین	ما للظالمین من حمیم	ولا شفیع یطاع	ع
ع	علمت نفس	فلا اقسم ما احضرت	بالخنس الجوار الکنس	واللیل اذا عسعس	والصبح اذا تنفس	س
ص	ص والقرآن	ذی الذکر	بل الذین کفروا	فی عزۃ	وشقاق	ق

زہرہ میں لکھ کر دینا مفید ہے ۔

۷۸۶

د / ح	و / و	د / د	و / ب
و / ب	د / د	و / و	د / ح
و / و	د / ح	و / ب	د / د
د / د	و / ب	د / ح	و / و

فلان بن فلان زور تا بعدار فلان بن فلان بود

(۴۹۵) **برائے محبت** ۔ اس نقش کو لکھ کر پتھر کے نیچے دبائے بہت مفید ہے اور بارہا کا تجربہ شدہ ہے

(۴۹۶) **برائے محبت** ۔ جمعہ کے دن ہرن کی کھال پر لکھ کر عود و لوبان کی دھونی دے کر لپیٹے اور سرخ ریشم کے کپڑے میں لپیٹ کر انار کے پیڑ میں لٹکائے بہت مفید ہے

۱۰ ۷۸۶

۴		۱
۲	۵	۸
۹		۶

فلان بن فلان زعا بعدا۔

(۴۹۷) **برائے محبت** ۔ سات عدد اخروٹ لے کر ہر ایک پر سات سات بار اس دعا کو پڑھ کر دم کرے پھر حلوا تیار کرکے اس میں ان کو ملا دے اور مطلوب کو کھلائے ۔ اللھم انی اسئلك باسماء الشریفة الکریمة المبارکة المخزونة المکنونة التی لا یجاوزھن بر ولا فاجر حبب فلاں بن فلانہ علی حب فلاں بن فلاں بحق ایاك نعبد وایاك نستعین بحق اھیا اشراھیا احبادث ال شدای سلام علی نوح فی العلمین وصلی اللہ تعالی علی خیر خلقه محمد واله اجمعین ۵

(۴۹۸) **برائے محبت** ۔ عروج ماہ میں زہرہ کی ساعت میں دو نقش لکھے اور موم سفید کی دو صورت بنائے مگر اعضاء کی تفصیل ظاہر نہ کرے اور اس کے گردن میں دونوں نقش لٹکائیں اور اپنے سامنے کھڑی کرکے ایک بڑی سوئی اس طرح چبھوئیں کہ دوسری صورت میں پیوست ہو جائے پھر ایک کوری ہانڈی میں رکھ کر چولھے کے اندر دفن کریں مگر اس کا لحاظ رکھیں کہ اتنی گرمی نہ پہونچے کہ موم پگھل جائے اور اگر مرد

کے لئے یہ تعویذ لکھنے کی ضرورت پڑے تو ساعت زہرہ کے بجائے ساعت مشتری میں تحریر کریں۔

۵۸۳۵۸	۵۸۳۶۱	۵۸۳۶۴	۵۸۳۵۱
۵۸۳۶۳	۵۸۳۵۲	۵۸۳۵۷	۵۸۳۶۲
۵۸۳۵۳	۵۸۳۶۶	۵۸۳۵۹	۵۸۳۵۶
۵۸۳۶۰	۵۸۳۵۵	۵۸۳۵۴	۵۸۳۶۵

(۴۹۹) عمل برائے تسخیر و محبت۔ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ اس اسم مبارک کے نصاب کی تعداد گیارہ ہزار ہے اور زکات پانچ ہزار پانسو پچاس اور قفل دو ہزار سات سو تہتر اور دور مدور نوے ہزار چار سو پچاس اور بذل نو ہزار سات سو چھبیس ہے، ترک جلالی اور روزہ و غسل کے ساتھ ایک دن یا دو دن کے اندر شرائط سے فارغ ہو جائے پھر جس وقت کسی کی تسخیر یا محبت کا ارادہ ہو اس اسم مبارک کے ساتھ مطلوب اور اس کی ماں کے نام کو نیز اپنا نام اور اپنی والدہ کے نام ان چاروں ناموں کے اعداد نکال کر جمع کرے اور چالیس روز تک اس تعداد کے موافق پڑھے اور پڑھنے کے وقت مطلوب کی صورت کا تصور رکھے اور ہر سو بار پڑھنے کے بعد تین بار یہ پڑھ لیا کرے یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَ فلاں بن فلاں اِلَیَّ بے شک مطلوب مسخر ہوگا مجرب ہے۔ اور یہ بھی احتیاط ہے کہ چالیس دن سے کم مدت میں پورا کرے۔ (کاشف الاسرار شریف)

(۵۰۰) عمل حضرت سجاد قدس سرہ۔ یَا بَدُّوْحُ یَا بُدُوْحُ یَا بَدُوْحُ یَا بُدُّوْحُ یَا بَدُّوْحُ ان اسماء میں صرف اختلاف اعراب ہے کسی ایک کو متعین کرکے مع چاروں موکلوں کے جس مدت میں چاہے عدد کبیر کی مقدار پڑھے عدد کبیر اٹھارہ ہزار

چھ سو بیالیس ہے اس طرح اَجبُ یاجبہئیل یادردائیل یارفتمائیل یا تنکفیل بحق یا بدوح۔ عمل فراغت کے بعد روزآنہ چھ ہزار بار دن میں اور چھ ہزار بار رات میں پڑھے کہ عمل مکمل ہو جائے اور رجعت نہ ہو۔

پرہیز جلالی وجمالی روزہ وغسل لازم جانے اور ہر اسم مطلب کے لئے بیس ہزار مرتبہ روزآنہ پڑھے ظاہری وباطنی مدعا حاصل ہوگا مجرب ہے۔ (کاشف الاسرار شریف)

(۵۰۱) **عمل بدوح برائے محبت**۔ مردہ کی ہڈی لے کر اس پر اپنا تھوک ڈالے پھر باریک پیس کر کسی کاغذ پر مطلوب وطالب کا نام لکھ کر اس پر اسے چھڑک دے اس کاغذ کو لپیٹ کر سر کے نیچے رکھے اور مطلوب کی صورت کا تخیل کرے، ہڈی کو پیستے وقت بدوح کا ورد رکھے اور کاغذ پر ڈال کر تین مرتبہ یا بدوح پڑھے۔

مغلوبی ومقہوری دشمنان وتفریق وعداوت کے تعویذات وعملیات

(۵۰۲) **برائے دفع شر دشمنان**۔ اس اسم کی زکات سوا لاکھ ہے بشرائط معلومہ پڑھے اس کے بعد بارہ سو مرتبہ روزآنہ بعد نماز عشاء پڑھے اور پڑھتے وقت دشمنوں کا خیال رکھے اور بِالشَّرِ وَالطَّرَاقِ پڑھتے وقت دشمن کا خیال کرکے دونوں ہاتھوں کی پشت سے زمین پر مارے اور تصور کرے کہ یہ دشمن کے سر پر مارتا ہوں وہ اسم اعظم یہ ہے یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالشَّرِّ وَالطَّرَاقِ۔

(۵۰۳) **عمل قُل ھُوَ اللہ شریف کا جو مجرب ہے** ۔ دشمنوں کے دفع کیلئے نزول قہر میں اس طرح پڑھنا بہت اثر رکھتا ہے اگر طلوع آفتاب سے قبل نماز صبح کے بعد ہفتہ کے دن اس کا نقش لکھے اور اس پر خشک قلم سے اپنا اور اپنی والدہ اور دوسرے فریق اور اس کی ماں کا نام لکھے اور یہ کہے ۔ الٰہی بہ برکت اس کلام پاک کے ان میں موافقت کر پھر اسے دھو کر مطلوب کو پلا دے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ شیرینی پر دم کر کے کھلا دے اور کسی امر حرام کے لیئے نہ کرے ۔ قُل ھُوَ اللہ شریف ایک ہزار بار، اول و آخر درود شریف تو اتو بار۔

(۵۰۴) **دشمنوں سے محفوظ رہنے کا عمل** ۔ جس کو دشمنوں کا خوف ہو اس کو چاہیئے کہ سورۂ نحل ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ سب متفرق ہو جائینگے ۔


(۵۰۵) **مغلوبی اعدا کا عمل** ۔ اس رباعی کو بے تعداد پڑھے اول و آخر درود شریف کم از کم ۳-۳ بار رباعی یہ ہے ۔

رو در صف دوستاں من باش مترس ÷ خاک در آستاں من باش مترس
گر جملہ جہاں قصد بجوں تو کنند ÷ دل فارغ دار از آں من باش مترس

(۵۰۶) **دشمنوں کو بھگانیکا عمل** ۔ اس آیت کریمہ کو گیارہ بار تھوڑی سی مٹی لیکر دشمنوں کے مجمع میں پھینک دے وہ متفرق ہو جائینگے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی ولیبلی اللہ المؤمنین منہ بلاءً حسنا ان اللہ سمیع علیم ٥

(۵۰۷) **برائے تفریق** ۔ مٹی کے ایک گلھڑ کو لے کر عورت کے سر کے بال کی دھونی دی جائے اور مرد اس سے پانی پیئے انشاء اللہ تعالیٰ عورت اس مرد سے بے حد نفرت کرے گی ۔

(۵۰۸) **دشمن کو مقہور کرنیکا مجرب عمل** ۔ مقہوری دشمنان کے لئے یہ نقش



لکھا جائے اور درمیان میں دشمن کا نام لکھیں اور چولھے میں دبادیں انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مقہور ہوگا۔

۵۰۹ مخالف کی زبان بند کرنے کا مجرب عمل،

اکتالیس بار سورۂ یٰس شریف پڑھ کر چوب گز پر دم کرے اور دشمنوں کا نام لے کر دم کرے اور پاک زمین میں دفن کردے انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کی زبان بند ہوجائے گی۔

۵۱۰ دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کا مجرب عمل۔

اگر اس آیت کو لکھ کر اپنے پاس رکھے محفوظ رہے گا اور چاہئے کہ گلاب زعفران سے لکھے اور مشک ہو تو بہتر ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم ان ربکم اللہ الذی خلق السموات والارض (الیٰ قولہ) من المحسنین ۝ اور یہ عمل آنکھ کے زخم اور سانپ بچھو اور درد دل کے لئے بھی مفید ہے،

۵۱۱ بغض و عداوت کا بہترین عمل۔

گوگرو عہ پر سورۂ عبس گیارہ بار مع نام ہر دو پڑھ کر دم کرکے کوئلے کی آگ میں جلائے مجرب ہے۔

۵۱۲ ظالم کے ظلم سے محفوظ رہنے کا عمل۔

شاہ عبدالرزاق جھنجھانوی قدس سرہٗ کا عطیہ ہے یہ دعا سوا لاکھ مرتبہ تین روز میں پڑھے خواہ تنہا یا چند آدمی ملکر مگر پڑھنے والوں کی تعداد طاق ہو اور نیاز حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دلائیں۔ دعا یہ ہے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ النَّارِ وَمِنْ مَکْرِ الْکُفَّارِ وَمِنْ غَضَبِ الْجَبَّارِ ۝

۵۱۳ عمل خاص۔

یہ عمل دشمنوں کے دفع اور ان کی زبان بندی اور ان پر کامیابی پانے کے لئے مفید ہے اور ظالموں کے ہلاک کرنے کے لئے بھی مفید ہے یعنی ختم سورۂ مزمل شریف سات دن ہر دن گیارہ مرتبہ اس طریقہ سے پڑھے۔ ظہر کی سنت اور فرض کے درمیان اور عشاء کے فرض و سنت کے درمیان فجر کی سنت و فرض کے درمیان کسی سے بات نہ کرے پہلے درود شریف یہ پڑھے اللھم صل علی محمد بعدد المومنین

عہ گوگرو گندھک کو کہتے ہیں

والکافرین اللہ ہ صل علیٰ محمد بعدد المطر والانبیاء پھر سورۂ مزمل شروع کرے جب اس کلمہ پر پہونچے ھِیَ اَشَدُّ وَطْاءً وَّاَقْوَمُ قِیلًا ہ ستر مرتبہ کہے الٰہم فلاں بن فلاں را۔ فع وہلاک گرداں پھر جب اس کلمہ پر پہونچے علیٰ مایقولون دس بار کہے فلاں بن فلاں رابند گرداں اور ان لن تحصوہ پر ایک باریوں کہے خداوندا فلاں رابرائے من افگندہ گرداں وموم سرگرداں ورسوا گرداں وزاوہفت اندام گرہ گرداں تاوقت مرگ بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۔ یہ عمل آزمودہ ہے بعد ختم یہ دعا پڑھے یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُفَتِّحُ فَتِّحْ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ یَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ وَیَا مُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ عَلَیْنَا نِعْمَتَكَ وَهَبْ لَنَا كَرَامَتَكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ ہ

(۵۱۴) **تفریق** ۔ روٹی کے ٹکڑے پر اس کو لکھ کر



کتے کو ڈالدیں اور دونوں فریق کا نام بھی تحریر کریں ←

(۵۱۵) **دشمن کو مقہور کرنیکا بہترین عمل** ۔ مقہوری کا عمل کہ منسوب ہے حضور سیدنا غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جانب پہلے طالب کے نام کے حروف علیحدہ علیحدہ لکھیں پھر یا قہار کے بعد مطلوب کے سب ایک سطر میں ہو پھر زمام کریں جب اول سطر آجائے ۔ اس کا فتیلہ بناکر نئی روئی لپیٹ کر تیل یا گھی میں جلائیں اور چراغ کو راہو اور فتیلہ کا منہ مطلوب کے مکان کی طرف ہو اور یا قہار پڑھتے رہیں اور فتیلہ روشن کرنے کے وقت نیاز حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دلائیں اور اس عمل کو حاصل کرنے کے لئے ایک لاکھ مرتبہ پڑھیں تین دن میں بدھ، جمعرات، جمعہ اور فتیلہ بھی جلائیں خواہ ایک ہی فتیلہ تین دن یا ہر دن علیحدہ علیحدہ انشاء اللہ تعالیٰ مقصد پورا ہوگا ۔

(۵۱۶) **برائے تفریق** ۔ ان آیات کو لکھ کر کنوئیں میں ڈال دیں والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الیٰ یوم القیمۃ ۔ انما یرید الشیطٰن ان یوقع بینکم العداوۃ والبغضاء

فی الجھد والمیسر ویصد کم عن ذکر اللہ وعن الصلوٰۃ فھل انتم منتھون فلاں بن فلاں علی العداوۃ والبغضاء فلاں بن فلانۃ العجل العجل الساعۃ الساعۃ۔

(۵۱۷) **ہلاکی دشمناں**۔ پاؤ بھر گیہوں کے آٹے سے ہزار گولیاں چنے برابر بنائیں اور ہر گولی پر ایک ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھ کر دم کریں یا عزیز اللہ یا باسط یا طاطائیل یا اعطرائیل یا سرفتمائیل یا سراکیطائیل پھر ان گولیوں کو پرندوں کو کھلائیں بعد ازاں اسی دعا کو روزآنہ دو سو مرتبہ دوپہر کے وقت پڑھا کریں اور تھوڑی سی خاک ہتھیلی پر رکھ کر دشمن کی طرف ڈالدیں انشاء اللہ تعالیٰ دو ہفتہ میں دشمن خراب ہوگا مگر خدا سے ڈریں اور کبھی ناجائز کام کے لیے نہ کریں اور جہاں تک ممکن ہو ضبط کریں۔

(۵۱۸) **ایضاً برائے ہلاکی دشمناں**۔ نیم کے یا لیموں کے سات پتے لے کر نحس دن کہ اتوار یا منگل ہے اور تاریخ نحس بھی ہو زوال کے وقت اسی درخت کے نیچے بیٹھ کر ہر پتے پر یہ آیت لکھ کر ایک ایک پتہ جلائیں ایک ہفتہ تک مقصد بعونہ تعالیٰ پورا ہوگا والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیٰمۃ وسوف ینبئھم اللہ بما کانوا یصنعون ٥

(۵۱۹) **ایضاً** آیت کریمہ کل من علیھا فان ویبقٰی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام بارہ ڈھیلے لے کر ہر ایک پر بارہ بارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں بارہ دن تک اور ہر روز ایک ایک ڈھیلہ علیحدہ علیحدہ جگہ دشمن کے گھر کی دیوار پر ماریں بہت جلد دشمن خراب ہوگا اور بہتر یہ ہے کہ عامل خود ڈھیلے مارے۔

(۵۲۰) **ایضاً**۔ ریشمی دھاگے پر سورۂ الم ترکیف ستر مرتبہ پڑھ کر کہے بستم بول فلاں بن فلاں اور دم کرے۔ اسی طرح سترہ دن تک کرے اور سترہ گرہ دے پھر اس کو کسی جگہ دفن کرے دشمن کا پیشاب بند ہو جائے گا اور کھولنا مقصود ہو تو اس کو نکال لے۔

(۵۲۱) مغلوبی اعداء کے لئے مجرب ہے ۔ جمعہ کی رات میں آدھی رات کو تازہ وضو کرے اور دس مرتبہ سورۂ قدر پڑھے پھر دو رکعت نماز حاجت پڑھے اور دشمنوں پر غلبہ پانے کے تصور کے ساتھ ستر مرتبہ یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ شَتِّتْ شَمْلَھُمْ وَفَرِّقْ جَمْعَھُمْ وَقَلِّبْ تَدْبِیْرَھُمْ وَخَرِّبْ بُنْیَانَھُمْ وَبَدِّلْ اَحْوَالَھُمْ وَقَرِّبْ اٰجَالَھُمْ وَقَطِّعْ اَمْدَادَھُمْ وَاَشْغِلْھُمْ بِاَبْدَانِھِمْ وَخُذْھُمْ اَخْذَ عَزِیْزٍ مُّقْتَدِرٍ یَاقَھَّارُ ، یَاقَھَّارُ یَاقَھَّارُ ۵


(۵۲۲) زبان بندی دشمنان کیلئے مجرب ہے ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم یاقدیم یادائم یا حی یا قیوم یا باقی یا الٰہ الاولین و یا الٰہ الآخرین ہر کہ مرا ببیند وبد خواہد ضربت لا الٰہ الا اللہ بجان او و بستگی محمد رسول اللہ برزبان او و عصائے موسیٰ بر جگر او و آرہ زکریا بر سر او و مہر سلیمان بر دہن او و طوفان نوح در خانہ او و کرم ایوب در بدن او و غبارہ دنیا در چشم او و تیغ رجال الغیب بر قتل او یا بدوح یا بدوح یا بدوح ہر نماز کے بعد یا صبح و شام دشمن کے گھر کی طرف رُخ کر کے بیٹھے اور شہادت کی انگلی اٹھا کر اس کی صورت کا تصور کر کے انگلی سے مارے اور درود شریف پڑھ کر اس دُعا کو تین بار پڑھے ۔

(۵۲۳) دشمنوں سے حفاظت اور حصول مدد کیلئے ۔ اسمائے اقطاب اربعہ سو بار ۔ اول و آخر درود شریف ۳ ۳ بار پڑھے یعنی اس طرح یا شیخ عبدالکریم غربی یا شیخ عبدالجلیل جنوبی یا شیخ عبدالرحیم شرقی یا شیخ عبدالرشید شمالی ۔

(۵۲۴) دشمنوں کے شر سے حفاظت ۔ آیت قطب و آیت غوث لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا ۔

(۵۲۵) ایضاً ۔ اگر چوروں یا دشمنوں کا ڈر ہو یا راستہ خوفناک ہو یا جنگل بیابان میں وحشت ہو تو اپنے چاروں طرف ن ، ق علیحدہ علیحدہ رکھے اور کریمہ قولہ الحق ولہ الملک (الآیۃ)

وزوجات حاتم زحل کہ ب و د و و د ح کو اسی طرح کرے تو دشمن کی نظر سے روپوش ہو جائے گا اور اس کے خوف سے بے خوف ہو جائے گا۔



(۵۲۶) **ایضاً** ۔ مرغ کے خون سے لکھ کر اسی مکان میں دفن کرے بہت بار تجربہ ہو چکا ہے ←

(۵۲۷) **برائے ہلاکت** ۔ اس آیت شریفہ کو کاغذ پر لکھ کر دشمن کے ماں باپ کے نام کے ساتھ دیگ میں ڈالے اور اس کو پانی سے بھر دے اور اس کے نیچے آگ جلائے اور تین دن تک آگ برابر جلتی رہے جتنا جتنا پانی خشک ہو گا اسی وقت سے اتنا ہی دشمن کا بدن خشک ہونا جائے گا یہاں تک کہ پانی خود بخود بالکل خشک ہو جائے گا اور دشمن ہلاک ہو جائے گا اور کسی کی سمجھ میں اس کا مرض نہ آئے گا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم فجعلنا عالیہا سافلہا وامطرنا علیہم حجارۃ من سجیل فلاں بن فلاں ہلاک گردد یا جلیل یا جلیل یا جلیل ۔

(۵۲۸) **ایضاً** ۔ سورۂ لہب ہزار بار پڑھے اور دشمن اور اس کی ماں کا نام زمین پر لکھ کر چھری سے کاٹے دشمن باذنہ تعالیٰ ہلاک ہو گا۔

(۵۲۹) **ہلاکیٔ دشمناں** ۔ اس مخمس کو کسوف یا خسوف میں جسقدر چاہیں لکھ کر کوزہ میں بند کر کے کسی جگہ دفن کر دیں ۔ بروقت ضرورت نکال کر مطلب لکھ کر پرانی قبر میں کلھڑ میں کر کے دفن کر دیں ۔ یہ مخمس متعدد کاموں میں معمول ہے مثلاً قلعہ یا لشکر یا شہر باندھنے کے لئے دشمن یا اس کی دوکان باندھنے کے لئے نظر بندی اور شہوت

۵۷۳	۵۷۹	۵۸۵	۵۹۲	۵۶۷
۵۸۶	۵۸۸	۵۶۸	۵۷۴	۵۸۰
۵۶۹	۵۷۵	۵۸۱	۵۸۲	۵۸۹
۵۷۷	۵۸۳	۵۹۰	۵۷۰	۵۷۶
۵۹۱	۵۷۱	۵۷۲	۵۷۸	۵۸۴

باندھنے کے لئے بھی مستعمل ہے خانہ اول کا عدد
۵۶۷ ہے اور ختم ۵۹۲ ہے اور کسر ایک جو خانہ
۲۱ میں لکھی جائے یعنی ۵۸۶ کے بعد ۵۸۸ ہے
اور زکات سوالا کھ ہے ←

(۵۳۰) برائے تفریق ۔ بکری کے شانے
والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیمۃ فراق
پر لکھ کر پرانی قبر میں ڈال دیں
دل خلاں بن فلاں علی عداوۃ فلاں بن فلاں ۔ فلاں بن فلاں کی جگہ مرد و عورت اور انکی
ماں کا نام لکھیں ۔

(۵۳۱) برائے تفریق ۔ شنبہ کے دن مطلوب کے پیر کی مٹی لیکر آفتاب نکلنے
سے پہلے سورۃ کوثر سات بار دم کر کے طالب کے پیر کے نیچے ڈالدے ۔

(۵۳۲) برائے ہلاکت مجرب ہے ۔ پرانی قبر کے اکتالیس ڈھیلے لائے اور اس
پر سورۃ لہب اکتالیس بار اور یَا مُمِیْتُ یَا خَافِضُ یَا مُقْتَدِرُ بِحَقِّ کُلِّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ ۸۸ ۔
۸۸ بار پڑھ کر دم کرے اسی طرح اڑتالیس دن دم کرے اور فرصت نہ ہو تو اٹھارہ دن اس
کے بعد ظالم دشمن کے مکان میں ڈالدے اور انھیں پیس کر بھی ڈال سکتا ہے اور کسی سے
اس کا تذکرہ نہ کرے پھر تو قدرت حق کا مشاہدہ کرے اس عمل میں ترک حیوانات اور تنہائی
اور روزہ و غسل شرط ہے ۔

(۵۳۳) دشمن کی بربادی ۔ گدھے کے چمڑے پر لکھ کر پرانی قبر میں دفن کرے
اور خواہ مثلث میں لکھے یا مربع میں ہر دو کا اختیار ہے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن جلد برباد ہوگا
آیت کریمہ یہ ہے فی قلوبھم مرض فزادھم اللہ مرضا ولھم عذاب الیم

(۵۳۴) دشمن کو گھر سے بھگانیکا مجرب عمل ۔ اس مثلث کو تحریر کر کے

نیچے مطلب لکھے اور اس کا نام مع ماں کے نام کے تحریر کرے اور آب جاری میں ڈالے

اس نقش کی زکات ...۵ ۱۲ ہے اور زکوٰۃ صغیر ہر روز پندرہ نقش لکھے محبوس کو قید سے نجات پانے اور وضع حمل کی آسانی کے لئے بھی مجرب ہے

۵۸۹

۸	۳	۴
کیفشوبا ۱	ع	۹
۶	۷	۲

(۵۲۵) ایضاً دشمن کو تکلیف پہونچانے کا عمل

سورۂ کوثر اس طریقہ سے انڈے کے چھلکے پر تحریر کرے دشمن اور اس کی ماں کا نام لکھا جائے اور کورے کپڑے میں لپیٹ کر آگ میں ڈالے دشمن کا پیشاب بند ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ

ان
ا ـــــــــ
لہ ب ث وان ج ر

(۵۲۶) دشمن کو گھر سے نکالنے کا عمل

اس دعا کو لکھ کر گھر کے اندر جو طاق پوربی جانب میں ہو وہاں لگا کر کیل ٹھونک دے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الم تر الی ربک کیف مد الظل ولو شاء لجعلہ ساکنا ثم جعلنا الشمس علیہ دلیلا ثم قبضنٰہ الینا قبضا یسیرا طس طٰسم (فلاں بن فلانہ) ان یخرج من بیتنا حسب مرادنا اللھم لک المشرق ولک المغرب ولک البر ولک البحر ولک السمٰوات ولک الارض اسئلک ان تضیق علی (فلاں بن فلانہ) ان یخرج من بیتنا حسب مرادنا ناسعۃ الارض والجبال والبر والبحر حتیٰ یکون علیہ اضیق من حلقۃ علی اصبع حتی یخرج من بیتنا حسب مرادنا وضاقت علیھم الارض بما رحبت وضاقت علیھم انفسھم وظنوا ان لا ملجأ من اللہ الا الیہ۔

اعطینلـــــک
ا ش ا ن ی ت ہ

الکو ـــــ ثـــر
وال اب ت ر

فصـــــــل

(۵۲۷) عمل عجیب

نزول ماہ میں نحس تاریخ میں آدھی رات کے بعد پاک زمین پر بیٹھ کر اپنے گرد دائرہ کھینچ لے اور چھری سے دائرہ کے اندر دشمن کی صورت بنائے

سے ہو رہا تھا، نہ بنائیں کیونکہ تصویر بنانا منع ہے اس سے صرف چند خطوط بنائیں

اور اس کا نام رکھ لے اور اس دعا کو سو مرتبہ پڑھ کر دس جوتے اس تصویر کو مارے اسی طرح ہزار بار پڑھے اور ہر سو مرتبہ پڑھنے کے بعد دس جوتے مارے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کو جوتے لگیں گے بسم اللہ الرحمن الرحیم اَنْڈ مَنْڈ ذوالجلال مار جوتی دھڑ پچھاڑ یا قاھر ذا البطش الشدید انت الذی لایطاق انتقامہ یا قاھر ٥

(۵۳۸) عمل برائے دفع دشمن و بیمار کرنیکا ۔ ۲۸ تاریخ کو شروع کرے اور تین دن تک برابر کرے پھر چھوڑ دے اسی طرح دوسرے مہینہ میں کرے ۔ بعد نماز صبح کھڑے ہو کر دشمن کے مکان کی جانب منہ کر کے گیارہ بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تین بار یوں کہے زدیم بدست عزرائیل اور ہاتھوں کو زمین پر مارے لیکن اس دعا کے پڑھنے کے دوران ہر وضو کے وقت اسم یا قادر تین تین بار ہر عضو پر دم کرے کہ یہ اسرار سے ہے اور یہ عمل مجرب ہے دعا یہ ہے کافران مردا ظالمان مردا باطلان مردا اِسْمُ اللّٰہُ اَکْبَرُ یَا صَمَدُ یَا صَمَدُ وَبِحَقِّ عِزْرَائِیْلِ وَبِحَقِّ اِسْرَافِیْلَ وَبِحَقِّ مِیْکَائِیْلِ وَ بِحَقِّ جِبْرَئِیْلِ ٥

(۵۳۹) برائے مقہوری دشمناں ۔ نیم کی ٹہنی پر دشمن کا نام لکھ کر اپنے سامنے رکھے پھر اول آخر درود شریف پڑھ کر سورۂ انا اعطینٰک ہزار بار بالتسمیہ پڑھے مگر ایک مجلس میں پڑھے جب سو پڑھ چکے تو اس نیم کی ٹہنی پر دم کر کے اسی طرح ہزار پورا کرے بعدہٗ اس ٹہنی کو ایسے کنواں میں ڈالے جس میں پانی نہ ہو ۔ انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب وہ دشمن پریشان و حیران ہو کر صحیح حالت پر ہو جائے گا یہ عمل ایک ہفتہ کافی ہے مگر اکیس دن تک کرنا چاہیئے اور بہتر رات کا وقت ہے اور آخر ماہ میں شروع کرے ۔

(۵۴۰) سرکش دشمن کو زیر کرنے کیلئے مجرب ہے ۔ حضور اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کے مجموعہ کا تازہ عطیہ ہے ، جمعہ کے دن روزہ رکھے اور نماز صبح کے بعد خلوت

میں حضور قلب کے ساتھ چھ سو مرتبہ پڑھے ماشاء اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ پھر حاجت کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

(۵۴۱) **ایضاً**۔ اس کریمہ کی کثرت کرے سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا ۝ اور بارش کے پانی سے زعفران گھول کر ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

(۵۴۲) **دعائے حیدری برائے ہلاکی دشمن**۔ یہ دعا روزآنہ وقت مقررہ پر گیارہ مرتبہ پڑھے دشمنوں سے حفاظت رہے اور اس کا نقش تانبے کے پتر پر کندہ کرا کے چاندی کی قلعی کرائے پڑھتے وقت سامنے رکھ لے۔ نیز اگر دشمن کو ہلاک کرنا چاہے تو نقش پر کلمہ کی انگلی رکھ کر بار بار خوب زور سے مارتا جائے گیارہ دن نہ گزریں گے کہ دشمن ہلاک ہوگا انشاء اللہ المولیٰ تعالیٰ۔

دعائے حیدری۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا يَنْبَغِي الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ یہاں حضرت علی کا چہرہ مثل آفتاب کے تصور کرے حَقٌّ حَقٌّ حَقٌّ اَحْبُبْ اِسْرَافِيْلُ بِحَقِّ يَامَعْرُوْسُ يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ يَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَيَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَيَادَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ وَيَاغِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ وَيَامُفَرِّجَ الْمَحْزُوْنِيْنَ اَغِثْنِيْ تَوَكَّلْتُ عَلَيْهِ يَارَبِّيْ قَضَيْتُ فَوَّضْتُ اَمْرِيْ اِلَيْكَ يَارَزَّاقُ يَافَتَّاحُ يَابَاسِطُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ تین بار پڑھے اَللّٰهُمَّ اكْشِفْ عَلَيَّ حَقَائِقَ الْاَشْيَاءِ كَمَا هِيَ اَنْتَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ سُبْحٰنَ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ھا حَقُّ حَقُّ حَقُّ يَا اللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِيْ كُلِّ فِعَالِهٖ پوری عبارت تین بار پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

کما ینبغی الصلوٰۃ علیہ وصل علی محمد کما امرتنا بالصلوٰۃ علیہ بسم اللہ الرحمٰن
الرحیم بسم اللہ الجلیل الجبار القاھر القھار اللھم صل علی محمد سید القاھرین
علی اعداء رب العالمین ○ یا حیدر یا حیدر یا حیدر یا حیدر یا ابا تراب یا علی یا اسد
اللہ ولی اللہ یا رجال اللہ یا مقبول اللہ یا محبوب اللہ یا ظھور اللہ یا مظھر
العجائب بالقھر انی مغلوب فانتصر یا حق یا حق یا حق یا حق تحققت بالحق والحق
فی حق حقک یا حق یا فتاح یا فتاح یا فتاح یا حی یا قیوم یا اللہ اللہ اکبر ولا حول
ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پھر خوفزدہ ہو کر عظمت الٰہی کا دل میں تصور کرکے
پڑھے تعظمت بالعظمۃ والعظمۃ فی عظمۃ عظمتک یا رب یا قدیر یا قدیر یا قدیر یا قدیر
یا خالق یا کریم یا رحیم یا مسخر السموات والارض وما بینھما یا حلیم یا محی یا ممیت
یا متکبر یا ضار یا جلیل المتکبر علی کل شیء فالعدل امرہ والصدق وعدہ یا
جلیل یا جلیل یا جلیل حسودی مقھور اس جگہ دشمن کو ذلیل و خوار تصور کرے وعدوی
مقتول بقھرک یا قاھر تین بار پڑھے تقھرت بالقھر والقھر فی قھر قھرک
یا قھار یا قھار یا قھار قھر اعدائی یا اویس یا بیس بحق عدومونی یا حولائیل بحق
رینونی یا مذل کل جبار عنید بقھر عزیز سلطانہ یا مذل یا نفیا من کل
جور لم یرضہ ولم یخالطہ فعالہ یا نقی فقتلت بسیف اللہ اس جگہ دشمن
کو مردہ تصور کرے لایلف قریش الٰفھم رحلۃ الشتاء والصیف وما رمیت اذ رمیت
ولکن اللہ رمی اس جگہ عزرائیل علیہ السلام کو حاضر جان کر دشمن کو مردہ تصور کرے
یا قوی یا قاھر یا ذالبطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ یا قاھر اقھر واد
وقع اعدائی من قھرک وانت اشد القاھرین حق حق حق اللھم صل علی محمد بعدد
من صلی علیہ وصل علی محمد بعدد من لم یصل علیہ وصل علی محمد کما تحب وترضی

اَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ یَا مُتَکَفِّلُ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ یَا حَمِیْدَ الْفَعَّالِ ذَا الْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ یَا حَمِیْدُ (یا مُتَکَفِّلُ سے یا حمید تک تین تین بار پڑھے) یَا خُولَائِیْلُ بِحَقِّ وَحَبْشَ کَلِیْخٍ یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَّمُوْنِسِیْ وَحْشَۃٍ وَّرَجَائِیْ حِیْنَ یَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ نَادِ عَلِیًّا مُّظْہِرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْہُ عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ہَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَبِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا اَللّٰہُ یَا سَمِیْعُ اَجِبْ دَعْوَتِیْ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ یَا جِبْرَئِیْلُ بِحَقِّ یَا مُظْہِرَ الْعَجَائِبِ یَا ظَاہِرُ یَا بَاطِنُ یَا اَوَّلُ یَا آخِرُ اَنْتَ اَجِبْ دَعْوَتِیْ یَا مُجِیْبَ الشَّانِ یَا قُوْقَائِیْلُ تَجِدْہُ عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ہَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ۔

(نوٹ) یہ عمل بزرگوں کا مجرب المجرب ہے۔

(۵۴۳) برائے زبان بندی دشمناں۔ سورۂ والتین کے اعداد مربع میں پر کر کے مچھلی کے منہ میں رکھیں اور پرانی قبر میں دفن کریں اور صاحب قبر سے یہ الفاظ کہیں۔ اے صاحب قبر از برکت تو زبان فلاں بن فلاں بند ہو جائے پھر صاحب قبر کی نیاز دلائے۔

۲۵۵۶	۲۵۵۹	۲۵۶۲	۲۵۴۹
۲۵۶۱	۲۵۵۰	۲۵۵۵	۲۵۶۰
۲۵۵۱	۲۵۶۴	۲۵۵۷	۲۵۵۴
۲۵۵۸	۲۵۵۳	۲۵۵۲	۲۵۶۳

(۵۴۴) ایضاً۔ وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فاغشینٰھم فھم لا یبصرون۔ نمک کی سات کنکریاں لے کر ہر کنکری پر سات سات بار اس آیت کریمہ کو پڑھ کر دم کرے اور دونوں کا نام مع ماں کے لکھ کر آگ میں ڈالے اور یہ کہے کہ فلاں بن فلاں اور فلاں بن فلاں کے درمیان عداوت ہو۔


(۵۴۵) برائے جدائی مجرب ہے۔ اس نقش کو منگل یا اتوار کو مریخ

انت الذی	لایطیق	انتقامہ	یاقاھر
الشدید	انت الذی	لا یطیق	انتقامہ
ذاالبطش	الشدید	انت الذی	لا یطیق
یاقاھر	ذاالبطش	ذاالبطش	انت الذی

یازحل کی ساعت میں لکھ کر کسی پرانی قبر میں دفن کرے فورًا جدائی ہو گی اور اگر ہفتہ کے اندر تعویذ کا اثر نہ ہو تو نکال کر جلا دے۔

(۵۴۶) یہ نقش دفع اعدا اور ہر ظالم و شریر سے حفاظت کا ہے: حضور سیدنا اعلیحضرت قدس سرہٗ کا مستخرجہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم



اسے لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے دشمنوں سے نجات ملے گی اور ہر شریر و جابر سے حفاظت رہے گی اور مکان یا دوکان میں لٹکانا بھی مفید ہے یہ چھ نقشوں کا مجموعہ ہے پانچ اسمائے باری تعالیٰ۔ اللہ، وکیل، حافظ، حفیظ، رقیب اور دعا اللّٰھم انا نجعلك الخ اور مذکور امور کے لئے نافع ہے۔

ہر حاجت و مطلب کے مجرب عمل

(۵۴۷) **برائے قضائے حاجات۔** عمل آیہ کریمہ لا الٰہ الا انت سبحٰنك انی کنت من الظّٰلمین ۝ یہ کریمہ ہر حاجات کے لئے مفید و مجرب ہے خصوصاً ادائے قرض اور قید سے رہائی کے لئے کبریت احمر ہے اور ہمارے خاندان میں اسمائے مبارکہ یا حی یا قیوم کے ساتھ پڑھا جاتا ہے زکات سوا لاکھ ہے اور ترک جلالی کافی ہے اور دونوں میسر ہو تو بہتر ہے۔ یہ عمل عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ سے شروع کیا جائے اور ہر روز تین ہزار ایک سو پچیس ۳۱۲۵ بار چالیس روز تک پڑھیں لیکن ہر ہزار بلکہ سو مرتبہ پڑھ لینے کے بعد آیت کریمہ فاستجبنا لہٗ و نجینٰہ من الغم وکذٰلك ننجی المومنین ۝ تین تین بار پڑھیں جلد کام ہو جائے گا بلکہ اگر تھوڑی مدت میں پڑھنا چاہیں تو تعداد بڑھا دیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ چند شخص صالح ایک ہی روز میں ختم کریں اور بعد ادائے زکات اثر زکات باقی رکھنے کے لئے روزانہ بعد نماز فجر ایک سو گیارہ ۱۱۱ اور آیت ثانیہ کو گیارہ بار پڑھا کریں۔ پھر کسی اہم کام کے لئے ضرورت پیش آئے تو تاریکی میں بیٹھ کر ایک پیالے میں پانی بھر کر سامنے رکھیں اور کریمہ کو تین سو ساٹھ بار پڑھیں اور پڑھنے کے دوران پانی لے کر چہرہ پر مل لیا کریں تا قضائے حاجت ایسا ہی کریں۔

(۵۴۸) **دیگر۔** ہر اہم کام کے لئے سورۂ ہود شریف تیرہ بار تلاوت کی جائے اول و آخر درود شریف سو سو بار۔ بہت زود اثر ہے۔

(۵۴۹) **برائے قضائے حاجات۔** آیت کریمہ ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب ط ومن یتوکل علی اللہ فہو حسبہ ۰ ان اللہ بالغ امرہ قد جعل اللہ لکل شیٔ قدرا ۰ حدیث شریف میں ہے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مجھے ایک ایسی آیت معلوم ہے کہ اگر لوگ اس پر عامل ہوں تو ان کی حاجتوں کو کافی ہے پھر یہ آیت کریمہ ارشاد فرمائی ادائے قرض اور روزی و روزگار کے لئے اس کی کثرت مفید و مجرب ہے۔

(۵۵۰) **قضائے حاجات** کے لئے یہ رباعی مفید و مجرب ہے۔

الٰہی تو بگردانی بلا را ۔۔۔ ز آفتہا نگہداری تو ما را

بحق ہر دو گیسوئے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ۔۔۔ زبوں گرداں زبردستان ما را

زکات کا طریقہ یہ ہے کہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور اس رباعی کو گیارہ ہزار بار پڑھیں بعد ختم تھوڑی سی شیرینی پر فاتحہ دے کر بچوں کو تقسیم کریں۔ بعد زکات ہر روز مغرب یا عشاء کے بعد سات مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ مریض پر دم کرنے سے صحت ہوگی اور اگر کوئی مشکل کام درپیش ہو تو سات مرتبہ پڑھ کر صدق دل سے دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا حل خواب کے ذریعہ معلوم ہوگا۔

(۵۵۱) **جملہ امراض کیلئے کافی ہے**، اور ہر مطلب کیلئے مفید ہے۔ جمعہ کے دن ہر مطلب کیلئے اس طرح پڑھیں کہ بعد نماز عصر قبلہ رو بیٹھ کر آنکھیں بند کر کے حضور دل سے بے تعداد پڑھیں یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ غروب آفتاب تک پڑھتے رہیں پھر اللہ رب العزت کی بارگاہ میں خلوص دل سے دعا کریں اور نماز مغرب ادا کریں۔

اس عمل کو فقیر کاتب الحروف نے بارہا تجربہ کیا بہت زود اثر پایا۔

(۵۵۲) **شفائے بیماراں** ۔ ہر قسم کے مرض کو دور کرنے کے لئے الحمد شریف تین۳ بار آیۃ الکرسی ایک۱ بار، کلمۂ تمجید ایک بار اور اس رباعی کو تین۳ بار پڑھکر مریض پر دم کریں یا پانی پر دم کرکے پلائیں رباعی یہ ہے۔

اے در صفت ذات تو حیراں کہ و مہ ❊ وز ہر دو جہاں خدمت گاہ تو بہ

علت تو ستانی ز شفا ہم تو دہی ❊ یارب تو بفضل خویش بستان و بدہ

(۵۵۳) **ایضاً** ۔ اسی رباعی کو بعد نماز فجر یا اور کسی نماز کے بعد مریض کے سر کے پاس کھڑے ہو کر اکتالیس بار پڑھے اور مریض پر دم کرے اور بہتر یہ ہے کہ اس رباعی کے پڑھنے سے پہلے ستر بار الحمد شریف اس طرح پڑھے کہ بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمد سے ملائے اور مریض پر دم کرے ہفتہ کے اندر مریض کو صحت ہو گی۔

(۵۵۴) **ایضاً** ۔ بیمار کو تلقین کریں کہ آیت کریمہ اللہ الصمد کا ورد جاری رکھے دل و زبان سے ہر وقت پڑھتا رہے ان شاء اللہ المولیٰ تعالیٰ جلد شفاء ہو گی۔

(۵۵۴) **شفائے بیمار** ۔ اسم یا غفور تین سطروں میں لکھے اور ہر سطر میں تین مرتبہ اس طرح غ ف و ر ۔ غ ف و ر ۔ غ ف و ر اور روزآنہ ایک تعویذ مریض کو دے کہ زبان سے چاٹے یا مشک و زعفران سے لکھ کر دے کہ روزآنہ تعویذ پلائیں ان شاء اللہ تعالیٰ صحت ہو گی۔ ایک فجر کے وقت دوسرا دو گھنٹے کے بعد تیسرا شام کو ضرور صحت ہو گی۔

(۵۵۵) **جملہ مقاصد دینی و دنیاوی کیلئے** ۔ عمل آیۃ الکرسی شریف، ہر فرض نماز یا فجر و عصر کے بعد آیت الکرسی کو اس طرح پڑھے کہ اس آیت میں دس۱۰ وقف ہیں ان وقوف کو قرآن مجید سے دیکھ کر یاد کر لے اور ہر وقف پر ایک انگلی بند

کرے اور شروع چھنگلیا سے کرے اسی طرح بائیں ہاتھ کی انگلیوں کو بند کرے پھر سورۂ الم نشرح، وقل ھو اللہ شریف، درود شریف تین تین بار پڑھ کر آسمان کی جانب دم کر کے انگلیوں کو سورۂ الحمد شریف ایک ایک بار پڑھ کر کھولے مگر بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمد سے ملا کر پڑھے پھر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے چہرہ پر مل لے۔

(۵۵۶) **فائدہ**۔ ترقی رزق کے لئے یا کسی کی مہربانی کے لئے پڑھے تو یشفع عندہٗ کے دونوں عینوں کے درمیان اپنی مراد کا دھیان کرے اور دشمن کے دفع کے لئے یعلم ما بین ایدیھم کے دونوں میموں میں تصور کرے۔

(۵۵۷) **نماز اشراق حاجتوں کے پورا ہونے کیلئے**۔ چار رکعت نماز اشراق پڑھے اوّل میں سورۂ والشمس دوّم میں واللیل سوّم میں والضحیٰ چہارم میں سورۂ الم نشرح شریف پڑھے اور دعائے حاجت کرے۔

(۵۵۸) **برائے قضائے حاجت**۔ ماہ ثابت عروج قمر میں جاہ و مرتبہ حاصل ہونے اور ترقی رزق کے لئے بعد نماز مغرب قطب کی جانب کھڑے ہو کر ۱۲ روز آیت قطب پڑھے۔

(۵۵۹) **ایضاً**۔ عشاء کی نماز کے بعد وتر سے پہلے دو رکعت نماز ادا کرے اور اسکے بعد یا لطیف سو مرتبہ پڑھے اور بایاں ہاتھ سینہ پر شہ رگ کے پاس رکھے۔

(۵۶۰) **ہر قسم کی بیماری کے لئے**۔ مرض کے مزاج کے مطابق حسب ضرورت پانی میں گھول کر پلائے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے بفضل خدا امید صحت ہے۔

ہر بارد رطب مرض کیلئے ۷۸۶

۸	۵۶۱	۵۶۵	۱
۵۶۴	۲	۷	۵۶۲
۳	۵۶۷	۵۵۹	۶
۵۶۰	۵	۴	۵۶۶

اطمفشند — الناریہ

ہر بارد و یابس کیلئے ۷۸۶

۸	۶۷۳	۶۷۶	۱
۶۷۵	۲	۷	۶۷۴
۳	۶۷۸	۶۷۱	۶
۶۷۲	۵	۴	۶۷۷

بوبین مطمض — الهوائیه

(نوٹ) نقوش کے نیچے کی عبارات تحریر کی جائے نہ اوپر کی۔

ہر حار یابس مرض کیلئے ۷۸۶

۸	۷۸۹	۷۹۲	۱
۷۹۱	۲	۷	۷۹۰
۳	۷۹۴	۷۸۷	۶
۷۸۸	۵	۴	۷۹۳

جزکس قنط — المائیه

ہر حار رطب کیلئے ۷۸۶

۸	۹۵۰	۹۵۳	۱
۹۵۲	۲	۷	۹۵۱
۳	۹۵۵	۹۴۸	۶
۹۴۹	۵	۴	۹۵۴

دعلھرنحع — الاٰبهنیه

(۵۶۱) ہر مرض سے شفا کا مجرب عمل ۔ بعد طلوع آفتاب ایک ساعت گزرنے کے قبل اور مغرب کے بعد ایک ساعت گزرنے سے قبل ایک ہزار بار یَاسَلَامُ پڑھے اول و آخر درود شریف تین تین بار اس کے بعد یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ بِحُرْمَةِ خَمْسَةٍ وَّسَادِسُهُمْ جِبْرَئِيْلُ وَهُمْ مُحَمَّدٌ وَّعَلِيٌّ وَّفَاطِمَةُ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ اَنْ تَحْفَظَنِيْ مِنَ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْمَرَضِ وَالْبَلِيَّاتِ وَالْاٰفَاتِ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔

(۵۶۲) ہر مرض کے ازالہ کا مجرب و مفید عمل ۔ اسم شافی کے عدد کو مریض کے نام کے عدد سے ضرب کر کے حاصل ضرب کو چالیس سے تقسیم کریں حاصل قسمت کو چالیس روز بلاناغہ پڑھیں اور کسر کو آخری دن اضافہ کر کے پڑھیں جگہ معین ہو اور پڑھنے کا وقت بھی معین ہو اور خلوت ہو اور خشوع و خضوع کے ساتھ پڑھ کر

شفاء کی دعا کریں اور پیاز، لہسن، شہد، انڈے، سے پرہیز کریں اور اگر ترک حیوانات کریں تو بہتر ہے اور اس طرح پڑھیں یَا شَافِیُ اور اضطراب کی حالت ہو یا مرض شدید ہو تو چالیس نیک مردوں سے ایک ہی دن پڑھوائیں عدد اس اسم مبارک کے ۳۹۱ ہیں۔

(۵۶۳) **ایضاً۔** درود نماز پڑھ کر روزآنہ مریض پر دم کریں۔

(۵۶۴) **ایضاً۔** حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی قدس سرہٗ نے فرمایا کہ ان تینوں کلمات کو لکھ کر مریض کے بازو میں باندھے شفا ہوگی۔ اللہ الشافی اللہ الکافی اللہ المعافی۔

(۵۶۵) **برائے شفائے امراض۔** یہ عمل مجرب ہے۔ جب آفتاب برج حمل میں آئے اور اٹھارہ دن گزر جائیں اور اس کے بعد عنایت الٰہی سے بارش ہو جائے تو چادر سفید پاکیزہ پھیلا کر اس کے نیچے کورا گھڑا رکھدیں اور پانی جمع کرلیں اور اسے سایہ میں رکھیں اب اس پانی پر آفتاب کی نظر نہ پڑے پھر اس پر سورۂ فاتحہ و آیۃ الکرسی اور چاروں قل اور لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اِلٰهًا وَّاحِدًا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ ٥ اور درود شریف اور کلمۂ تمجید اور استغفر اللہ ہر ایک سات سات بار پڑھ کر دم کریں پھر جس مریض کو یہ پانی سات دن صبح و شام متواتر ایک تولہ یا دو تولہ پلادیں مہلک سے مہلک بیماری سے نجات ہوگی اور اگر ناغہ ہو جائے تو یہ سمجھیں کہ اب حیات باقی نہیں۔ یہ عملِ آب فقیر کے خاندان میں معمول ہے اور اسلاف سے اجازت ہے آفتاب برج حمل میں بیساکھ کے مہینہ میں آتا ہے۔

(۵۶۶) **قضائے حاجات۔** ان دس کلمات مبارکہ کو سَو سَو مرتبہ روزآنہ

ورد رکھیں مجرب ہے حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۝ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ۝ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ ۝ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ اِنَّہٗ ھُوَ الْبَرُّ الرَّحِیْمُ ۝ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ یَا اَکْرَمَ الْخَلْقِ مَالِیْ مَنْ اَلُوْذُ بِہٖ ۝ سِوَاکَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمَمِ ۔ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۝ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ اِلَّا اِلَیْہِ ۝

(۵۶۷) دوگانہ حضرت بتول زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ جس کو کوئی بیماری یا دشمن یا بڑی مصیبت پیش آئے وہ غسل کرکے پاک کپڑے پہن کر خالی جگہ میں جہاں دوسرا کوئی نہ ہو اور اسے نہ دیکھے دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص (ایک ایک بار) پڑھے پھر سجدہ میں جا کر یہ عرض کرے فَاطِمَۃُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا سَیِّدَتِیْ وَمَوْلَاتِیْ اَدْرِکِیْنِیْ اَدْرِکِیْنِیْ اَدْرِکِیْنِیْ ۔ فَاِنِّیْ اَشْہَدُ اَنَّ لَکِ عِنْدَ اللّٰہِ الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ الْمَعْلُوْمُ وَالْجَاہُ وَالْکَرَامَۃُ اَسْتَغِیْثُ بِکِ اِلَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ یَا اَللّٰہُ اِلَیْکَ لِفَاطِمَۃَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اس کے بعد ہزار مرتبہ یَا اَللّٰہُ پھر یوں کہے یَا رَبِّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّادْفَعْ ھٰذِہِ الْعِلَّۃَ اَوِ الْخَوْفَ اَوِ الْغَمَّ جو حاجت ہو اس کا ذکر کرے اسی وقت وہ حاجت پوری ہوگی اور یہ عمل اسرار سے ہے۔

(۵۶۸) ختم حضرت آدم بنوری نقشبندی برائے قضائے حاجت مجرب ہے۔ سورۂ فاتحہ بسم اللہ کے ساتھ سات بار پھر بسم اللہ کے ساتھ درود شریف سات بار پڑھ کر ۵۰۰ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر سورۂ فاتحہ و درود با تسمیہ سات بار پڑھ کر

دُعا کرے۔

(۵۶۹) **حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم** ۔ برائے ہر حاجت مفید و مجرب ہے بعد نماز جمعہ استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم و اتوب الیہ کلا تجدید، سورۂ الم نشرح، سورۂ اخلاص ہر ایک سو سو مرتبہ پھر ہزار بار اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَۃِ اللہ تعالیٰ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللہِ پڑھ کر سورۂ فاتحہ سو مرتبہ پڑھ کر خرما پر فاتحہ دے کر تقسیم کرے انشاءاللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔


(۵۷۰) **ایضاً** ۔ وضو کرکے دو رکعت نماز خشوع کے ساتھ ادا کرے قبلہ رو بیٹھ کر خضوع کے ساتھ ہزار مرتبہ پڑھے کٓھٰیٰعٓصٓ اَکْفِنِیْ حٰمٓ عٓسٓقٓ اَحْمِنِیْ سُبْحَانَ اللہِ الْقَادِرِ الْقَاہِرِ الْکَافِیْ۔ ضرور حاجت پوری ہوگی۔

(۵۷۱) **قضائے حاجت** ۔ سورۂ یوسف شریف جمعہ کی رات میں پوری لکھے اور اس کے بعد دُعا یَا مَنْ تَحُلُّ بِہٖ عُقْدَۃُ الْمَکَارِہِ لکھکر گلے میں پہنے۔

(۵۷۲) **قضائے حاجت** ۔ سنت و فرض فجر کے درمیان اکتالیس بار سورۂ والضحیٰ شریف پڑھے اور مطلب کا دل میں خیال رکھے انشاءاللہ تعالیٰ جلد مقصد پورا ہوگا۔ عروج ماہ میں یہ عمل شروع کرے۔

(۵۷۳) **شفائے امراض** ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بسم اللہ الشافی بسم اللہ الکافی بسم اللہ المعافی بسم اللہ الوافی بسم اللہ خیر الاسماء بسم اللہ رب الارض و رب السماء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شئ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم ہ اول و آخر درود شریف لکھے اللھم صل وسلم علٰی سیدنا محمد و آلہ اجمعین اور پانی سے دھو کر مریض کو پلائے جمیع امراض کے لئے بفضل خدا مفید ہے۔

(۵۷۴) نقش مہر نبوت برائے قضائے حاجات۔



تین مرتبہ پڑھ کر جس اہم کام کے لئے گلے میں پہنے وہ کام ضرور پورا ہوگا۔
ہر حاجت و ہر کار اہم کے لئے لکھ کر اپنے پاس لکھنا اور مکان میں لگانا مفید ہے خیر و برکت و فراخی رزق کے لئے مفید و مجرب ہے۔ شفائے امراض کے لیے

دھوکر پلانا مفید ہے۔ جس مکان میں آویزاں رہے وہ چوری اور جنوں سے محفوظ رہے،

(۵۷۵) **قضائے حاجت** ۔ یا حنان یا منان یا سلطان یا غفران یا بدیع السموٰت والارض یاذاالجلال والاکرام ٥ یہ دعا سات روز برابر لکھ کر دریا میں ڈالی جائے جو نیت کی جائے گی پوری ہوگی۔

(۵۷۶) **ایضاً** ۔ روزآنہ سورۂ فلق تیس۳۰ مرتبہ پڑھے ہر حاجت پوری ہوگی۔

(۵۷۷) **عمل سورۂ یٰس شریف** ۔ برائے ہر مقصد نیک معمول ومجرب ہے، جمعرات عروج ماہ کو بعد نماز فجر غسل کرے لباس پاک وصاف پہنے اور خوشبو ملے اور خالی مکان میں پاک مٹی سے صاف کرکے مصلے بچھا کر دو رکعت نماز نفل ادا کرکے آیۃ الکرسی تین۳ بار اور چہار قل ایک ایک بار پڑھ کر حصار کرے پھر درود قادریہ اللھم صل علی سیدنا محمد معدن الجود والکرم والہ وسلم سو۱۰۰ بار پڑھے پھر سورۂ یٰس سادہ بہتر۷۲ بار ایک نشست میں پڑھے اور پڑھنے کے دوران خوشبو اگربتی وغیرہ جلائے بعد ختم سو۱۰۰ مرتبہ درود شریف قادریہ پڑھکر حضور سید العلمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نیاز دلائے اور حضرت غوث الاعظم وجمیع بزرگان دین کی بھی ارواح کو ایصال ثواب کرے اور روزہ دار رہے شام کو دودھ چاول سے روزہ افطار کرے اور اسی بستر پہ سو جائے۔ اس کے بعد روزآنہ تین بار یا ایک بار بطور وظیفہ یٰس شریف پڑھتا رہے۔

(۵۷۸) **شفائے امراض** ۔ یہ تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے اور پلانے کے لئے صرف ایک تسمیہ لکھنا کافی ہے ←


بسم اللہ الرحمن الرحیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم
الیس اللہ بکاف عبدہٗ
بسم اللہ الرحمن الرحیم
لتیہم کم ا ا ہم کم ا ا ہم ا ہمسلم

(۵۷۹) **قضائے حاجت** ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ ذی الشان ٥ عظیم البرھان ٥

شدید السلطان ہ ماشاء اللہ کان ہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم صبح و شام ورد رکھے۔

(۵۸۰) جمیع حاجات خصوصاً قید سے نجات دلانے۔

اور ہر دشوار گزار کام کے لئے مجرب ہے۔ حضرات کالپی شریف کے معمولات سے ہے باوضو ان کلمات کو لکھ کر سات دن متواتر آب جاری کے پاس دو رکعت نماز نفل پڑھ کر ڈالے اور اگر کسی دن ناغہ ہو جائے تو از سر نو شروع کرے اگر ایک ہفتہ کے اندر کام پورا نہ ہو تو دوسرے ہفتہ میں ایسا ہی کرے اور آب جاری وہاں نہ ہو تو کنویں میں ڈالے اور وہ خود ایسا نہ کر سکے تو دو رکعت نماز پڑھ کر باوضو رہے اور دوسرے شخص کے ذریعہ ڈلوائے اور وہ جاری پانی کے کنارے دو رکعت نماز پڑھ کر ڈالے اور اگر کنوئیں میں ڈالنا ہو تو گھر پر نماز ادا کرے اور جب وہاں سے واپسی ہو تو پیچھے مڑ کر نہ دیکھے اگر حسن اعتقاد کے ساتھ کرے تو انشاء اللہ ضرور کام پورا ہوگا وہ متبرک دعا یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم بسم اللہ الملک الحق المبین من العبد الذلیل الی الرب المولی الجلیل رب مسنی الضر والخوف وانت ارحم الراحمین بحق محمد و اٰل محمد ان تکشف عنی کل ھم وحزن وتفرج عنی والحمد للہ والسلام علی رسولہ محمد و اٰلہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین ہ



(۵۸۱) ایضاً۔

ہر روز اس نقش مبارک کو لکھ کر آب رواں میں ڈالے چالیس دن تک ہر مشکل سے مشکل کام پورا ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ یہ نقش قل ہو اللہ شریف کا ہے۔

(۵۸۲) **نماز حاجت** ۔ آدھی رات کے وقت دو رکعت نماز پڑھے اور پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی اور دوسری میں اٰمَنَ الرَّسُوْلُ اور اگر یاد نہ ہو تو جو یاد ہو وہ پڑھے بعد سلام سو بار درود شریف اور سو بار استغفار پڑھے پھر پیشانی زمین پر رکھکر سو بار کہے "نیازمندے بردرے بے نیازے" پھر داہنا رخسار زمین پر رکھ کر سو بار کہے "ضعیفے بردر قوی" پھر مصلے کے کونے کو الٹ دے اور سو بار کہے "دنگرم بازماند کنی حاجتم روا" انشاء اللہ تعالیٰ وہ حاجت ضرور پوری ہو گی۔

(۵۸۳) **ایضاً** ۔ یَا فَتَّاحُ الَّذِیْ فَتَحَ کُلَّ اَبْوَابٍ ○ ایک سو گیارہ بار اور اول و آخر اسی قدر درود شریف پڑھے مجرب ہے بفضل خدا۔

(۵۸۴) **برائے دفع بلا** ۔ سخت آفات و بلیات کے وقت ایک جانور لے کر اس کے دونوں کانوں میں سترہ سترہ مرتبہ اس دعا کو پڑھ کر دم کر کے ذبح کرے اور اس گوشت کو فقراء و مساکین کو دیدے دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ الرَّحْمَۃِ وَالسَّعَادَۃِ وَالْفُتُوْحِ وَکَسْبِ الْحَسَنَۃِ وَاحْفَظْنَا مِنْ کُلِّ عِلَّۃٍ وَّشِدَّۃٍ وَّمَرَضٍ وَّوَبَاءٍ وَّبَلِیَّۃٍ وَّکُلِّ مِحْنَۃٍ یَا سُبُّوْحُ یَا قُدُّوْسُ بِسْمِ اللّٰہِ طَاسُوْسًا بِسْمِ اللّٰہِ مَاسُوْسًا اَذْبَحُ غَمِّیْ بِقَہْرٍ بَانِ الْمَلِکِ الْجَبَّارِ مِنْ کُلِّ حَلَالٍ فَادْفَعْ طَاعُوْنًا بِحَقِّ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ الشَّیٰطِیْنِ ○ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○

(۵۸۵) **ختم خواجگان** ۔ پہلے ایک شخص دو رکعت نماز ادا کرے الحمد کے ساتھ سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھے سلام کے بعد یہ دعا ہاتھ اٹھا کر سات بار پڑھے، یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَیَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَیَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ یَا رَبِّ فَوَّضْتُ اَمْرِیْ

اِلَیْکَ یَارَبِّ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ پھر سات آدمی یا کم و بیش مکرر سورۂ فاتحہ بالتسمیہ اناسی بار اور سورۂ اخلاص ایک ہزار ایک بار پھر سورۂ فاتحہ سات بار اور درود شریف سو بار پڑھے اور درمیان ختم شریف کے بات نہ کریں اور ختم کے بعد فاتحہ شیرینی پیران حضرات بزرگان نقشبندیہ دلائے سات دن ایسا ہی کرے ہر حاجت سخت سے سخت پوری ہو گی۔ وہ بزرگان یہ ہیں خواجہ بایزید بسطامی خواجہ ابوالحسن خرقانی، خواجہ یوسف ہمدانی، خواجہ عبدالخالق غجدوانی، خواجہ ابو منصور ماتریدی، خواجہ احمد یسوی، خواجہ بہاء الدین نقشبند۔

(۵۸۶) **حصار حفاظت**۔ حفاظت کے لئے ہر نماز کے وقت ان کلمات کو گیارہ بار پڑھ لے تمام آفات سے محفوظ رہے گا یَاحَافِظُ یَاحَفِیْظُ یَانَاصِرُ یَانَصِیْرُ یَارَقِیْبُ یَادَکِیْلُ پیش من محمد پشتے علی دست راست امام حسن دست چپ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کف مسمار بحق سلیمان بن داؤد علیہما السلام لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کا کوٹ اِلَّا اللّٰہ کی کہانی چو کی حضرت علی کی محمد رسول اللہ کی دہائی۔


(۵۸۷) **ایضاً**۔ ان آیات کی تلاوت صبح و شام کر لیا کرے شھد اللہ انہ لا الٰہ الا ھو والملٰئکۃ واولوا العلم قائما بالقسط لا الٰہ الا ھو العزیز الحکیم ۝ ان الدین عند اللہ الاسلام الآیہ (پارہ تلک الرسل سورۂ آل عمران)


(۵۸۸) **حرز عجیب وغریب**۔ حضرت فرید الملۃ والدین قدس سرہ العزیز سے مروی ہے کہ جو شخص اس حرز کو ایک مرتبہ روز پڑھ لے گا، دشمنوں، بدخواہوں غمازوں، حاسدوں سے بے خوف ہو جائے گا اور ہمیشہ مظفر و منصور رہے گا۔ ایک لاکھ چار مشائخ کرام کا معمول و مجرب ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا الٰہ


الا اللہ حوالینا حصار باد محمد رسول اللہ قفل ومسمار باد لا الہ الا اللہ برمن ودوستان من یار باد بستم دست وپائے عقل وہوش کسانیکہ در ہژدہ ہزار عالم اندازآدمیاں ودیواں وپریاں وخدا ناترساں وناحق شناساں وناشکراں وکسانیکہ مارا بدخواہند و بد اندیشند بحرمت لا الہ الا اللہ مہر کردم بنام محمد رسول اللہ قولاً وفعلاً اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ واللہ من ورائہم محیط بل ھو قرآن مجید فی لوح محفوظ ہ صم بکم عمی فھم لا یعقلون ہ صم بکم عمی فھم لا یبصرون ہ صم بکم عمی فھم لا یتکلمون ہ صم بکم عمی فھم لا یرجعون ہ صم بکم عمی فھم لا یسمعون ہ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ اجمعین ہ سبحٰن اللہ القادر القاھر القائم القوی الکافی اعوذ باللہ من کل شر عدو لی وھو قوی منی برب ھو اقوی منہ انا کفینٰک المستھزئین اللھم انی مغلوب فانتصر الحمد للہ رب العلمین ہ

نقوش، بدوح، ہادی، ودود کی بعض تاثیرات


(۵۸۹) غیبی مدد اور ترقی دولت کے لیئے باوضو صالح شخص سے کندہ کرا کر بازو پر باندھیں یا دوکان میں آویزاں کریں۔







(۵۹۰) وبائی امراض ۔ موذی جانور، زہریلے جانور اور بلیات سے محفوظ رہینگے




۷۸۶ (۲)

۱۲	۷	۱
۶	بدوح	۱۴
۲	۱۳	۵


۷۸۶ (۲)

۸	۴	۷	۱
۶	۲	۷	۵
۳	۹	۲	۶
۳	۵	۴	۸

(۵۹۱) ۳ محبوب خلائق ہوں، دل مطمئن ہو اور سکون قلب میسر ہو، چاندی کے پتر پر صالح شخص سے باوضو کندہ کرا کر بازو پر یا باندھیں ← (۳)



(۵۹۲) ۴ برائے دق۔ مالیخولیا۔ اختلاج قلب۔ زعفران سے متقی شخص سے لکھوا کر صبح و شام پئیں انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو گی مجرب المجرب ہے ← (۴)




۷۸۶

د	د	د	د	د
۴	۳	۸	۱	د
د	۲	۴	۶	د
۹	۷	مطلب	۵	د
د	د	د	د	د

(۵۹۳) ۵ اگر زعفران و گلاب سے چاند رات کو رات کے بارہ بجے تحریر کریں اور دوسرے دن سورج غروب ہونے سے پہلے جس شخص کو کھانے (۵) یا پانی میں کسی طرح کھلا پلا دیں، ناراضگی جاتی رہے مطیع و منقاد






ہو مجرب تیر بہدف ہے


نیز حفاظت جان ومال ووسعت وبرکت رزق

وغیرہ کے لئے پنکھڑی والا نقش مفید ہے ←


(۵۹۴) ۶ مخلوق کی نظر میں معزز ہو، حکام مہربانی کریں دین و دنیا کے کاموں میں مستعدی ہو اور ہمت ہو، دل میں جوش ہو مخلوق سے بیخوفی ہو عروج ماہ میں جمعرات کے دن متقی صالح سے لکھوا کر سبز ریشمی کپڑے میں سی کر بازو پر باندھیں اور تعویذ پر گلاب کے پانچ پھولوں کی پانچ پتیاں بھی لپیٹ دیں بارہا کا آزمودہ ہے




(۵۹۵) ۶ دشمن مغلوب ہوگا کوری ٹھیکری پر کوئلے سے لکھ کر آخر ماہ میں کسی پرانی قبر میں ڈالدیں یہ اب تک تجربہ نہیں ہوا



(۷)




(۷)




۵۹۶ یہ تمام دن خوش وخرم رہیں۔ جلی حروف سے لکھ کر دیوار میں لگادیں روزآنہ صبح کو تھوڑی دیر نظر جائیں۔

(۸)



(۸)



آسیب وسحر

۵۹۷ برائے امتحان آسیب

مریض کے ہاتھ پر اس نقش کو لکھ کر اسے دکھائیں اور رنگ معلوم کریں اگر سرخ بتائے آسیب ہے ورنہ مرض

ی	ع	ط	ص	س
س	ی	ع	ط	ص
ص	س	ی	ع	ط
ع	ط	ص	س	ی

۵۹۸ برائے سحر واعمال علوی وسفلی

گیارہ بار اول وآخر درود شریف روزآنہ پڑھنے سے کوئی اثر نہ ہوگا اور اگر کسی نے کچھ کیا ہوگا تو وہ دور ہوگا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم علیقا ملیقا تلیقا خالقا مخلوقا کافیا شافیا ا ہ تعٰلی مرتضٰی بحق یابدوح ونزلہ

من القراٰن ما ھو شفاء و رحمة للمؤمنين ولا يزيد الظّلمين الّا خسارا الحق اسا

تاسالا سالو سابر حمتك يا ارحم الراحمين وصلى اللّٰه تعالىٰ علىٰ خير خلقه سيدنا

محمد واٰله وصحبه وبارك وسلم ٥


(۵۹۷) امتحان آسیب از مجموعہ ۔ اگر کسی کو آسیب و سحر کا شبہ ہو اور معلوم نہ ہوتا ہو تو سیاہ ریشمی دھاگہ مریض کے قد کے برابر لیکر اس پر سات بار ان ناموں کو پڑھیں پھر ناپ لیں اگر ایک اُنگل کم ہو دیو و پری ہے اور دو اُنگل کم ہو آسیب پری ہے اور اگر تین اُنگل کم ہو جاوے اور چار انگل کم ہو ام الصبیان کا خلل ہے اور اگر ایک اُنگل زیادہ ہو جائے نظر دیو ہے اور دو انگل زیادہ ہو تو کفتار اور اگر تین اُنگل ہو تو دیو کا خلل ہے اور چار انگل زیادہ ہو تو مرض ہے بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم قلیوش مغش ۔ رفماش ومدفراش دمالیس سافش تمناش برحمتك یا ارحم الراحمين ٥

(۵۹۸) امتحان آسیب و سحر و جادو و مرض بدنی ۔ جو کچھ ہوگا اس عمل سے ظاہر ہوگا ۔ چند خوشبودار پھولوں پر اس دعا کو سات بار یا گیارہ بار یا اکیس بار پڑھ کر دم کرے پھر یہی دعا اس نقش مربع کے اوپر تحریر کرے اور سیاہی نقش میں عطر یا روغن چنبیلی ملے اور بہتر ہے کہ تیل پر بھی اسی دعا کو دم کرے اس کے بعد تیل سیاہی میں ملے اور مریض کے بائیں ہاتھ میں دے کہ وہ اس سیاہی میں نظر کرے اور داہنے ہاتھ میں پھول دیدے کہ اس کو سونگھے اگر آسیب ہوگا سر اور گردن دونوں شانے اور تمام بدن بھاری ہو جائے گا اور سیاہی کے اندر آسیب نظر آئے گا یہ نشان وعلامت آسیب ہے اور اگر سحر و جادو ہوگا تو جسم پر مثل چیونٹیوں کے رینگنے کے معلوم اور سوئی کی طرح چبھتا ہوا معلوم ہوگا یہ دو علامتیں

۷۸۶

۳۲۴	۳۲۷	۳۳۰	۳۱۷
۳۲۹	۳۱۸	۳۲۳	۳۲۸
۳۱۹	۳۳۲	۳۲۵	۳۲۲
۳۲۶	۳۲۱	۳۲۰	۳۳۱

جادو کی ہیں اور اگر کچھ نہ معلوم ہو نہ گردن پر نہ سر اور شانے میں گرانی ہو اور علامت سحر بھی نہ پائی جائے تو مرض ہے نقش پر یہ دعا تحریر کریں عزمت علیکم یاماائیل یا کلکائیل یاھولائیل یامعشر الجن والارواح والشیٰطین ویا اصحاب السحر والوسواس الخناس نقش پر اسی قدر تحریر کیا جائے۔ اور پھولوں پر یہی دعا اور آیت کریمہ مع عبارت ذیل واتبعوا ما تتلوا الشیٰطین علیٰ ملک سلیمٰن ولکن الشیٰطین کفروا یعلمون الناس السحر ویا مؤکلان ہرچہ کہ آسیب جن وپری ودیو بھوت چڑیل کفتار، خبیث سحر وجادو وہر بلا کہ در بدن فلاں بن فلاں مسلط شدہ است و آزاری دہد ومزاحمت می رساند بحق سلیمان بن داؤد علیہما السلام بر سر در سیاہی نقش حاضر کنید ونمائید حاضر شو حاضر شو حاضر شو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا معشر الجن والارواح والشیٰطین ویا اصحاب السحر والوسواس الخناس ۵ وہرچہ موکلان ہرچہ جن وپری ودیو وخلل ام الصبیان ومسان وخبیث وکفتار وہر بلائیکہ در بدن فلاں بن فلاں مسلط شدہ است ومزاحمت می رساند یا مؤکلان از برائے خدا ورسول دریں نقش حاضر کنید وبنمائید۔ حاضر شو حاضر شو حاضر شو، اور سیاہی کے اندر یہ عبارت لکھیں یا معشر الجن والارواح والشیٰطین ہرچہ در بدن فلان ست حاضر شو۔



۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

(۵۹۹) ایضاً۔ اس نقش کو فتیلہ بنا کر چراغ میں رکھ کر پاک سرسوں کے تیل سے جو باحتیاط نکالا گیا ہو پاک جگہ میں ایک کوری ہانڈی کوری طشتری رکھ کر رکھیں ہانڈی کے گردن میں لٹکا دیں اور چراغ کا رخ مشرق کی جانب رکھیں اور تھوڑی سی شیرینی پر نیاز دلا کر بچوں کو تقسیم کر دیں اور مریض کو جمعہ کی رات میں غسل کرا کے

چراغ کے سامنے بٹھادیں اور ایک شخص کو اس کے پاس بٹھادیں تاکہ بتی کو بڑھاتا رہے انشاء اللہ المولی تعالیٰ آسیب جل جائے گا۔

(۵۹۹) **امتحان آسیب** ۔ کنواری نابالغہ لڑکی کے ہاتھ سے ڈھائی پونی سوت کتا کر سب تار قد آدم کے برابر جمع کرکے اگر مریض مرد ہے تو داہنے پیر کے انگوٹھے سے پیشانی تک اور عورت ہے تو بائیں پیر کے انگوٹھے سے ناپ لیں اور جو زیادہ ہو کاٹ دیں اس پر ان آیات کی تلاوت کریں ان الذین فتنوا المومنین والمومنات ثم لم یتوبوا فلھم عذاب جھنم ولھم عذاب الحریق گیارہ بار۔ سبحن اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم تین بار وما ہم میت اذ ہم میت ولکن اللہ ہم ی تین بار یا قاہر ذا البطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ یا قاہر تین بار اذا بطشتم بطشتم جبارین تین بار اجب یا جبرئیل یا دردائیل یا ہر فتمائیل یا تنکفیل بحق یا بدوح تین بار یا قاہر تقہرت بالقہر والقہر فی قہرتک یا قاہر تین بار یا جبار تجبرت بالجبروت والجبروت فی جبروتک یا جبار تین بار یا خافض تین بار، سورۂ فیل تین بار، سورۂ لایلف تین بار، سورۂ تبت یدا تین بار، سورۂ اخلاص تین بار، سورۂ فلق تین بار، سورۂ ناس تین بار، سورۂ فاتحہ تین بار، آیۃ الکرسی، تین بار، پھر آیت شریفہ ان الذین فتنوا المومنین تین بار پڑھ کر دھاگے پر دم کرے اور توے کی خشک سیاہی سے دھاگے کو سیاہ کرے اور سیاہ کرتے وقت آیت شریفہ والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامرہ الا لہ الخلق والامر تبارک اللہ رب العلمین ہ اکیس بار پڑھے پھر ناپ لیں اگر آسیب ہوگا ضرور کم و زیادہ ہوگا پیمائش کے وقت تین گرہ اول و آخر و درمیان میں لگادیں اور ہر گرہ پر سورۂ اخلاص ایک ایک بار پڑھ کر دم کریں

اور اس دھاگے کو دفن کر دیں۔ انشاء اللہ المولیٰ تعالیٰ آسیب سے نجات ملے گی

مجرب ہے

(٦٠٠) **دفع آسیب۔** آسیب زدہ کے کان میں یہ آیات پڑھکر دم کریں۔

افحسبتم انما خلقنکم عبثا و انکم الینا ترجعون فتعالی اللہ الملک الحق لا الہ الا ھو

رب العرش الکریم ٥ ومن یدع مع اللہ الھا آخر لا برھان لہ بہ فانما حسابہ

عند ربہ انہ لا یفلح الکفرون ٥ وقل رب اغفر وارحم وانت خیر الراحمین ٥

(٦٠١) **مجموعۂ اعمال شریف** ٣٩٢۔ پر یہ عمل حاضرات کے لئے مذکور نقل ہے من وعن نقل حاضر ہے بعض احباب نے اس کا تجربہ کیا مفید و مجرب ہے۔ باید کہ اول ایں اسماء را ابر ساصبر ساسار ساصور سابروز پنجشنبہ شروع ماہ وقت شب چہل روز ہر روز سہ ہزار و یکصد و بست و پنجبار بطریق زکات خواندہ باشد در چہل روز یک لکھ بست و پنجہزار خواندہ شدہ چو از زکوۃ فارغ شود در تصرف آید و پانزدہ نقش ایں اسماء ہم ہر روز تا مدت بادعوت پر نمودہ در دریا انداختہ باشد تا کہ نقش ہم بعمل آید و زکوۃ ہم ادا شود بعد ازاں اگر کسے را آسیب گرفتہ باشد باید کہ مکان را صاف نمودہ آسیب زدہ را روبرو نشاند و یک سبوچہ را واژگون نہادہ چراغ بالائے او داشتہ ایں نقش نوشتہ در پنبہ پیچیدہ در روغن خوشبو بسوزد و یک طفل نابالغ ہوشیار و دلیر روبرو چراغ بنشاند و بگوید کہ سوئے چراغ دیدہ باشد وقتیکہ موکلان حاضر شوند ازاں ہا کاروبار بواسطہ طفل بگیرد از موکلان آسیب طلب کردہ بسوزاند اگر آسیب زبردست باشد کہ از موکلان نیاید بادشاہ را از موکل طلبیدہ کار سر انجام دہد و اگر بیند کہ فوج غنیم بسیار است بواسطۂ یک موکل بحضور حضرت پیر دستگیر عرض کنانند در آید اد فرمایند وقتیکہ آنجا مدد خواہد نمود جملہ مشکل آسان خواہد شد بعد ازاں ہمہ موکلان را رخصت کردہ بر شیرینی فاتحہ حضرت غوث الثقلین و جمیع

بزرگان دادہ وسلامتی موکلات خواستہ فلیتہ را گل کند نقش معظم ومکرم این است ـــــــــ

۷۸۶

۳۳۴	۳۲۹	۳۳۶
۳۳۵	۳۳۳	۳۳۱
۳۳۰	۳۳۷	۳۳۲


یعنی نوچندی جمعرات کو یہ عمل شروع کرے ہر روز ۳۱۲۵ مرتبہ زکات کے طور پر پڑھکر چالیس دن میں تمام کرے وہ اسمار یہ ہیں ابرسا صبرسا سارسا صورسا اور ہر روز ۵ا نقش لکھے تاکہ اسمار اور نقش دونوں کی زکات ادا ہوجائے پھر اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو تو پاک وصاف جگہ پر آسیب زدہ

یاابلیس یافرعون یاشداد یالعین یانمرود یاغرود یانمرود یاالٰہی باین این بادشاھان در وجود فلاں بن فلانۃ راھر قسم ذاسیب باشد حاضر شود بنمودہ آید و سوختہ گردد العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا

کو سامنے بٹھائے اور ایک کوری ہانڈی رکھکر اس کے اوپر کورا چراغ رکھے اور اس نقش کو لکھ کر نئی روئی سے فتیلہ تیار کرکے خوشبودار تیل میں جلائیں اور ایک نابالغ بچے کو ہوشیار و دلیر ہو چراغ کے سامنے بیٹھالے اور اس سے کہے کہ چراغ کی طرف دیکھے جب موکلان حاضر ہوجائیں ان سے بچے کے ذریعہ آسیب کو حاضر کراکر جلادے اور اگر آسیب زبردست ہو کہ موکلوں کے قبضہ سے باہر ہو تو بادشاہ موکلاں کو طلب کرے اور اگر آسیب بہت زیادہ ہوں تو موکلاں سے کہے کہ حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں جاکر عرض کرے اور مدد چاہے آپ کی توجہ سے سب کام آسان ہو جائے گا پھر سب موکلوں کو رخصت کرے اور حضرت غوث الثقلین وتمام بزرگانِ دین کی نیاز دلاکر فتیلہ کو گل کردے۔

(۶۰۲) **منجھلا چراغ** ـ برائے شفائے جمیع امراض ودفع جمیع بلا ونظر بد وسحر وبرائے خیریت جان وجمعیت قلب وصحت ابدان باذن اللہ تعالیٰ وکرمہ۔

جملہ امراض ونظر بد وسحر از انسان مرد باشد یا زن سوختہ باشد



العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا

خیریت وجمعیت وصحت خاطر خواہ شود

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

۷۸۶

۷۰۹	۷۰۲	۷۰۷
۷۰۴	۷۰۶	۷۰۸
۷۰۵	۷۱۰	۷۰۳

۷۸۶

۸ ح	۱ ا	۶ و
۳ ج	۵ ہ	۷ ز
۴ د	۹ ط	۲ ب

۷۸۶

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

جدول عدا د قمری

ا ۱	ب ۲	ج ۳	د ۴	ہ ۵	و ۶	ز ۷
ح ۸	ط ۹	ی ۱۰	ک ۲۰	ل ۳۰	م ۴۰	ن ۵۰
س ۶۰	ع ۷۰	ف ۸۰	ص ۹۰	ق ۱۰۰	ر ۲۰۰	ش ۳۰۰
ت ۴۰۰	ث ۵۰۰	خ ۶۰۰	ذ ۷۰۰	ض ۸۰۰	ظ ۹۰۰	غ ۱۰۰۰

جدول عدا د یوم فارسی

شنبہ ۳۵۷	یکشنبہ ۳۸۷	دوشنبہ ۳۶۷	سہ شنبہ ۴۲۲	چہارشنبہ ۵۶۶	پنجشنبہ ۴۱۲	جمعہ ۱۱۸

فائدہ:۔ اردو میں کچھ حروف تہجی زائد ہیں مثلاً پ ۔ چ ۔ ژ ۔ گ ان کے اعداد بالترتیب وہی ہیں جو ب، ج، ز، ک، کے ہیں تشدید والے حرف کو ایک مرتبہ شمار کرنا چاہیئے۔

(۶۰۳) علم الاعداد برائے امتحان مریض

(از مجموعہ اعمال شریف منقول از صہ)

اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ مریض کو جسمانی مرض ہے یا جادو یا آسیب ہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ مریض کے نام کے حروف اور جس دن سائل نے پوچھا ہے اس دن کے حروف لے کر دونوں کے عدد نکال لئے جائیں پھر چار سے تقسیم کریں اور اگر تین باقی رہیں تو آسیب کا خلل ہے اور اگر دو باقی رہیں

تو مرض ہے خواہ سردی سے ہو یا گرمی سے اور اگر ایک باقی رہے تو بخار ہے اور اگر کچھ باقی نہ رہے برابر تقسیم ہو جائے تو جادو ہے۔ مثال یہ ہے کہ کسی نے اتوار کے دن سوال کیا کہ میری لڑکی نجمہ کو کیا مرض ہے تو اتوار اور نجمہ کے اعداد یوں نکال لیں

ا	ت	و	ا	ر			ن	ج	م	ہ	
۱	۴۰۰	۶	۱	۲۰۰	=	۶۰۸	۵۰	۳	۴۰	۵	۹۸

ان سب کو جمع کرنے پر اعداد ۷۰۶ ہوئے ان کو چار سے تقسیم کیا تو ۲ بچے معلوم ہوا کہ مرض جسمانی ہے۔

۶۰۸
۴) ۷۰۶ (۱۷۶
۴
۳۰
۲۸
۲۶
۲۴
×۲

اب اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ اس سے جلد شفا ہوگی یا نہیں تو اس کے لئے مریض کے نام کے حروف اور اس کی ماں کے نام کے حروف اور جس دن سوال کیا ہے اس دن کے حروف کے عدد جمع کر کے تین سے تقسیم کریں اگر ایک رہے مرض سخت ہے دشواری سے آرام ہوگا اور دو باقی رہے تو مرض اوسط درجہ کا ہے علاج سے دفع ہوگا اور کچھ باقی نہ رہے تو امید کم ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالغیب۔ مثلاً نجمہ کی ماں کا نام ہندہ ہے اس کے عدد ۶۴ مجموعۂ اعداد ۷۷۰ ہوئے معلوم ہوا کہ مرض علاج سے ٹھیک ہوگا اور اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ مرض کی ابتدا کب سے ہوئی ہے تو مریض کے نام اور اس ماہ ہندی کے حروف۔ لیکر جمع کرے اور بارہ سے تقسیم کرے جو باقی رہے اس ماہ کو چھوڑ کر ماہ ہلالی کے اعتبار سے اوپر سے شمار کرے جس جگہ ختم ہوگا وہی مہینہ ابتدا مرض کا مہینہ ہوگا مثلاً نجمہ کے لئے کاتک کے مہینے میں سوال کیا تو نجمہ کے عدد ۱۹۸ اور کاتک کے ۴۴۱ میں جمع کیا تو ۵۳۹ ہوئے پھر عمل تقسیم کیا تو گیارہ باقی رہے اور کاتک میں ماہ ہلالی محرم ہے تو ذی الحجہ سے گیارہ

۳) ۷۷۰ (۲۵۶
۶
۱۷
۱۵
۲۰
۱۸
×۲ باقی

۱۲) ۵۳۹ (۴۴
۴۸
۵۹
۴۸
۱۱

ماہ پیچھے شمار کرنے پر معلوم ہوا کہ ماہ صفر سے مرض کی ابتدا ہوئی ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم بالسرائر۔

نوٹ:۔ کاشف الاستار شریف کے چند عملیات درج ذیل ہیں نیز کتاب مدارج شریف سے بحوالہ معمولات عزیزی کچھ عملیات درج ذیل کر رہا ہوں برِ بنائے فوائد ناظرین مسلمین۔

(۶۰۴) برائے آسیب

یہ پلیتہ چراغ حضرت شیخ بہاء الدین سہروردی زکریا قدس سرہٗ سے منقول ہے جس کو آسیب ہو۔ اس فتیلہ کو روئی میں لپیٹ کر بتی کی طرح بنالیں اور سرسوں کے تیل میں جلائیں اور آسیب زدہ کو مقابل بٹھا دیں آسیب اس چراغ کے اندر حاضر ہو کر جل جائے گا اور یہ پلیتہ حضرت میر سید عبد الواحد بلگرامی قدس سرہٗ کے جد امجد کا معمول شدہ ہے اور آپ نے بھی استعمال فرمایا ہے مجرب ہے

ع

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

ببرکت یک عین و ستیکیح
ح سوخیم جملہ دیو و دیوان و
پری و پریان و سحر و جادو و ساحران
و جوگی و جوگیان و غول بیابان
دفع جن والانس و ولد کالا

و گورا و نیلہ و کڈنیتہ و ارواح خبیثہ و جمیع شیاطین و دفع ہر دیو کہ در وجود فلان بنت فلان سخت شدہ و مزاحمت می دہد درمیان چراغ و پلیتہ در آید و بنماید سوختہ گردد و دفع شود بحق علیقاً علیقاً طلیقاً انت تعلم مانی قلوبہم طیقا علیقا طیقا طلیقا انت تعلم مانی انفسہم طیقا ابلیس تلبیس تلبیس ابلیس شداد بن عاد دقیانوس ابلیس فرعون ابلیس نمرود ابلیس ہامان ابلیس لعین شیطٰن الشیاطین فقا ہا ہادی سوختہ شو الساعۃ الساعۃ الساعۃ العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا حاسوسا حاسوسا سوختہ شو برکت این اسم اعظم ہر چہ در وجود فلاں بن فلاں آسیب سخت شدہ است در دل چراغ در آید و بنماید سوختہ گردد

صحیحہ

(۶۰۵) ترتیب حاضرات سکندر شاہ

پہلے جگہ پاک مٹی سے چار گز لیپ دے اس کے بعد ایک سفید چادر بچھائے نابالغ لڑکی یا لڑکے کو اس پر بٹھا دے اور خوشبو مثل عطر لگا

دے اور اگر بتی سلگا دے اور ایک گلاب کا ہار اس کے گلے میں ڈالدے پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھے اور یا تنکفیل ویا اسرافیل سات بار پڑھکر اس نقش کو اسکے ہاتھ میں دے کر اس عزیمت کو پڑھے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم صل علی محمد و علیٰ ال محمد بعدد الجن والانس وباسمائک الحسنی عزمت علیکم یا معشر الجن والانس واصحاب الارواح فتحون فتحون حبیک حبیک المیم المیم صفکا صفکا السا السا بلسا بلسا تلسًا تلسًا سورد اسوردا کھلا کھلا مھلا مھلا سھلا سھلا حاضر احاضر اسنحیا سنحیا شدیا شدیا بحق خاتم سلیمان بن داؤد علیھما السلام احضروا یا اصحاب الجن والانس والشیاطین وا حضروا من جانب المشارق والمغارب ومن الجانب الجنوب والشمال بحق لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ بدعای شاہ سکندر شاہ حاضر شو حاضر شو حاضر شو اجب یا عفھیائیل۔

۴۵۲۴	۴۵۲۷	۴۵۳۱	۴۵۱۷
۴۵۳۰	۴۵۱۸	۴۵۲۳	۴۵۲۸
۴۵۱۹	۴۵۳۳	۴۵۲۵	۴۵۲۲
۴۵۲۶	۴۵۲۱	۴۵۲۰	۴۵۳۲

تسخیر ہمزاد

اس باب کے کئی عمل جلد اول میں مذکور ہیں باقی مزید تحریر کیا جاتا ہے تاکہ اہل ذوق کو فائدہ پہونچے۔

(۴۰۶) تسخیر ہمزاد

درود شریف اوّل خوانده شروع نماید انیست اللھم صل علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ اٰل سیدنا محمد و

عترته نبی الامی بعد دکل معلوم لک اول ماه روز شنبه در آفتاب
ایستاده در سایهٔ خود به بیند و اسم یا تنکفیل یکصد و شصت بار خوانده بر خود دم
نماید و ایں اسمائے الٰہی بدیں طور بخواند که نگاه خود بر سایهٔ خود قائم کرده بے
پلک زدن ایں اسماء چہل بار بخواند ہمچنیں در ہر نگہ چہل بار بخواند ما شرط آں ست
که در کدامی نگاه یعنی در ہر چہل نگاه پلک نزند گویا در ہر چہل نگاه چہل پلک زند
بعد اتمام یگاں یگاں بار پلک زند زیاده ازیں پلک نزند چوں ازیں عمل فارغ
شود بعده نگاه سوئے آسمان قائم کرده ہمیں طور بجا آرد و اگر نتواند در چہل پلک
یگاں یگاں بار اسمائے مذکور بخواند مگر اول اولیٰ ست و زود موثر چوں ازیں ہم
فارغ شود از آنجا بیاید و فاتحہ ئو کل اسم یا تنکفیل بر خشکه برنج و شیر بیس طور ہر روز
پنجشنبه بکند تا اتمام عمل که برنج سوا پاؤ و شکر سفید پنج درہم (یعنی ۲۲½ تولے) و شیر
نیم آثار (سیر) گرفته خشکه برنج از دست خود با وضو تیار کرده و شیر شکر آمیخته فاتحه
بدیں طور داده که اول و آخر درود مذکور بخواند و ثواب ازیں جمله مع طعام بروح اسم
یا تنکفیل به بخشد ایں ہمه طعام را خود بخورد وقت فاتحه تکبیر بگوید و پرہیز جلالی لازم
دارد و ہمیں طور چو یک چله ادا شود بروز سه شنبه نوچندی یک نان از آرد ماش سوا
پاؤ پخته از روغن چربیده سگ سیاه چہار چشم را خوراندن شروع نماید تا خواندن
ایں عمل ایں طریق ملحوظ دارد و تعین قرارت دریں عمل نیست تا وقتیکه سایه اصلی
آمده مسخر شده قول و قرار از وے نگیرد عمل موقوف نه سازد۔

(۶۰۷) **ایضاً**۔ یَا بَصِیْرُ تَبَصَّرْتَ بِالْبَصَرِ وَالْبَصَرُ فِیْ بَصَرِ بَصَرِکَ یَا
بَصِیْرُ یازده صد بار طلوع آفتاب در مکانی که مقابل آں چہل قدم صحن وسیع
باشد لفظ یا موقوف نهاده باقی جمله اسماء را اعداد بر آورده قاری عدد نام خود را

داخل نمودہ در شکل مربع پر سازد و ہر روز بعد قرارت ایں اسمار سہ نقش بنویسد یکے ہموں ساعت بسوزاند و یکے بوقت خفتن زیر بالیں نہادہ بخسپد و یکے را نگاہ دارد و روز دوم باز ہمیں عمل کند پس تا مدائے کہ مطلب دل برآید پس دریں صورت ہر روز دو نقش باقی خواہد ماند و یکے سوختہ خواہد شد چوں بسیار مجموع شوند در دریا اندازد از یکشنبہ شروع کند مجموعہ اعداد ۶ ۸ ۷ ۶ ۲ می شود و نظر خود را در حین قرارت روبروئے صحن دارد و تمامی صحن رایکساں دیدہ باشد وقت قرارت ایں عمل بعد طلوع آفتاب تا قبل زوال می ماند و کمتر ایام قرائت ایں عمل تا بست و نہ روز و نہایت ایں تعدادی نہ دارد و بعد فراغ دعوت در ہر اربعین یک مرتبہ خواندہ باشد تا تصرف از دست نہ رود و وقت حضور سایہ اصلی باو کلام نکند تا وقتیکہ او خود متکلم نشود بعدہ از وے قول و قرار حاضر شدن بگیرد بدیں طور کہ بردست خود از دست او دستک سہ بار بگیرد و اگر بر قول و قرار وے اعتماد وے نباشد تا از وے چیزے طلبیدہ واز آں مال شیرینی خریدہ فاتحہ بنام روشن برہان ہدہد و بنام آں بزرگ نیز قول بگیرد۔

(۶۰۸) تسخیر ہمزاد

اول ایں نقش را بر زمین کشیدہ زیر سینہ بدارد یعنی بطوریکہ واژگوں می خسپند و نظر بر آسمان یا بر زمین دارد

۷۸۶

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

ایں آیت را پانصد بار بخواند پھر یا حی یا قیوم یکہزار بار خواند تمام کند ہمیں طریق تا مدتے کہ حاضر نشود خواندہ باشد چوں حاضر آید قول و قرار بگیرد آیۃ مذکور ایں است

الم تر الی ربک کیف مد الظل ولو شاء لجعله ساكنا ثم جعل الشمس عليه دليلا ثم قبضناه الينا قبضا يسيرا ٥

عورتوں کی بیماریوں کا علاج

(۶۰۹) اسقاط حمل کیلئے مجرب ہے

جس عورت کا حمل ضائع ہو جاتا ہے یا بچہ پیدا ہو کر مر جاتا ہے اس کے لئے نصف انگل چوڑا اور سر سے پیر کے ناخن تک لمبا بکری کا چمڑا لے کر اس پر سورۂ مزمل شریف مع بسم اللہ اکتالیس بار پڑھیں اور ہر بار ایک گرہ لگا دیں اور عورت کا نام اور اس کی ماں کا لیں اس کے بعد عورت کے دامن کا ایک ٹکڑا لے کر اور تھوڑی سی نئی روئی اور دو تین گرہ ہلدی لے کر اس کپڑے اور روئی کو ہلدی سے رنگ لیں اور روئی اس چمڑے پر لپیٹ کر اس کے اوپر سے کپڑا لپیٹ دیں اس کے اوپر سرخ دھاگہ اس طرح لپیٹیں کہ کوئی جگہ خالی نہ رہ جائے جب حمل قرار پا جائے اس چمڑے کو کمر میں باندھ دیں اور اگر چمڑے کی لمبائی کمر میں باندھنے کیلئے کم پڑ جائے تو دھاگہ جوڑ کر بڑا کر لیں تاکہ کمر میں باندھنے کے لائق ہو جائے انشاء اللہ تعالیٰ حمل اسقاط سے محفوظ رہے گا۔ جب بچہ پیدا ہو جائے تو اس چمڑے کو کھول کر اس کے برابر سونا یا چاندی خیرات کریں اور اس کو کسی جگہ دفن کر دیں اور یہ عمل تین ماہ کے اندر کریں اور اگر حمل تین ماہ سے پہلے ہی گر جاتا ہے تو اول تاریخوں میں کریں اور جس عورت کو استقرار حمل نہ ہوتا ہو وہ حیض سے پاکی کے بعد غسل کر کے کمر میں باندھ لے اور شوہر سے تین شب متواتر ملے تین دن کے بعد اس چمڑے کو کمر سے کھول دے پھر دیکھے اگر حمل قرار پا گیا ہے ورنہ دوسرے اور تیسرے طہر میں بھی اسی طرح کرے

انشاء اللہ المولیٰ تعالیٰ مراد پوری ہوگی اور نیاز حضور سیدنا غوث پاک رضی اللہ عنہ واولیائے کرام وارواح موکلان سورۂ مزمل دلائیں حسب توفیق۔

(۶۱۰) معین حمل عورت و مرد دونوں وضو کرکے آمنے سامنے بیٹھیں اور ان دونوں آیتوں کو کاغذ پر لکھ کر عورت کے بائیں پہلو میں باندھ دیں اور نیت کریں کہ جب اولاد نرینہ ہوگی تو نام محمد رکھیں گے مجرب ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم ولو ان قرانا سیرت بہ الجبال اوقطعت بہ الارض وکلم بہ الموتیٰ بل للہ الامر جمیعا ط لو انزلنا ھذا القران علیٰ جبل لرایتہ خاشعا متصدعا من خشیۃ اللہ ط وتلک الامثال نضربھا للناس لعلھم یتفکرون ہ

نوٹ: میم، واؤ، ہا، وغیرہ چشم دار حروف کو اس طرح لکھیں کہ ان کی آنکھیں کھلی رہیں۔

(۶۱۱) معین حمل تھوڑے سے گڑ پر اتوار یا ہفتہ کو تین بار آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کریں اور حاملہ کو کھلائیں اور پڑھنے اور کھانے کے دوران کسی کا سایہ نہ پڑے یہ عمل تین ماہ کے اندر کریں۔

(۶۱۲) اولاد نرینہ کیلئے معین ہے اس تعویذ کو تین ماہ کے اندر لکھ کر پہنائیں بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ وباللہ ومن اللہ فاوجس منھم خیفۃ قالوا لا تخف وبشروہ بغلام حلیم ہ فاقبلت امراتہ فی صرۃ فصکت وجھھا وقالت عجوز عقیم قالوا کذلک قال ربک انہ ھو الحکیم العلیم ہ

(۶۱۳) بانجھ عورت کے لئے یہ تعویذ لکھ کر گردن میں باندھیں اور مجامعت

کریں انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا یا علی یا علی یا علی یا علی یا علی یا علی

یا اللہ یا اللہ ایا ھا یا الہ یا اللہ یا اللہ اھیا اشر اھیا اشر اھیا اھیا اشر اھیا اھیا

اشر اھیا اھیا اشر اھیا اھیا اشر اھیا۔

(۶۱۴) **ایضاً۔** سورۂ حجرات شریف لکھ کر گلے میں باندھیں تین ماہ اس آیت کریمہ کو لکھ کر ہر ماہ میں ۹ دن پلائیں۔ ولو ان قرانا سیرت بہ الجبال او قطعت بہ الارض او کلم بہ الموتیٰ بل للہ الامر جمیعا ٥

(۶۱۵) **ایضاً۔** اس نقش کو لکھ کر جمعہ کے
۱۱ ۱۱ ط ط ۱۱ ک ۷ ۱۱ ل ۱۱۱ ط ط
دن عورت کے بائیں بازو میں باندھیں انشاء
۱۱ ۴ ۱۱ ۱۱ ۱۱۱ ک ۱۲۱
ططط ط طططا ھا ططططط
اللہ المولیٰ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔

(۶۱۶) **برائے بانجھ عورت مجرب ہے**

سوا سیر جو شاہجہانی سیر سے لیکر دو روٹی پکا کر ہر ایک پر سورۂ مزمل شریف لکھیں پھر آدھ پاؤ گھی سے تر کر کے ایک پر آیت قطب اور دوسرے پر چہل کاف اکتالیس اکتالیس بار پڑھ کر دم کریں اور ایک روٹی کے بیس ٹکڑے کر کے ہر روز ایک ٹکڑا کھلائیں اسی طرح اکتالیس روز کھلائیں انشاء اللہ تعالیٰ اس مدت کے اندر حمل قرار پائے گا۔

(۶۱۷) **اولاد نرینہ کا مجرب عمل**

جس کے صرف لڑکیاں ہوتی ہوں لڑکا نہ ہو، ان آیات کو ہر فرض نماز کے بعد متصلاً پڑھیں اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار یا ۳۔۳ بار آیات یہ ہیں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم صل علیٰ سیدنا محمد و الہ رب

ھب لی من لدنک ذریۃ طیبۃ انک سمیع الدعاء رب لا تذرنی فردا

وانت خیر الوارثین ٥ لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظالمین
واتوب الیہ ٥ اور بعد وضو چار رکعت نماز نفل پڑھ کر حضور سرور کونین صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم کی روح پاک کو ثواب بخشا جائے ہر وقت کی نماز سے پہلے اور
بہتر یہ ہے کہ پہلی رکعت میں بعد فاتحہ آمَنَ الرَّسُوْلُ دوسری رکعت میں
آیۃ الکرسی اور آخری دو رکعتوں میں سورۂ کافرون ایک بار۔ قل ھو اللہ شریف
۳ بار اور ہر رکعت میں بعد قرارت ربنا انزل علینا مائدۃ الآیہ اور اوپر کی
تینوں مذکورہ آیتیں بھی پڑھیں اور تہجد کے وقت بھی اسی طرح کریں۔ اور اعلیٰ
حضرت عظیم البرکت قدس سرہٗ نے فرمایا کہ فقیر کا عمل یہ ہے کہ نماز فرض میں
تیسری چوتھی رکعت میں ان تینوں آیتوں کو پڑھ لیتا ہوں اور یہ عمل کامیاب
ہوا اور حضرت حجۃ الاسلام قدس سرہٗ کا بھی یہی معمول تھا۔

(۶۱۸) **ایضاً**۔ یہ دعا لکھ کر موم جامہ کر کے کورے گلاس میں ڈال دیں اور اسی
سے سات دن رات دونوں میاں بیوی پانی پئیں اور ان ایام میں قربت کیے
انشاء اللہ المولیٰ فرزند ہوگا بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا اللہ الجلیل
الجبار لا الہ الا اللہ الواحد القہار لا الہ الا اللہ الکبیر المتعال لا الہ
الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہ الھا واحدا ونحن لہ مسلمون ٥ لا الہ الا اللہ
وحدہٗ لا شریک لہ الھا واحدا ونحن لہ مخلصون لا الہ الا اللہ وحدہٗ
لا شریک لہ الھا واحدا ونحن لہ عبدون لا الہ الا اللہ محمد رسول
اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلیٰ الہ وصحبہ اجمعین الطیبین
الطاھرین برحمتک یا ارحم الراحمین ٥

(۶۱۹) **ایضاً**۔ ان آیات کو لکھ کر موم جامہ کر کے کمر میں باندھے اور سات

روز انہیں کو لکھ کر دھو کر پلائے۔ ان کل نفس لما علیها حافظ ہ فلینظر الانسان مما خلق ہ خلق من ماء دافق ہ فالله خیر احافظا وھو ارحم الراحمین ہ

(۶۲۰) **معین حمل** غیر مستعمل دھاگہ عورت کے قد کے برابر لے کر تین بار اس آیت کو پڑھ کر دم کر کے ایک گرہ دے اسی طرح ۹ گرہیں لگائے اور عورت کمر میں باندھ لے سیرت به الجبال او قطعت به الارض او کلم به الموتی بل الله الامر جمیعا ہ

(۶۲۱) **معین حمل** سرخ نارہ عورت کے سر سے پیر تک ناپ کر اس پر سورۃ الم نشرح اس طرح پڑھے کہ ہر نام پاک پر ایک گرہ لگائے اور عورت اپنی کمر میں باندھ لے بلکہ اسی کو لکھ کر تعویذ بنا کر دیدے کہ وہ بھی کمر میں باندھ لے اللهم انی سمیت ما فی بطنها محمدا واسمه محمد والم نشرح ھکذا صدرك یا محمد الذی یا محمد ظهرك یا محمد ویس ہر آیت یا محمد۔ نوٹ۔ یہ عمل نام پاک کی ندا پر مشتمل ہے اور شرعًا نام پاک سے ندا جائز نہیں اس لئے یا محمد مصطفٰے پڑھے یا رسول اللہ کہے۔

(۶۲۲) **معین حمل** اول ماہ میں سعد دن و ساعت میں شیرینی پر گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر دم کرے اور غسل حیض کے بعد کھائے اور شوہر سے ملے یا دونوں شیرینی کھائیں استقرار ہو گا۔ آیت یہ ہے واذ قالت امراۃ عمران رب انی نذرت لك ما فی بطنی محررا فتقبل منی انك انت السمیع الدعاء ہ

(۶۲۳) باآسانی ولادت کیلئے مجرب ہے

سورۂ انشقت مع تسمیہ تا تخلت سفید چینی کی طشتری پر لکھ کر دھو کر پلائیں اور زیر ناف موضع نجاست سے بچا کر چھڑکے۔

حدیث شریف میں مروی ہے حَنَّۃُ وَلَدَتْ مَرْیَمُ وَمَرْیَمُ وَلَدَتْ عِیْسٰی اُخْرُجْ اَیُّھَا الْمَوْلُوْدُ بِقُدْرَۃِ اللّٰہِ اُخْرُجْ اَیُّھَا الْمَوْلُوْدُ بِقُدْرَۃِ اللّٰہِ تعالیٰ یہ کلمات طیبات پانی پردم کرکے پلائے۔ اور ان کلمات کو دردزہ والی عورت کے پاس کہے۔

(۶۲۴) سخت حالت کیلئے مجرب ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لقد کان فی قصصھم عبرۃ لاولی الالباب ما کان حدیثا یفتری ولکن تصدیق الذی بین یدیہ وتفصیل کل شیٔ وھدی ورحمۃ لقوم یومنون کانھم یوم یرون ما یوعدون لم یلبثوا الا ساعۃ من نھار بلغ فھل یھلک الا القوم الفسقون کانھم یوم یرونھا لم یلبثوا الا عشیۃ او ضحھا گڑ پر ان آیات کریمہ کو تلاوت کرکے دم کریں اور جو عورت درد کی شدت سے بے چین ہو اور زچہ پیدا نہ ہوتا ہو اسے کھلائیں یا پانی پر دم کرکے پلائیں اور تھوڑا پانی پیٹ پر چھڑکیں ان شاء اللہ تعالیٰ شدت میں کمی ہو اور باآسانی بچہ پیدا ہو۔

۷۸۶

ح ط	اس	ا ت	ب ف
ب ف	ا ت	اس	ح ط
اس	ح ط	ف ب	ا ت
ا ت	ب ف	ح ط	اس

(۶۲۵) ایضاً۔

اس نقش کو لکھ کر دھو کر پلائیں یا ہاتھ میں دیدیں یا کمر میں موم جامہ کرکے باندھ دیں۔

(۶۲۶) ایضاً۔

نقش پندرہ لکھ کر دیں کہ بائیں پیر کے نیچے رکھ لے۔

بحالت عسر شدید۔ فتیلہ چراغ منزل شریف مع موکلات جلائیں اور اسکی جا

دیکھے۔

(۶۲۷) بہت زیادہ تکلیف ہو بکرا ذبح کر کے خیرات کریں۔

(۶۲۸) برائے بخت کشادن دختران۔

پہلے سورۃ نسار لکھ کر موم جامہ کر کے لڑکی کے گلے میں پہنائیں یا اس کے اعداد کا مربع بر کر کے۔ مربع یہ ہے ←

۷۸۶

۲۱۲۱	۲۱۲۴	۲۱۲۷	۲۱۱۳
۲۱۲۶	۲۱۱۴	۲۱۲۰	۲۱۲۵
۲۱۱۵	۲۱۲۹	۲۱۲۲	۲۱۱۹
۲۱۲۳	۲۱۱۸	۲۱۱۶	۲۱۲۸

(۶۲۹) ایضاً۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا حلیم لا یعجل یا کریم لا یجھل یا ذا الجبروت یا ذا الجود والقوۃ یا ذا الرحمۃ الواسعۃ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ محمود کریم موجود وھو الغفور الودود ہ (معمولات ص ۳۸۴)

(۶۳۰) حمل نہ رہنے کا عمل۔ اگرچہ یہ عمل بے ضرورت شرعیہ نا جائز ہے مگر بعض حاجتمند حضرات کو اس کی ضرورت پڑتی ہے اس خیال سے ذکر کیا جاتا ہے اس تعویذ کو عورت کی بائیں ران میں باندھ دے استقرار نہ ہوگا اور اگر جانور کی بائیں ران میں باندھ دے تو دودھ بند ہو جائے گا۔



(۶۳۱) ایضاً۔ ان دونوں تعویذ کو لکھ کر مرد اپنے پاس رکھے انشاء اللہ استقرار نہ ہوگا۔ (معمولات ص ۳۹۵)

۹۱ ۲۴۳ ۱۲۱۱۸۸ ۱و۱۱۱۹ ۱۵۸۸ دروھ ۱۱ ر



(۶۳۲) **زیادتی شیر** تانبے کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلائے ثم قست قلوبکم من بعد ذلک فھی کا لحجارۃ او اشد قسوۃ ط وان من الحجارۃ لما یتفجر من الانھار وان منھا لما یشقق فیخرج منہ الماء ط وان منھا لما یھبط من خشیۃ اللہ ط وما اللہ بغافل عما تعملون ہ

درد، چوٹ، ورم، زخم

(۶۳۳) **درد زبان** ان اسماء کو پڑھے اور لکھ کر دھو کر زبان پر ملے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی یَاحَبِیْبُ مَنْ لَّاحَبِیْبَ لَہٗ یَاطَبِیْبُ مَنْ لَّاطَبِیْبَ لَہٗ یَامُجِیْبُ مَنْ لَّامُجِیْبَ لَہٗ یَارَحِیْمُ مَنْ لَّارَحِیْمَ لَہٗ یَارَفِیْقُ مَنْ لَّارَفِیْقَ لَہٗ یَاسَمِیْعُ مَنْ لَّاسَمِیْعَ لَہٗ یَامُغِیْثُ مَنْ لَّامُغِیْثَ لَہٗ یَادَلِیْلُ مَنْ لَّادَلِیْلَ لَہٗ یَااَنِیْسُ مَنْ لَّااَنِیْسَ لَہٗ یَاجَلِیْسُ مَنْ لَّاجَلِیْسَ لَہٗ سُبْحٰنَکَ لَآاِلٰہَ اِلَّآاَنْتَ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَامُجِیْرُ یَامُجِیْرُ یَامُجِیْرُ ہ

(۶۳۴) **کان کا درد** عجائب سے ہے اور بارہا کا تجربہ شدہ ہے فوراً درد کو سکون ہوتا ہے مھبتو بمرلراس عبارت کو لکھ کر مریض کو دے کہ اس کا دھواں کان میں پہونچائے یا پیس کر دے تاکہ کسی کو پتہ نہ چلے۔

○ **برائے درد رشتہ** جب یہ مرض ظاہر ہو تو یا علی شفا کن لکھ کر دیں کہ عمامہ میں رکھ لیں پھر بائیں ہاتھ سے بیمار کے پیر کو جہاں رشتہ ہو پکڑ کر سورۂ فلق مع بسم اللہ شریف پڑھکر دم کریں اور قلم وسیاہی سے اس کے گرد نقش بشکل پان بنائیں پھر دوسرا اس سے اوپر ہٹ کر لکھیں پھر پیر چھوڑ دیں چند قدم مریض چلے انشاء اللہ تعالیٰ چند قدم چلنے پر درد جاتا رہے گا۔

(۶۳۵) **برائے درد رشتہ** اس کو تحریر کر کے موم جامہ کر کے مریض کو دیں کہ بازو پر باندھے۔

۲۱۲۷
۳۱۳۱

(۶۳۶) **برائے حفاظت موذیات مثل سانپ، بچھو وغیرہ**

یکم محرم الحرام کو ان آیات کو لکھ کر پانی سے دھو کر سوراخوں میں ڈالدے انشاء اللہ تعالیٰ موذی جانور گزند نہ پہنچائیں گے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم افامن اھل القریٰ ان یاتیھم باسنا بیاتا وھم نائمون ہ اوامن اھل القریٰ ان یاتیھم باسنا ضحی وھم یلعبون ہ افامنوا مکر اللہ فلا یامن مکر اللہ الا القوم الخسرون ہ

(۶۳۷) **کھٹمل و مچھر و پسو** کے لئے چارپائی کے کونوں پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اس رات میں تکلیف نہ دیں گے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ازسر سر شعلہ ازسر سر شعلہ نجسیم دم صبح

(۶۳۸) **بواسیر** ۔ جلد اول میں یہ عمل قدرے تفاوت کے ساتھ مذکور

ہوا ہے حضور اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کے اصل مجموعہ شریف کی زیارت نصیب ہونے کے وقت دیکھا کہ فرمایا یا چند روز اس طرح پڑھے انشاء اللہ بواسیر دفع ہو گی اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ سُبْحٰنَ اللّٰہِ بِحَمْدِہٖ رَبِّیْ ۝

(۶۳۹) سانپ بچھو کے زہر اتارنے کا عمل

یہ عمل محترم سید حسن صاحب مدنی رضوی کا ہے۔

چاقو یا چھری پر تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھکر دم کرے اور ثواب حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح طیبہ کو پہونچائے پھر بسم اللہ شریف پڑھکر سورۂ الم نشرح انقض تک تین مرتبہ پڑھ کر چاقو پر دم کرے اور اس کی دھار سے موضع درد سے کانٹے کی جگہ تک پھرائے پھر دائرہ کھینچ دے فوراً شفا ہو گی اور مسح کرنے کے دوران بھی سورۂ مذکور کو پڑھتا رہے اور دم کرتا رہے۔

مجرب ہے۔

(۶۴۰) خفقان اور درد معدہ اور جملہ دردوں کیلئے مفید و مجرب ہے

اس نقش کو لکھ کر گلے میں پہنا دیں یا درد کی جگہ باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہو گی۔ (غمز العیون والبصائر)

نور ۷۸۶	نور	نور	نور
ش	ا	ف	ی
۸۱	۹	۳۰۱	شفا
۸	۷۸	۳	۳۰۲
۲	۳۰۳	۷	۷۹

(۶۴۱) زہر اتارنے کا نقش

کوری ٹھیکری پر یہ نقش لکھ کر پلائے ←

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

(۶۴۲) قے درد، درد شکم کیلئے

اس آیت کریمہ کو لکھکر

پلائے بسم اللہ الرحمن الرحیم اولم یر الانسان انا خلقناہ من نطفۃ فاذا ھو خصیم مبین ٥

(۴۴۳) چوہوں کے بھگانیکا تعویذ

۷۸۶

مو	ص	ع	بد
ط	و	مد	ن
ز	د	ا	بر
ی	ب	ح	ط

مم ۱۲۳۶۱ اھ صالا بس سوا بجی

اشہد ان لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

اس نقش کو لکھ کر گھر میں چسپاں کر دیں ←

(۴۴۴) **ایضاً۔** اس نقش کو روٹی پر لکھ کر گھر میں لٹکا دیں چوہے بھاگ جائیں گے ←

یہ دونوں عمل معمولات سے منقول ہیں۔

(۴۴۵) شیر سے پناہ کا عمل

عمل الیوم واللیلہ میں مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ جب تم ایسے جنگل میں ہو جہاں شیر کا خوف ہو تو یوں کہہ اَعُوْذُ بِدَانِیَالَ وَبِالْجُبِّ مِنْ شَرِّ الْاَسَدِ یعنی میں پناہ لیتا ہوں حضرت دانیال علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ان کے کوئیں کے شیر کے شر سے۔

(۴۴۵) امام دمیری نے سانپ کا زہر اتارنے کی دعا تحریر کی اور اسے فوائد مجربہ نافعہ سے بتایا ہے سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ وَعَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ نُوْحٌ نُوْحٌ نُوْحٌ قَالَ لَکُمْ نُوْحٌ مَنْ ذَکَرَنِیْ فَلَا تَلْدَغُوْہُ یعنی سلام ہو نوح پر جہان والوں میں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رسولوں میں نوح نوح نوح تم سے حضرت نوح علیہ السلام نے فرمادیا تھا کہ جو میری یاد کرے اسے نہ کاٹنا۔

(۴۴۶) بچھو سے پناہ

افضل التابعین سیدنا سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ جو شام کے وقت

کہے سَلٰمٌ عَلٰی نُوحٍ فِی الْعٰلَمِینَ اسے بچھّو نہ کاٹے گا۔ اور دن میں کہے تو دن کو بھی نہ کاٹے گا اور بہتر ہے کہ صبح و شام پڑھ لیا کرے۔

۴۴۷ گھن نہ لگنے کا عمل

امام دمیری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سے منقول ہے کہ ایک پرچہ میں مدینہ طیّبہ کے ساتوں فقہائے کرام کے اسمائے طیّبہ لکھ کر گیہوں میں رکھ دیا جائے تو جب تک وہ پرچہ رہے گا گیہوں کو گھن نہ لگے گا۔ ان کے اسمائے طیبہ یہ ہیں۔ عُبَیدُاللہ، عُروَہ، قاسمؒ، سعیدؒ، ابوبکرؒ، سلیمٰنؒ، خارجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

۴۴۸ شیر اور مچھّر سے نجات کا عمل

حضرت مولانا جامی قدس سرّہٗ نے نفحات الانس میں فرمایا ہے کہ جس پر شیر جھپٹا ہو وہ حضرت علی بن ہیتی کا نام مبارک لے شیر واپس جائے گا اور جہاں مچھّر بکثرت ہوں آپ کا نام لیا جائے مچھّر دفع ہو جائیں گے باذن اللہ تعالیٰ یہ حضرت علی بن ہیتی حضور رسیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خادموں میں سے ہیں حضور کے بعد قطب ہوئے ۵۶۴ھ میں وصال ہوا رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ

جاڑا بخار

۴۴۹ برائے بخار

۷۸۶

ی	د	ا	ھ
۵	۱	۴	۱۰
۴	۱۰	۵۰	۱
۱	۵	۱۰	۴

اس نقش کو لکھ ایک داہنے ہاتھ میں باندھے اور دوسرا بائیں پھر اگر بخار نہ اترے تو چند گھنٹوں کے بعد داہنے ہاتھ

والا بائیں میں اور بائیں والا داہنے میں بکرمہ تعالیٰ جلد دفع ہوگا۔

(۶۵۰) ہر قسم کے بخار کیلئے پیپل کے پتے پر لکھکر

شیع اللہ

مریض کو دے کہ زبان سے چاٹے پھر اس پتے کو کنوئیں میں ڈالدے۔

(۶۵۱) بخار کے آثار کا عمل ایک لکڑی گز بھر کی لیکر مریض کو اپنے سامنے بٹھالے اور اس کریمہ کو تین تین مرتبہ اس کے چاروں طرف پڑھ کر دم کرے اور ہر مرتبہ لکڑی سے زمین پر مارے باذنہ تعالیٰ بخار دور ہو جائے گا کریمہ یہ ہے ذٰلك تخفيف من ربكم ورحمة فمن اعتدیٰ بعد ذٰلك فله عذابٌ اليم ہ

(۶۵۲) جمیع امراض خصوصًا بخار کیلئے مجرب ہے غنیۃ الطالبین میں سیدنا امام بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ اس دعا کو لکھ کر گلے میں ڈالدیں ہر مرض اور بخار دفع ہوگا بسم اللہ الرحمن الرحیم وبا للہ محمد رسول اللہ یانار کونی بردًا وسلٰمًا علیٰ ابراهیم وارادوا به کیدا فجعلنٰهم الاخسرین اللھم رب جبرئیل ومیکائیل اشف صاحب (صاحبة) هٰذالکتاب بحولك وقوتك وجبروتك یاارحم الراحمین ہ

(۶۵۳) برائے بخار اس آیت کریمہ کو لکھ کر گلے میں باندھیں بسم اللہ الرحمن الرحیم وبالحق انزلناہ وبالحق نزل وماارسلنٰك الامبشرا ونذیرا ہ انشاءاللہ ضرور صحت ہوگی۔

(۶۵۴) برائے بخار و محافظ بدن

۷۸۶

۱۹	یا طمائیل خواجہ عبدالرحیم	۷
یا اسکفیل خواجہ عبدالعزیز ۱۸	کھیعص ۲۰	یا جبرئیل خواجہ عبدالجلیل
۲۳	یا دردائیل خواجہ ۱۹ عبدالکریم	۲۱

بطریقِ مصریان اس مثلث کو ہر کام کیلئے اور بیماری اور حفاظت بدن و بخار کے لئے مجرب ہے واللہ المجیب

(۶۵۵) برائے بخار چار نقش

۷۸۶

۶۴	۶۷	۷۰	۵۷
۶۹	۵۸	۶۳	۶۸
۵۹	۷۲	۶۵	۶۲
۶۶	۶۱	۶۰	۷۱

لکھکر دے ایک گلے میں باندھیں اور ایک تازہ پانی سے دھو کر پلائیں اور ایک نقش کا فتیلہ بنا کر آفتاب نکلنے سے پہلے مریض کے پاس جلا کر رکھدیں اور دوسرا صبح کے وقت۔

(۶۵۶) تپ و لرزہ

تین فتیلہ لکھے اور ہر فتیلہ پر یہ عبارت اوپر رہے یا قہار قہر قہر اعظیما علیٰ ھٰذہ الشیاطین دفع شود بتعجل الساعۃ اس کے نیچے یہ نقش لکھے لیکن از خانہ آتش شروع کرے یعنی گیارہ سے اور ختم دو پر کرے پھر اس کو اس طرح لپیٹے کہ عبارت اوپر رہے اور اس کے اوپر اور نیلا دھاگہ بایں طور لپیٹے کہ کاغذ ظاہر نہ ہو جب لرزہ آنے کا وقت ہو تو اسے جلائیں اور مریض اس کے دھوئیں کو پورے بدن پر پہونچائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لرزہ جاتا رہے گا

۷۸۶

۳	۱۱	۶
۹	۷	[illegible]
۸	۲	۱۰

(۶۵۷) ایضاً

ان کلمات کو لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں روز اول فسعًا روز دوم فسعًا روز سوم فسعنسًا۔ کذا فی المجموعۃ

درد سر، طاعون، وبا وغیرہ

(۶۶۸) **دردِ شقیقہ** ۔ آیتِ کریمہ فمن کان منکم مریضًا او بہ اذی من راسہ ففدیۃ من صیام او صدقۃ او نسک اس نقش کے چاروں جانب لکھ کر درد کی جگہ باندھ دیں صحت ہو گی بہتر ہے کہ موم جامہ کر کے استعمال میں لائیں تاکہ بیت الخلاء وغیرہ ناپاک جگہوں میں جانے میں دشواری نہ رہے ←



(۶۶۹) **درد سر** اس نقش کو لکھ کر موضع درد پر باندھ دیں اور انار شیریں ۱/۲ پاؤ لیکر حضور سیدنا غوث الثقلین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نذر دلائیں مجرب ہے

۷۸۶

حفیظ ۸	جلیل ۱	رقیب ۶
وکیل ۳	سلام ۵	کبیر ۷
والی ۴	حی ۹	متعالی ۲

نوٹ :۔ اعداد چال بتانے کے لئے ہیں۔

(۶۷۰) **درد نیم سر** آیت الکرسی اور چہار قل اور آیت ولو ان سیرت بہ الجبال او قطعت بہ الارض او کلم بہ الموتیٰ بل للہ الامر جمیعا پڑھ کر دم کرے شفا ہو گی۔

(۶۷۱) **درد سر** ۔ حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام پاک کو درد والے کی پیشانی پر لکھے درد ختم ہو جائے گا۔

(۶۷۲) **ایضًا** ۔ سورۃ الھکم التکاثر بعد نماز عصر کے پڑھ کر دم کرے۔

(۶۷۳) **برائے دردسر** ۔ یہ نقش لکھ کر درد کی جگہ باندھے ۔

اغفا ۱۱ ۱۱ ۱۱۱عصر ۵ ۹ ۱

ع ــــ لا (اللہ) ــــ محمد ع ــــ لا ــــ و

(۶۷۴) **عمل خاص برائے وبا وطاعون** روزآنہ بلاناغہ ہر صبح و شام اور سوتے وقت


ایک ایک بار آیۃ الکرسی شریف اور تین تین بار تینوں قل پڑھے علاوہ ازیں پانچوں وقت نماز فرض کے بعد ایک ایک بار آیۃ الکرسی شریف پڑھیں ظہر ومغرب وعشاء میں سنتوں کے بعد۔ عورتوں کو جن ایام میں نماز کا حکم نہیں انھیں پڑھنا منع ہے۔ سوتے وقت تینوں قل اس ترکیب سے پڑھیں کہ لیٹ کر ہر دو کف دست دعا کی طرح پھیلا کر ایک بار تینوں قل پڑھ کر ہر دو کف دست پر دم کر کے سر مونھ سینہ آگے پیچھے جہاں تک ہاتھ پہونچے پھیر لیں۔ اسی طرح دوبارہ اور سہ بارہ کریں۔ جو بچے خود پڑھنے کے قابل نہ ہوں ان کے والدین پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے تمام جسم پر پھیر دیں سبحٰن اللہ وبحمدہ ولا قوۃ الا باللہ ماشاء اللہ کان ومالم یشاء لم یکن واعلم ان اللہ علیٰ کل شیٍٔ قدیر وان اللہ قد احاط بکل شیٍٔ علما اعوذ بکلمٰت اللہ التامات من شر ما خلق ٥ ایک بار اور یہ دعا تین بار بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شی فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم ٥ اور یہ دعا عورتیں ایام ناپاکی میں پڑھ سکتی ہیں اور اگر یہ دعائیں ہمیشہ پڑھی جائیں تو ہمیشہ انشاء اللہ تعالیٰ ہر بلا سے امان میں رہیں ہر مکان میں روزانہ ایکبار سورۃ تغابن شریف بلند آواز سے پڑھی

جائے اور سب لوگ سنیں بعد تلاوت پانی پر دم کر کے سب کو پلائیں اور ہر محلہ میں ایک ایک بھیڑ یا بکری ذبح کر کے محتاجوں کو تقسیم کریں اور ہر استطاعت والا دس سیر گیہوں اور پانچ آنے پیسے اور متوسط الحال پانچ سیر گیہوں اور دس پیسے اور کم استطاعت والا سیر بھر گیہوں اور دو پیسے خیرات کریں۔ پرانے پاک کپڑے میں ہر ایک بازو پر وبا والا تعویذ باندھ لے اور کسی بیماری طاعون اور یا آفت زدہ یا کسی مریض کو دیکھے تو وہ دعا پڑھے جو اس کے واسطے ہے انشاء اللہ تعالیٰ وہ بلا اس کو عمر بھر نہ ہو گی۔

نوٹ:۔ موجودہ دور کے لحاظ سے خیرات کرنے کی مقدار بڑھا سکتے ہیں خصوصاً پیسوں کی مقدار۔ وبا والے تعویذ سے مراد جلد اول میں ۳۰۲ کا تعویذ ہے۔

(۴۷۵) **جمیع امراض** کے لئے

لکھ کر باندھیں ←



امراض چشم

(۴۷۶) **روشنی چشم**۔ بعد نماز شام دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت

یں سورۂ فاتحہ واخلاص ومعوذتین پڑھے بعد سلام سجدہ میں سر رکھکر
تین یا پانچ یا سات بار کہے مَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ اس کے بعد سر اٹھا کر تین یا پانچ
یا سات بار کہے یَا قَرِیْبُ یَا مُجِیْبُ یَا سَمِیْعَ الدُّعَاءِ یَا لَطِیْفُ لِّمَنْ یَّشَاءُ
اَحْفِظْ عَلَیَّ بَصَرِیْ وَبَصَرِّ لِیْ بِالْبَصَرِ ہ اور دسوں انگلیوں کے پوروں پر
دم کر کے دونوں آنکھوں سے لگائے اور کہے الٰہی روشنائی چشم برماو برجملہ
مسلمانان نگاہ دار بکمال کرمہ وفضلہ۔

(۶۷۷) برائے روشنی چشم سیدالاولیاء سے منقول ہے کہ کہیعص
حم عسق تین بار پڑھے اور ہر حرف
کہنے کے وقت انگلیاں باندھ لے پھر دم کر کے آنکھوں پر لگائے۔ صحت
کلی ہو گی۔

(۶۷۸) ایضاً۔ ضعف بصر و زیادتی روشنی کے لئے لا الٰہ الا ھو الحی القیوم
گیارہ بار پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے آنکھوں پر ملے پھر الٓمٓ اللہ لا الٰہ
